

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پاکستان سے
زرتعاون سالانہ 9 سوروپئے انڈین
غیرممالک سے
سالانہ زرتعاون 12 سوروپئے انڈین
لائف ممبری ہندوستان میں
7ہزارروپئے
لائف ممبری پاکستان میں
15ہزارروپئے انڈین
لائف ممبری غیرممالک سے
25ہزارروپئے انڈین

ماہنامہ

طلسماتی دنیا

دیوبند

جلد نمبر ۱۷
شمارہ نمبر ۸
اگست ۲۰۱۰ء
سالانہ زرتعاون ۲۴۰ روپئے سادہ ڈاک سے
۴۳۰ روپے رجسٹرڈ ڈاک سے
فی شمارہ ۲۰ روپے

دل میں تو ضعف عقیدت کو کبھی راہ نہ دے
کوئی کچھ دے نہیں سکتا اگر اللہ نہ دے

یہ رسالہ دین حق کا ترجمان ہے۔ یہ کسی ایک مسلک کی وکالت نہیں کرتا۔

ایڈیٹر
حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند
موبائل 09358002992

پوسٹنگ منیجر:
ابوسفیان عثمانی
موبائل 09756726786

آفس ہاشمی روحانی مرکز
فون 09359882674
فیکس (01336) 224748

انتباہ

طلسماتی دنیا سے متعلق متنازعہ امور میں مقدمہ کی سماعت کا حق صرف دیوبند ہی کی عدالت کو ہوگا۔

(منیجر)

کمپوزنگ:
(عمرالٰہی، راشد قیصر)
ہاشمی کمپیوٹر
محلہ ابوالمعالی، دیوبند
فون 09359882674

اطلاع عام

اس رسالہ میں جو کچھ بھی شائع ہوتا ہے وہ ہاشمی روحانی مرکز کی دریافت ہے اس کے کسی کلی یا جزوی مضمون کو شائع کرنے سے پہلے ہاشمی روحانی مرکز سے اجازت لینا ضروری ہے، اس رسالے میں جو تحریریں ایڈیٹر سے منسوب ہیں وہ 'ماہنامہ طلسماتی دنیا' کی ملک ہیں اس کے کل یا جز کو چھاپنے سے پہلے ایڈیٹر سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے، خلاف ورزی کرنیوالے کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ (منیجر)

بینک ڈرافٹ صرف
"TILISMATI DUNYA"
کے نام سے بھیجیں

پتہ: ہاشمی روحانی مرکز
محلہ ابوالمعالی دیوبند 247554

TILISMATI DUNYA (Monthly)
HASHMI ROOHANI MARKAZ
MOHALLA, ABUL MALI DEOBAND 247554

ہم اور ہمارا ادارہ
مجرمین قانون اور ملک کے غداروں سے اعلان بے زاری کرتے ہیں

پرنٹر پبلشر زینب ناہید عثمانی نے شعیب آفسیٹ پریس، دہلی سے چھپوا کر ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند سے شائع کیا۔
Printer Publisher Zenab Naheed Usmani Shoaib Offset Press Delhi
Hashmi Roohani Markaz, Abul Mali, Deoband (U. P.)

Scanned by CamScanner

کیا اور کہاں

- اداریہ ۵
- مختلف پھولوں کی خوشبو ۶
- علاج بالقرآن ۱۱
- ذرا سوچیے ۱۲
- اسماء رحمۃ للعالمین ۱۳
- روحانی ڈاک ۱۷
- اعداد کی دنیا ۲۵
- مخزن العجائب ۲۷
- عملیات حروف صوامت ۳۳
- کرشمات جفر ۳۵
- اعلامیہ-۲۱ ۳۶
- معجزہ شعبدہ اور سحر ۳۷
- ہفتے کے سات موکلوں کے تسخیر ۴۳
- نومسلموں کی کہانی نومسلموں کی زبانی ۴۹
- علاج بذریعہ صدقات ۵۳
- جنات کی رہائش گاہ ۵۵
- اذان بتکدہ ۵۹
- انسان اور شیطان کی کشمکش ۶۵
- مجموعہ اسم اعظم ۷۱
- ۲۰۱۰ء کے بہترین اوقات ۷۵
- نظرات ۷۶
- عاملین کی سہولت کے لئے ۷۷
- شرف قمر وغیرہ ۷۸
- تثلیث قمر وزحل وغیرہ ۷۹
- خبرنامہ ۸۱
- آخری صفحہ ۸۲

Scanned by CamScanner

مقالہ خاص

خیر خواہی کا مہینہ

حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک بار پھر ماہ رمضان المبارک ہمارے سروں پر سایہ فگن ہونے والا ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے کہ جس کی آمد کا انتظار فرشتوں کو بھی رہتا ہے۔ اس مہینے کی رحمتوں اور برکتوں سے پوری کائنات مستفیض ہوتی ہے۔ اس مہینے کی بے شمار خصوصیات ہیں ان ہی میں سے ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ رمضان المبارک کی ہر رات میں آسمان کے کناروں پر ایک منادی کرنے والا منادی کرتا ہے کہ اے خیر کے طالب آگے بڑھو اور ایک دوسرے کے ساتھ خیر خواہی کرو، اور اللہ کی رحمتوں اور رزق کی برکتوں کو اپنے دامن میں سمیٹ لو۔ ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ اس کی مغفرت کردی جائے۔ ہے کوئی رزق مانگنے والا کہ اس کی روزی میں وسعت پیدا کردی جائے۔ ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کرلی جائے۔ سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ ماہ رمضان کی ہر رات میں اللہ تعالیٰ ساٹھ ہزار گناہگاروں کو دوزخ سے رہائی نصیب فرماتا ہے۔ اس حساب سے رمضان کے مہینے میں اٹھارہ لاکھ گناہگاروں کی بخشش کردی جاتی ہے۔ حدیث پاک کی رو سے رمضان مبارک کا پہلا عشرہ رحمت کا عشرہ ہے، دوسرا عشرہ مغفرت کا عشرہ ہے اور تیسرا عشرہ عذاب دوزخ سے نجات کا عشرہ ہے۔

رمضان المبارک کی کچھ خصوصیتیں یہ ہیں: اس مہینے میں رزق فراخ کردیا جاتا ہے۔ غریبوں کے دسترخوان پر بھی نعمتوں کے انبار لگ جاتے ہیں۔ روزی میں خیر و برکت ہوتی ہے۔ اس ماہ میں کھانا بھی عبادت کے درجے میں آجاتا ہے۔ ہر عمل پر ستر گنا ثواب ملتا ہے۔ آسمان سے فرشتے ہر رات روزے داروں کی بخشش کے لئے اترتے ہیں۔ سرکش شیاطین کو قید کردیا جاتا ہے۔ رحمتوں کے دروازے سب کے لئے کھول دیئے جاتے ہیں۔ جنت کے دروازوں کو بھی کھول دیا جاتا ہے اور دوزخ کے دروازوں کو بند کردیا جاتا ہے۔ ہر رات ساٹھ ہزار گناہگاروں کی مغفرت کا فیصلہ ہوتا ہے اور انہیں عذاب دوزخ سے رہائی نصیب ہوتی ہے اور شب جمعہ کو چار لاکھ بیس ہزار گناہگاروں کی بخشش کردی جاتی ہے۔ ماہ مبارک کی آخری ساعتوں میں روزے داروں کے تمام گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ اس ماہ ہر رات جنت کو آراستہ کیا جاتا ہے۔ اس ماہ روزے داروں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور ان کی تمام حاجتوں کو پورا کرنے کے فیصلے ہوتے ہیں۔ روزے داروں کی روحوں کی تطہیر ہوتی ہے، جو عمر بھر کی عبادتوں سے بھی حاصل نہیں ہوتی۔ رمضان المبارک میں جو فرائض ادا کئے جاتے ہیں ان پر ستر گنا اجر حاصل ہوتا ہے اور اس ماہ میں جو نفل ادا کئے جاتے ہیں وہ عام دنوں کے فرضوں کے برابر درجہ رکھتے ہیں۔ یہ مہینہ صرف اللہ کی عبادت کا مہینہ نہیں ہے بلکہ یہ مہینہ اللہ کے بندوں کی خدمت کرنے کا بھی مہینہ ہے۔ اس مہینے کو ایک دوسرے کی خیر خواہی کا مہینہ بھی قرار دیا گیا ہے۔ اس مہینے میں کسی ایک انسان کی مدد کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مدد کرنے والے نے اللہ کے ستر بندوں کی مدد کی۔ اس مہینے میں کسی ایک انسان کو کھانا کھلانے پر اتنا ثواب ملتا ہے جتنا ستر بھوکوں کو کھانا کھلانے پر عطا ہوتا ہے۔ اس مہینے میں اللہ کی عبادت کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ کے بندوں کی خدمت کا بھی اہتمام ہونا چاہئے اور ضرورت مندوں کی مدد زکوٰۃ، صدقات اور دیگر طریقوں سے کرنی چاہئے۔ یہ مہینہ آخرت کے اکاؤنٹ میں زیادہ سے زیادہ نیکیوں کی دولت جمع کرنے کا مہینہ ہے۔ خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس مہینے میں اپنے رب کو راضی کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ اس مہینے میں اپنے اہل خانہ کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا چاہئے، ان کی بشری کمزوریوں کو نظر انداز کرنا چاہئے، اپنے ملازمین سے کام کا بوجھ کم کردینا چاہئے، اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرنی چاہئے اور اللہ کے تمام بندوں کے ساتھ بلا تفریق مذہب وملت محبت اور شفقت کا معاملہ کرنا چاہئے۔ ماہِ مبارک میں نیکیاں کرنے کے ساتھ ساتھ گناہوں اور خطاؤں سے بچنے کی مشق کرنی چاہئے اور یہ یقین رکھنا چاہئے کہ جس کا رمضان قبول ہوجاتا ہے اس کی زندگی سدھر جاتی ہے اور وہ شخص اللہ کے برگزیدہ بندوں میں شامل ہوجاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

مختلف پھول

جنت الفردوس

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنت کس چیز سے بنی ہے۔؟اس کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ۔

ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک چاندی کی ہے۔ اس کا مسالہ (جس سے اینٹیں جوڑی گئی ہیں) تیز خوشبودار مشک ہے، اس کی کنکریاں موتی اور یاقوت ہیں، اس کی مٹی زعفران ہے۔ جو شخص جنت میں داخل ہوگا وہ ہمیشہ نعمت میں رہے گا اور کبھی کسی چیز کا محتاج نہیں ہوگا، ہمیشہ زندہ رہے گا اور اسے موت نہ آئے گی، نہ جنتیوں کے کپڑے بوسیدہ ہوں گے نہ ان کی جوانی فنا ہوگی۔

انمول موتی

□ پرندے اپنے پاؤں کے باعث جال میں پھنستے ہیں اور انسان اپنی زبان کے باعث۔ خدا ہر بندے کو رزق دیتا ہے مگر اس کے گھونسلے میں نہیں۔

□ غم کا پتہ صرف آنسوؤں کے گرنے سے تھوڑی چلتا ہے، آنسو تو چھوٹی سی خوشی پر بھی نکل جاتے ہیں۔

□ بڑھاپا ایک ایسا مکان ہے جس کی ساری کھڑکیاں ماضی کی طرف کھلتی ہیں۔

□ گمشدہ چیز وہیں ملے گی جہاں کھوئی تھی سوائے محبت کے۔

□ دنیا کی ویران ترین جگہ ریگستان صحرا یا بیابان نہیں بلکہ وہ دل ہے جس میں محبت کا شجر نہیں اُگتا۔

□ زندگی کے رنگ محل میں محبت کا رنگ نہ ہو تو یہ ویران پڑا رہتا ہے۔

اچھی باتیں

□ سقراط اپنے شاگردوں کو نصیحت کیا کرتا کہ تم کتابوں کی باتیں نہ بیان کیا کرو بلکہ اپنے نفس کی اصلی باتیں اور حرکات بیان کیا کرو۔

□ نیک انسان کو زندگی میں یا موت کے بعد کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔

□ سقراط سے دریافت کیا گیا ہے کہ تجھے کبھی رنجیدہ یا غمگین نہیں دیکھا، اس نے کہا کہ میں اپنے پاس کوئی چیز نہیں رکھتا، جس کے تلف ہونے کا مجھے غم ہو۔

□ دوستی کی شیرینی کو ایک دفعہ کی رنجش کی یاد ہمیشہ زہر آلود کرتی رہتی ہے۔

□ تحریر ایک خاموش آواز ہے اور قلم ہاتھ کی زبان ہے۔

□ کامل انسان وہ ہے جس سے اس کے مخالف بھی بے خوف ہوں نہ کہ وہ جس سے اس کے دوست بھی خائف ہوں۔

□ خوبصورتی چند روزہ حکومت ہے۔

□ جس شخص کو تیرا دل برا خیال کرے اس سے بچتا رہ۔

□ اگر ہم اپنی مصیبتوں کا تبادلہ کر سکتے ہیں تو ہر شخص اپنی پہلی ہی مصیبت کو غنیمت جانتا۔

□ زندگی کا وقفہ نہایت قلیل ہے لیکن اگر مصیبت ہو تو یہ کافی طویل ہے۔

اقوال زرّیں

□ اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے والے لوگ ناکام نہیں ہوتے۔

کی خوشبو

گل چیں
نازیہ مریم ہاشمی

□ دنیا میں کامیابی چاہتے ہو تو ماں باپ کی خدمت کرو۔

□ سچ بات کرنے والے کبھی گمراہ نہیں ہوتے۔

□ نیکی کرنے کا موقع ایک مرتبہ اور برائی کرنے کا موقع سو مرتبہ ملتا ہے۔

□ کمزور شخص تمہاری بے عزتی کرے تو اسے معاف کر دو۔

مہکتی کلیاں

□ بلندیوں کو دیکھ کر مت گھبراؤ کیونکہ یہی ایک دن تمہارے کارناموں کی وجہ سے تمہارے سامنے بہت حقیر نظر آئیں گی۔

□ ہمیں غموں کو اپنا ساتھی بنانا چاہئے کیونکہ کسی بھی سچی خوشی کے حصول کے لئے غم بہت بڑا سہارا ہوتے ہیں۔

□ زندگی میں اکثر مقامات پر ہمیں کانٹے ملتے ہیں مگر ان کی چبھن کو برداشت کرنا ہی پڑتا ہے۔ صرف یہ سوچ کر کہ کانٹوں کے ساتھ ساتھ پھول بھی جنم لیتے ہیں۔

سنہری باتیں

(۱) علم وہ ہے جو تمہیں عمل صالح پر آمادہ کرے۔

(۲) کسی اعلیٰ رتبے کو حاصل کرنے کے لئے ان تھک محنت ضروری ہے۔

(۳) جو شخص اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہے وہ رحمت الٰہی کا کیونکر امیدوار ہو سکتا ہے۔

(۴) اگر بندہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اللہ اسے [illegible] کرتا ہے۔

(۵) دنیا میں کسی سے دشمنی نہ کرو کیونکہ اس سے زیادہ سخت شے اور کوئی نہیں ہے۔

(۶) زیادہ کھانے سے نفس قوی ہوتا ہے اور عبادت الٰہی میں کمی واقع ہوتی ہے۔

(۷) دنیا خواب ہے اور آخرت بیداری۔

(۸) کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے تو نقصان بھی مت پہنچاؤ۔

(۹) جو آنکھ کو حرام سے بچاتا ہے اس کی آنکھ کو کبھی صدمہ نہ پہنچے گا۔

(۱۰) انجام کی خرابی ابتدا کی برائی سے ہوتی ہے۔ لہٰذا ابتدا کو اچھا بنا۔

(۱۱) اعتماد ہی زندگی کی متحرک قوت ہے۔

(۱۲) جسے خدا ذلیل کرنا چاہے وہ دولت کی تلاش میں لگ جاتا ہے۔

زاویہ نگاہ

ماں جیسی ہستی دنیا میں کہاں

□ ماں کا پیار سب سے خوبصورت اور بہترین ہے۔
(چارلس ڈکنز)

□ ماں کا پیار کسی کو بتانے اور سکھانے کا نہیں۔ (حضرت لقمان)

□ اس بات سے ہمیشہ ڈرو کہ ماں نفرت یا بددعا کے لئے ہاتھ اٹھائے۔ (بوعلی سینا)

□ ایک عورت کی تعلیم کنبے کی تعلیم ہے، اور مرد کی ایک فرد کی تعلیم ہے۔ (نپولین بوناپارٹ)

□ دنیا کی سب سے عظیم ہستی ماں اور صرف ماں ہے۔ (محمد علی جناح)

□ آپ مجھے اچھی مائیں دیں، میں آپ کو اچھی قوم دوں گا۔
(شیکسپیئر)

Scanned by CamScanner

□ بچے کے لئے سب سے اچھی جگہ ماں کا دل ہے۔ خواہ بچے کی عمر کتنی ہی کیوں نہ ہو۔ (وٹسن)

□ ماں اور پھول میں مجھے کوئی فرق نظر نہیں آتا۔ (نادر شاہ)

□ باپ بے اعتنائی کر سکتا ہے، بھائی دشمن بن سکتا ہے، زن وشوہر میں عداوت پیدا ہو سکتی ہے، دوستی دشمنی میں تبدیل ہو سکتی ہے مگر ماں کی محبت میں کبھی فتور نہیں پڑ سکتا۔ (اروِنگ)

شمع فروزاں

□ دو چیزوں کو کبھی نہ ٹھکراؤ تحفہ، دعوت۔

□ انسان کو اپنے دشمن سے زیادہ دوست سے ڈرنا چاہئے کیونکہ وہ اگر دشمن ہو گیا تو اس کے پاس کہنے کو اتنا کچھ ہوگا کہ تمہارا دشمن تو ان میں سے کچھ بھی نہیں جانتا ہوگا۔

□ عقل مند وہ ہے جو ہر کام میں میانہ روی اختیار کرے۔

□ احترام آدمی ہی اصل آدمیت ہے۔

□ ہنر انسان کا سب سے بڑا دوست ہے۔

□ شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ والدین کی نافرمانی ہے۔

□ دانا وہ ہے جو کم بولے اور زیادہ سنے۔

□ معافی نہایت اچھا انتقام ہے۔

□ وقت کی قدر کرو یہ واپس نہیں لوٹتا۔

□ دعا عبادت کی جان ہے۔

□ مردے کو دیکھ کر اپنی موت یاد کرو۔

□ دنیا مصائب کا گھر ہے۔

رنگ خیال

□ خیال رکھئے ہمیشہ ان لوگوں کا جنہوں نے آپ کی جیت کے راستے میں اپنا سب کچھ ہار دیا ہے اور یاد رکھئے اس ذات کو جس نے آپ کے لئے آپ سے بڑھ کر سوچا اور آپ کی سوچوں سے بڑھ کر نوازا۔

□ کتے اور انسان میں سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ اگر آپ ایک بھوکے کتے کو کھانا کھلا دیں تو وہ آپ کو زندگی بھر نہیں کاٹے گا۔

□ رشتے ضرورتوں سے تو نہیں پہچانے جاتے، نہ یہ ضرورتوں سے بنتے ہیں اور نہ ضرورتوں کی تکمیل سے جڑے رہتے ہیں۔

□ محبت اور خدمت نہ ہو تو ایسی کوئی ایلفی ایجاد نہیں ہوئی جو کسی رشتے کو جوڑ سکے۔

□ خیرات دیا کریں تا کہ آپ کے بچے کبھی بھیک نہ مانگیں۔

□ ہارتے وہی ہیں جو ہارنے سے ڈرتے ہیں اور جیتتے وہی ہیں جنہیں اپنی جیت کا یقین ہوتا ہے۔

انسان تین طرح کے ہیں

(:) وہ لوگ جو دنیا کی وجہ سے آخرت سے غافل ہیں یہ ہلاک و برباد ہونے والے ہیں۔

(۲) وہ لوگ جو آخرت کی وجہ سے دنیا سے غافل ہیں یہ کامیاب و بامراد ہیں۔

(۳) وہ جو دنیا و آخرت دونوں میں لگے ہیں یہ خطرے والے ہیں۔

تین آدمی تین ہی موقع پر پہچانے جاتے ہیں۔

(۱) حلیم (بردبار) غصے کے وقت۔

(۲) بہادر لڑائی کے وقت۔

(۳) دوست، غربت کے وقت۔

خوشنما نصیحتیں

□ جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے وہ کبھی بدلہ نہیں لیتا۔

□ حسد کرنے والا موت سے پہلے مر جاتا ہے۔

□ کسی پر اعتماد نہ کرو جب تک اسے غصے میں نہ دیکھ لو۔

□ موت کو یاد رکھنا نفس کی تمام بیماریوں سے شفا ہے۔

□ خوشی انسان کو اتنا نہیں سکھاتی جتنا کہ غم سکھاتا ہے۔

□ سچائی ایک ایسی دوا ہے جس کی لذت کڑوی مگر تاثیر میٹھی ہے۔

□ مخلص کی تعریف یہ ہے کہ وہ آپ کے ساتھ اپنے آپ سے زیادہ مہربان ہو۔

□ زندگی کے جواز تلاش نہیں کئے جاتے صرف زندہ رہا جاتا ہے۔

نصیحت آمیز

□ عزت کے موتی پر اگر ایک بار میل آجائے تو ہزاروں دریا بھی اسے دھو نہیں سکتے۔

Scanned by CamScanner

□ سچی خوشی کا ایک لمحہ دکھوں کے ہزاروں لمحوں پر بھاری ہوتا ہے۔

□ لوہے کا کلہاڑا لکڑی کے جنگل سے ایک پھل کا تنکا نہیں اتار سکتا جب تک اس کے ساتھ لکڑی کا دستہ نہ ہو۔

□ غیرت اور خودداری کھو دینے کے بعد انسان کے پاس کچھ باقی نہیں رہتا۔

□ دل اور اعتماد کانچ کی طرح ہوتے ہیں جو ٹوٹنے کے بعد جڑ نہیں سکتے۔

□ اپنے آپ کو بہتے پانی کی طرح بناؤ جو اپنا راستہ خود بناتا ہے۔

بیٹیاں

بیٹیاں پھول کی مانند ہوتی ہیں، جو اپنے والدین کے آنگن میں جنم لیتی ہیں، جس طرح پھول فرحت تازگی اور سکون کا باعث بنتا ہے، اسی طرح بیٹیاں بھی والدین کی آنکھوں کا تارا بن کر ان کے لئے سکون وراحت کا سبب بنتی ہیں، جس طرح پھول خوشبو بکھیرتا ہے اسی طرح بیٹیاں بھی پیار ومحبت نچھاور کرتی ہیں اور پھر ایک دن جس طرح پھول اپنی شاخ سے الگ ہوجاتا ہے اسی طرح بیٹیاں بھی اپنے بابل کا آنگن تم واد اسی کے ساتھ چھوڑ کر اور دوسرے آنگن میں اتر کر خوشبوؤں کی پھواریں برسا کر اس آنگن کو ننھی منی کلیوں سے سجاتی ہیں۔

بکھرے ذرے

□ دعا اگر مستجاب ہوجائے تو سفارش بھی ناکام ہوجاتی ہے۔

□ دعا پائیدار اور مستقل ذریعہ کامیابی ہے اور سفارش کمزور اور وقتی۔

□ دلی دعا ہر دکھی شخص کی مستجاب ہوتی ہے، جب کہ سفارش بر سر اقتدار کی۔

□ ہر انسان کا وقار اس کا ظرف ہے۔

□ پریشانی کے وقت میں عبادت سکون اور عوام الناس کی گفتگو تکلیف دیتی ہے۔

□ رب کے پاس ہی پریشانی، دکھ ومسائل کا حل ہے، عزیز واقربا تو صرف کمزور لمحات کی تلاش میں ہوتے ہیں۔

مختصرات

□ تمام دنیا سے چھپ جانا ممکن ہے، لیکن خدا سے ممکن نہیں۔

□ دنیا کے دھندوں میں پھنس کر خدا کے قانون کی پاسداری کرنا حقیقی عبادت ہے۔

□ اس چیز میں دنیا بھر کے فائدے ہوں مگر خدا نہ ہو تو اس سے بچیں۔

□ جو شخص خدا اور خلق کے ساتھ اپنا معاملہ درست رکھتا ہے خدا اس کے ساتھ کبھی برا معاملہ نہیں کرتا۔

□ انسان کی سب سے بڑی ذلت یہ ہے کہ وہ کسی کو طاقت ور دیکھ کر اس کی غلامی قبول کر لے۔

□ کسی قوم کی اصلی طاقت اس کے پاکیزہ اخلاق، اس کی مضبوط سیرت، اس کے صحیح معاملات اور اس کے خیالات ہوتے ہیں۔

محبت

□ محبت کا ایک گھنٹہ سو برس کی بے محبت زندگی سے بہتر ہے۔
(شیلے)

□ محبت کے نشے میں مرد اور عورت ایک دوسرے کے کردار کا صحیح جائزہ نہیں لے سکتے۔ (گلبرٹ)

□ اگر دنیا میں ایک بھی محبت کرنے والا دل باقی نہ رہے تو آفتاب اپنی حرارت کھو بیٹھے گا۔ (ھیلر)

□ محبت ایسی چیز ہے جو ہر انسان کو مشکل ترین کاموں کے لئے مجبور کرتی ہے۔ (ٹھنی سن)

□ محبت معنی والفاظ میں لائی نہیں جاتی۔ (جگر مرادآبادی)

دانش کی باتیں

□ دشمن کے حسن سلوک پر بھروسہ مت کرو، پانی کتنا ہی گرم کیوں نہ ہو آگ کو بجھا دیتا ہے۔

□ اپنے بوڑھے ماں باپ کو جھڑکنے سے پہلے یہ دیکھ لو کہ تمہارا بیٹا تمہاری حرکت دیکھ رہا ہے۔

□ لالچی آدمی سے زیادہ کوئی دوسرا رنج برداشت نہیں کرسکتا۔

□ اگر دوستی مضبوط بنانا چاہتے ہو تو کبھی کبھی ملا کرو۔

□ دوسروں کی خوشی کی خاطر اپنی خوشی قربان کر دینا ہی انسانیت کی معراج ہے۔

□ بہتر زندگی گزارنا چاہتے ہو تو قلم کا ساتھ مت چھوڑو۔

Scanned by CamScanner

❑ بدی کا پھل فوراً اور نیکی کا دیر سے ملتا ہے۔

عورت کے عظیم روپ

عورت کیا ہے۔؟

یہ وہ لوگ نہیں سمجھ سکتے جن کے ناقص دماغ ہیں، ذرا سوچو تو کہ تمہارے وجود نے کہاں پرورش پائی۔؟ کس نے تخلیق کا دکھ اٹھا کر زندگی بخشی۔؟

❑ وہ عورت ہی تو ہے جو اگر ماں ہے تو پاؤں کے نیچے جنت لئے ہوئے ہے۔ بہن ہے تو تمہارے لئے دل میں بے شمار دعائیں لئے ہوئے ہے۔ بیٹی ہے تو تمہاری آبرو بن کر چمکنے والی اور اگر بیوی ہے تو تمہیں مجازی خدا کا رتبہ دینے والی ہے۔

❑ عورت کے وجود اور چاندی میں کوئی فرق نہیں۔ بکھر کر چھا جانیوالی اور کائنات کو روشن کر دینے والی عظیم ہستی عورت ہی ہے۔

بے نظیر باتیں

دل

❑ کسی کا دل نہ دکھاؤ، ہوسکتا ہے کہ وہی آنسو تمہارے لئے سزا بن جائیں۔

❑ انسان کو اپنا دل ایسا رکھنا چاہئے جس پر ہر دکھ اور غم کا کوئی اثر نہ ہو۔

❑ عورت کا دل جتنی نرمی سے پیار کرتا ہے اتنی ہی نرمی سے انتقام بھی لیتا ہے۔

❑ غم، احساس، محسوسات چھپانے کے لئے، دل سے بہتر کوئی جگہ اور نہیں ہے۔

❑ دل ایک عجیب دھات ہے، کبھی پتھر بن جاتا ہے اور کبھی موم۔

❑ دل کی ہزار آنکھیں ہوتی ہیں مگر یہ محبوب کے عیبوں کو نہیں دیکھ سکتا۔

❑ دنیا میں کوئی درخت ایسا نہیں جس کو ہوا نہ لگی ہو اور کوئی دل ایسا نہیں جس نے چوٹ نہ کھائی ہو۔

❑ خوابوں کی دنیا کتنی بھی حسین ہو سچائی پر مبنی نہیں ہوتی۔

❑ چوٹ کھا کر آنسو تو سب ہی بہاتے ہیں لیکن چوٹ کھا کر مسکرانا کسی کسی کو آتا ہے۔

❑ مسکراہٹ انسان کے کردار اور عظمت کی دلیل ہوتی ہے۔

❑ سب سے بڑا انسان وہ ہوتا ہے جس نے انسان کی سب سے زیادہ خدمت کی۔

❑ جس میں ادب نہیں اس میں برائیاں ہی برائیاں ہوتی ہیں۔

❑ ندی کے پانی اور آنکھ کے پانی میں صرف جذبات کا فرق ہوتا ہے۔

منتخب اشعار

برسرِ جنگ رضا آج یہ دنیا ہے مگر
ایک دن تھک کے محبت کا سہارا لے گی

❑

گلشن پرست ہوں مجھے گل ہی نہیں عزیز
کانٹوں سے بھی نباہ کئے جارہا ہوں

❑

وفا کا حسن ذہانت کا نور ہو جس میں
وہ ایک دلہن کئی نسلیں سنوار دیتی ہے

❑

حسن تدبیر سے بدلتا ہے قوموں کا نصیب
صرف ارمانوں سے تقدیریں نہیں بدلا کرتیں

❑

احساس اگر ہو تو محبت کرو محسوس
ہر بات کا اظہار نہیں لب سے ضروری

❑

وہ آدمی بھی فرشتوں سے کم نہیں جس نے
ہوس کے دور میں کردار کو سنبھالا ہے

❑

برکتیں کیسے ہوں نازل اس کے دسترخوان پر
اک نوالہ بھی کسی کو جو کھلاسکتا نہیں

❑

یاد اتنا ہے اے دوست کہ ہم دوست بھی تھے
اپنا خنجر میرے سینے سے محبت سے نکال

قسط نمبر ۱۳۳

علاج بالقرآن

حسن الہاشمی
فاضل دار العلوم دیوبند

سورۂ نبا

قرآن حکیم کی موجودہ ترتیب کے اعتبار سے سورۂ نبا قرآن حکیم کی ۷۸ ویں سورت ہے۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو نیند نہ آتی ہو اس کو چاہئے کہ ان آیات کو چاندی کے پترے پر کندہ کر کے اپنے تکیے میں رکھ لے۔ انشاء اللہ نیند نہ آنے کی شکایت دور ہو جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ○ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ○ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ○ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ○ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ○ انشاء اللہ جب تک اس تکیہ پر سر رہے گا نیند خوب آئے گی۔

● بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر بارش نہ ہو رہی ہو تو ان آیات کو لکھ کر درخت پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ کچھ گھنٹوں کے بعد رحمت کی بارش برسے گی۔

آیات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ○ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ○ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ○ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ○ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ○ ان آیات کا عددی نقش بنا کر اگر سورج کے رخ پر کسی دیوار پر چسپاں کر دیں تو اس نقش کی برکت سے بھی انشاء اللہ رحمت کی بارش برسنے لگے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۱۱	۱۲۲۵	۱۲۲۲	۱۲۱۹
۱۲۲۳	۱۲۱۸	۱۲۱۲	۱۲۲۴
۱۲۱۷	۱۲۲۰	۱۲۲۷	۱۲۱۳
۱۲۲۶	۱۲۱۴	۱۲۱۶	۱۲۲۱

اگر کوئی شخص فحش گوئی اور بدکلامی میں مبتلا ہو تو اس کو اس عیب سے نجات دلانے کے لئے سورۂ نبا کی ان آیات کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر سادے پانی سے دھو کر پلانا مفید ہے۔ ان آیات کو اگر لکھ کر گلے میں بھی ڈال دیں تو ان آیات کی برکت سے فحش گوئی اور بدکلامی سے نجات مل جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ○ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ○ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ط فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ○

اگر ان آیات کا عددی نقش مربع لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور مثلث نقش پانی میں گھول کر ایسے مریض کو پلائیں جو فحش گوئی میں مبتلا ہو تو اس سے بھی زبردست فائدہ ہوتا ہے۔ نقش عددی کو بیت الخلا وغیرہ میں پہن کر جا سکتے ہیں۔ لیکن آیات قرآنی کو بیت الخلا وغیرہ میں پہن کر نہ جائیں تو بہتر ہے۔ نقش مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۱۲	۲۳۲۵	۲۳۲۲	۲۳۱۹
۲۳۲۳	۲۳۱۸	۲۳۱۳	۲۳۲۴
۲۳۱۷	۲۳۲۰	۲۳۲۷	۲۳۱۴
۲۳۲۶	۲۳۱۵	۲۳۱۶	۲۳۲۱

مثلث نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۹۶	۳۰۸۸	۳۰۹۴
۳۰۹۰	۳۰۹۳	۳۰۹۵
۳۰۹۲	۳۰۹۷	۳۰۸۹

اکابرین نے سورتوں اور آیتوں کے اعداد اخذ کر کے یہی مصلحت بیان کی ہے کہ اس طریقے میں بے ادبی کا احتمال نہیں ہے۔ تعویذات اگر آیات قرآنی پر مشتمل ہوں تو انسان کتنی بھی احتیاط کرلے سوءِ ادبی کا اندیشہ رہتا ہے۔ ہاں اگر کوئی شخص بیت الخلا میں جاتے وقت یا دوسری ناپاکیوں کے وقت تعویذات اُتارنے کا اہتمام رکھے تو پھر حرفی نقوش کو فوقیت دینی چاہئے۔ اگر احتیاط ممکن نہ ہو تو اعدادی نقوش پر قناعت کرنی چاہئے۔

(باقی آئندہ)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Scanned by CamScanner

ذرا سوچئے

روزانہ نہ سہی، اکثر نہ سہی، کبھی کبھی سہی، ساری عمر میں ایک بار بھی آپ کو اپنے ہاتھ سے ہل چلانے کا اتفاق ہوا ہے۔؟ کھیت بونے اور جوتنے، دانہ ڈالنے اور فصل کاٹنے کی کبھی بھی آپ کو نوبت آئی ہے۔؟ گیہوں اور چاول، چنا اور جوار، آلو اور اروی، گوبھی اور کدو، پیاز اور لہسن، غلہ ترکاری، ساگ، مسالہ کے بغیر شاید ایک دن بھی آپ نہ گزار سکیں، لیکن آپ کو کچھ بھی علم ہے، کہ زمین سے یہ پیداوار کیونکر حاصل کئے جاتے ہیں، ہر ایک کے لئے کتنا وقت لگتا ہے، کیا کیا محنتیں اور تدبیریں کرنی پڑتی ہیں۔؟ آپ کو یقیناً ان میں سے کسی شئے کا بھی علم نہیں، لیکن آپ اپنی اس بے علمی، اس ناواقفیت، اس جہالت پر ذرا بھی شرمندہ نہیں! آپ عالم ہیں، ذی علم ہیں، شریف ہیں، معزز ہیں، یہ چیزیں سیکھنا، ان پر توجہ کرنا، آپ کے لئے باعث توہین ہے۔! آپ کے مرتبہ علم کے منافی ہیں۔! آپ کی شرافت کے لئے داغ ہے۔!

پکے ہوئے کھانے کے آپ عاشق ہیں، پکی پکائی غذا کے بغیر آپ شاید ایک وقت بھی بہ مشکل بسر کر سکتے ہیں، کھانے کے وقت میں تھوڑی سی بھی دیر ہو جاتی ہے تو آپ کی پیشانی پر بل پڑنے لگتے ہیں مگر یہ ارشاد ہو کہ چولہے کے پاس بھی بیٹھنے کا کبھی آپ کو اتفاق ہوتا ہے۔؟ لکڑی جمع کرنا، موٹی لکڑیوں کو چیرنا، چولہے کو منہ سے پھونک پھونک کر آگ سے جلانا، گیہوں چکی میں پیسنا، آٹا گوندھنا، توے پر روٹی ڈالنا، دیگچی چڑھانا، آب ونمک کا اندازہ رکھنا، گوشت بگھارنا، غرض کچی غذا کو آپ کی میز یا دسترخوان پر آنے تک جو بیسیوں مرحلوں سے گزرنا ہوتا ہے، ان میں سے آپ کتنے مرحلوں کو اپنے دست مبارک سے نباہ سکتے ہیں۔؟ آپ گریجویٹ ہیں، آپ بیرسٹر ہیں، آپ حاکم عدالت ہیں، آپ ڈاکٹر ہیں، آپ رئیس ہیں، آپ کالج کے پروفیسر ہیں، خدانخواستہ آپ رذیل نہیں، آپ کنجڑے قصائی نہیں، آپ باورچی نانبائی نہیں، پھر آپ سے ایسے ذلیل اور حقیر ایسے شرمناک اور قابل تحقیر کام جیسا کہ کھانا پکانا ہے، کی توقع کیوں رکھی جاتی ہے۔؟

کھانے کے بعد سب سے زیادہ پروا آپ کو اپنے لباس کی رہا کرتی ہے، کپڑا اگر اچھا نہ ہوا تو لوگ آپ کی عزت کیوں کر کریں گے، لباس اگر شرفاء کا نہ ہوا تو دنیا آپ کی شرافت کی کیونکر تصدیق کرے گی! بالکل بجا درست! پر گزارش یہ ہے کہ یہ قمیص اور شیروانی، یہ کوٹ اور اچکن، یہ ٹوپی اور یہ پتلون، واسکٹ اور یہ پاتابے، جو آپ کو جان کے برابر عزیز رہتے ہیں، آپ اپنے ہاتھ سے ان کی سلائی پر بھی قادر ہیں، سلائی نہ سہی، بخیہ گری دسوزن کاری، قطع وتراش کچھ یہ بھی نہ سہی، اگر یہ پھٹ جائیں، اور فوراً درزی نہ مل سکے تو آپ الٹا سیدھا ان کے ٹانک لینے، پیوند لگا لینے کی بھی اہلیت رکھتے ہیں۔؟ روئی دھنکنا آپ کی نظروں میں قابل مضحکہ، چرخہ کاتنا آپ کے لئے باعث توہین، سوت نکالنے میں آپ کی ذلت، کرگھے پر کپڑا بننے میں آپ کی کسر شان، سوئی لے کر بیٹھنا آپ کی ہتک عزت کے مرادف! آپ امتحان پاس کرنے کے لئے بڑی ہی محنت گوارا کر سکتے ہیں، فرنگیوں کی زبان اور ان کے علوم سیکھنا اپنے لئے باعث فخر وشرف سمجھتے ہیں، معلومات عامہ کا حاصل کرنا، آپ کے علم وفضل، کمال وتبحر کی دلیل! لیکن کیا خدانخواستہ آپ کوئی دھنیے یا جلاہے، بزاز یا درزی ہیں، جو کپڑے کا کاروبار کریں، جو لباس کی تیاری جیسے ننگ شرافت وانسانیت سوز مشغلہ کی جانب توجہ فرمائیں! استغفر اللہ! کھیتی کسانی کرنا، ہل چلانا، بانس ڈالنا، کھیت میں محنت مزدوری کرنا، کھانا پکانا، چولہے کو دھونکنا، کپڑا بننا، تھان تیار کرنا، کپڑا سینا، اس قسم کے ذلیل وپست مشغلوں کو آپ کے علم وفضل، آپ کی شرافت وعزت سے کیا نسبت!

اسماء رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی

عظمت وافادیت

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

قسط نمبر:۵۱

سیدنا الراجف صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا الراجف بھی ہے۔ اس کے معانی ہیں اللہ کے خوف سے کانپنے والی اور خوف الٰہی سے لرزنے والی ذات۔ چونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والے تھے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ''الراجف'' کہا جاتا ہے۔ اس اسم مبارک کے اعداد ۲۸۴ ہیں۔

❑ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ اس کے اندر خوف خدا پیدا ہو اور وہ گناہوں سے محفوظ رہے تو اس کو چاہئے کہ وہ ہر فرض نماز کے بعد ۲۸۴ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے۔

❑ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص صبح شام اس اسم مبارک کا ورد پانچ سو مرتبہ کرے گا وہ شیطان کی حرکتوں اور سازشوں سے محفوظ رہے گا۔

❑ اس اسم مبارک کا ورد گناہوں سے بچاتا ہے اور انسان کو اللہ کا فرمانبردار بناتا ہے۔

❑ اس اسم مبارک کا نقش گناہوں سے بچانے اور نیکی کی طرف رغبت دلانے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ش، ف یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیں۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۳	۷۷	۷۴	۷۰
۷۵	۶۹	۶۴	۷۶
۶۸	۷۲	۷۹	۶۵
۷۸	۶۶	۶۷	۷۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۸	۹۰	۹۶
۹۲	۹۵	۹۷
۹۴	۹۹	۹۱

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دو زانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۷	۶۹	۷۲	۶۶
۶۳	۷۵	۶۸	۷۸
۷۰	۷۶	۶۵	۷۳
۷۴	۶۴	۷۹	۶۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۶	۹۷	۹۱
۹۰	۹۵	۹۹
۹۸	۹۲	۹۴

Scanned by CamScanner

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ش یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۷	۶۳	۷۰	۷۴
۶۹	۷۵	۷۶	۶۴
۷۲	۶۸	۶۵	۷۹
۶۶	۷۸	۷۳	۶۷

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۶	۹۷	۹۱
۹۰	۹۵	۹۹
۹۸	۹۲	۹۴

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، د، ح، ل، ع، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳	۶۷	۶۶	۷۸
۶۵	۷۹	۷۲	۶۸
۷۶	۶۴	۶۹	۷۵
۷۰	۷۴	۷۷	۶۳

مذکورہ حضرات وخواتین کو پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۹۴	۹۹	۹۱
۹۲	۹۵	۹۷
۹۸	۹۰	۹۶

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر عامل اسمائے سیدنا یتیم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۸۴ مرتبہ پڑھ کر دم کردے تو ان نقوش کی قوت دوگنی ہوکر اضافہ ہوجائے۔

سیدنا یتیم صلی اللہ علیہ وسلم

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک صفاتی نام سیدنا یتیم بھی ہے۔ اس کے معانی یتیم ہی کے ہیں۔ اس اسم مبارک کے اعداد ۴۶۰ ہیں۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کے کوئی زخم لگ جائے اور اس زخم میں ٹیس یا درد ہوتا ہو تو اس اسم مبارک کو ۹ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پانی کو اس زخم پر لگائیں۔ انشاء اللہ اسی وقت ٹیس اور درد ختم ہوجائے گا۔

□ اگر کسی کی والدہ، والد یا والدین دونوں ہی فوت ہوگئے ہوں اور کسی طرح سے صبر اور قرار نہ آتا ہو تو وہ اس اسم مبارک کا ورد کثرت سے کرے انشاء اللہ صبر آجائے گا۔

□ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ غم اور بے قراری کسی بھی طرح کی ہو اس اسم مبارک کے ورد سے ختم ہوجاتی ہے۔ اور دل کو سکون میسر آجاتا ہے۔

□ اس اسم مبارک کا نقش دل میں صبر وضبط اور سکون وقرار پیدا کرنے کے لئے بہت موثر ثابت ہوتا ہے۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف الف، ہ، ط، م، ف، ش یا ذ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مشرق کرلے اور ایک زانو ہوکر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۴	۱۱۸	۱۲۱	۱۰۷
۱۲۰	۱۰۸	۱۱۳	۱۱۹
۱۰۹	۱۲۳	۱۱۶	۱۱۲
۱۱۷	۱۱۱	۱۱۰	۱۲۲

Scanned by CamScanner

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۵۷	۱۴۹	۱۵۴
۱۵۱	۱۵۳	۱۵۶
۱۵۲	۱۵۸	۱۵۰

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ب، و، ی، ن، ص، ت یا ض ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب مغرب کرلے اور دوزانو ہو کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۱	۱۱۳	۱۱۶	۱۱۰
۱۰۷	۱۱۹	۱۱۲	۱۲۲
۱۱۴	۱۲۰	۱۰۹	۱۱۷
۱۱۸	۱۰۸	۱۲۳	۱۱۱

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۵۴	۱۵۶	۱۵۰
۱۴۹	۱۵۳	۱۵۸
۱۵۷	۱۵۱	۱۵۲

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ج، ز، ک، س، ق، ث، یا ظ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب شمال کرلے اور ایک ٹانگ اٹھا کر اور ایک ٹانگ بچھا کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۸	۱۱۴	۱۰۷	۱۲۱
۱۰۸	۱۲۰	۱۱۹	۱۱۳
۱۲۳	۱۰۹	۱۱۲	۱۱۶
۱۱۱	۱۱۷	۱۲۲	۱۱۰

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۵۰	۱۵۶	۱۵۴
۱۵۸	۱۵۳	۱۴۹
۱۵۲	۱۵۱	۱۵۷

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ر، د، ح، خ، ل، ع، یا غ ہو۔ ان کو گلے میں ڈالنے کے لئے یا بازو پر باندھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت اگر عامل اپنا رخ جانب جنوب کرلے اور آلتی پالتی مار کر نقش لکھے تو افضل ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۱	۱۱۰	۱۱۱	۱۱۷
۱۱۲	۱۱۶	۱۲۳	۱۰۹
۱۱۹	۱۱۳	۱۰۸	۱۲۰
۱۰۷	۱۲۲	۱۱۸	۱۱۴

مذکورہ حضرات وخواتین کو پہننے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔ اس نقش کو لکھتے وقت بھی اگر عامل مذکورہ شرائط کا خیال رکھے تو بہتر ہے۔

۷۸۶

۱۵۰	۱۵۸	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۳	۱۵۱
۱۵۴	۱۴۹	۱۵۷

ان تمام نقوش کو لکھنے کے بعد اگر سیدنا یتیم صلی اللہ علیہ وسلم ۴۶۰ مرتبہ پڑھ کر ان پر دم کردیں تو ان کی تاثیر دگنی ہو جائے۔ عورتوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش اپنے بائیں بازو پر باندھیں اور مردوں کو اس بات کی تاکید کریں کہ وہ نقش اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ گلے والے اور بازو والے نقوش کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کریں اور کپڑے میں پیک کرنے سے پہلے موم جامہ ضرور کر لینا چاہئے۔ تاکہ پانی وغیرہ سے نقش محفوظ رہے۔

(باقی آئندہ)

Scanned by CamScanner

(آل انڈیا) ادارہ خدمت خلق دیوبند (حکومت سے منظور شدہ)

IDARA KHIDMAT-E-KHALQ (REGD.) DEOBAND

گذشتہ ۳۰ برسوں سے بلاتفریق مذہب وملت رفاہی خدمات انجام دے رہا ہے

نئی منصوبہ بندی

جگہ جگہ اسکولوں اور ہسپتالوں کا قیام، گلی گلی نل لگانے کی اسکیم، غریبوں کے مکانوں کی مرمت، غریب بچوں کے اسکول فیس کی فراہمی، جولوگ کسی بھی طرح کی مصیبت کا شکار ہیں ان کی مالی مدد، غریب لڑکیوں کی شادی کا بندوبست، ضرورت مندوں کے لئے چھوٹے چھوٹے روزگار کے لئے مالی امداد، مقدمات، آسمانی آفات اور فسادات سے متاثرین لوگوں کا ہر طرح کا تعاون وغیرہ۔

دیوبند کی سرزمین پر ایک زچہ خانہ اور ایک بڑے ہسپتال کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ جس کی تفصیلی رپورٹ انشاء اللہ عنقریب منظر عام پر آئے گی۔

ادارہ خدمت خلق اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو ۳۰ سالوں سے خاموشی کے ساتھ بلاتفریق مذہب وملت سے اللہ کے بندوں کی بے لوث خدمات میں مصروف ہے۔ انسانیت کے نقطۂ نظر سے اور حصولِ ثواب کے لئے اس ادارہ کی مدد کر کے انسانیت نوازی کا ثبوت دیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

ادارہ خدمت خلق اکاؤنٹ نمبر 019101001186 بینک ICICI (برانچ سہارنپور)

رقم اکاؤنٹ میں آن لائن بھی ڈالی جاسکتی ہے لیکن ڈالنے کے بعد فون پر اطلاع ضرور دیں تاکہ رسید جاری کی جاسکے۔ یا اس فون پر ایس ایم ایس کر دیں 9897916786 آپ کی توجہ اور کرم فرمائی کا انتظار رہے گا۔

اعلان کنندہ

(رجسٹرڈ کمیٹی) کُل ہند ادارہ خدمت خلق دیوبند

پن کوڈ 247554 فون نمبر 9897916786

Scanned by CamScanner

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند

مستقل عنوان

روحانی ڈاک

ہر شخص خواہ وہ طلسماتی دنیا کا خریدار ہو یا نہ ہو ایک وقت میں تین سوالات کرسکتا ہے، سوال کرنے کے لئے طلسماتی دنیا کا خریدار ہونا ضروری نہیں۔ (ایڈیٹر)

یاخبیر کا عمل

سوال از: عبدالرشید نوری ـــــ بھوپال

یَا خَبِیْرُ اور ھُوَ الْخَبِیْرُ کا مکمل عمل، تعداد طریقہ اور فوائد کے ساتھ ماہنامہ طلسماتی دنیا میں شائع کریں۔ تاکہ قارئین مکمل فائدہ اٹھاسکیں۔

جواب

یاخبیر روزانہ ۸۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں اور کم سے کم اس کے تین چلے ادا کریں۔ اس اسم الٰہی کے پڑھنے سے کشف والہام کی دولت سے آپ سرفراز ہوں گے۔ استخارہ میں بھی آپ کو بھرپور کامیابی ملے گی۔

استخارہ کا طریقہ یہ ہوگا کہ جس رات استخارہ کرنا ہو اس رات عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ پڑھ کر ۳۳ مرتبہ "یاخبیر" پڑھیں اور اپنا مقصد اپنے ذہن میں رکھیں۔ پھر کسی سے بات کئے بغیر سوجائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات میں آپ کی خواب میں رہنمائی ہوگی۔ اگر پہلی رات میں کامیابی نہ ہو تو دوسری رات پھر تیسری رات بھی یہی عمل دہرائیں۔ دوسری یا تیسری رات میں یقیناً کامیابی مل جاتی ہے۔ اس عمل میں صرف "یاخبیر" پڑھنے پر اکتفا کریں۔ ھوالخبیر کا اضافہ نہ کریں۔ اگر تین چلوں کے بعد روزانہ سو مرتبہ "یاخبیر" پڑھتے رہیں تاعمر تو بہتر ہے۔ اس اسم الٰہی کے مسلسل ورد سے یہ فائدہ بھی ہوگا کہ آپ کے اندر قوت ارادی پیدا ہوجائے گی اور بہت سی باتوں کا آپ کو کشف ہوجایا کرے گا۔ لیکن کشف والہام سے فیضیاب ہونے کے بعد بہتر یہ ہوگا کہ آپ راز کی باتوں کو راز ہی میں رکھیں اور انہیں طشت ازبام کرنے کی غلطی نہ کریں، ہاں اگر کسی بات کا ظاہر کرنا شرعاً ضروری ہو تو وہ ظاہر کردینے ہی میں بہترائی ہے۔

غلط رہنمائی

سوال از: نثار احمد ـــــ سرینگر

اللہ سے دعا گو ہوں آپ ہمیشہ تندرست وتوانا رہیں تاکہ پریشان اور دکھی لوگوں کو آپ صاحب سے راحت نصیب ہو۔

دیگر احوال یہ ہے کہ آٹھ مہینوں سے میں طلسماتی دنیا کا مطالعہ کرتا آیا ہوں کافی فائدہ مند پایا اور اس میں روحانی ڈاک بھی شائع ہوتا ہے۔

میرا نام نثار احمد ہے، امید کرتا ہوں آپ میرے لکھے ہوئے خط کا بغور مطالعہ کریں گے اور میری پریشانی دور فرمادیں گے۔ میرا مسئلہ ہے کہ میں نے ۱۹ رستمبر ۲۰۰۲ء میں شادی کی۔ لیکن شادی کے بعد میری کاروباری حالت بہت خراب ہوئی اور اکثر بیوی مجھ سے جھگڑتی تھی پھر ۲۰۰۵ء میں پہلا لڑکا اور اپریل ۲۰۰۷ء میں لڑکی پیدا ہوئی اور پھر زبردست مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مالی تنگی ہوئی۔ اور اب مہینوں سے میں روزانہ رات کو خواب دیکھتا ہوں، خواب میں اکثر میں بیت الخلا میں حاجت کرنے کے لئے لیکن جگہ نہیں ملتی اور کبھی کبھی دائیں پیر میں غلاظت لگتی ہے۔ ایک دن میں خود گھر کے اوپری منزل میں صفائی کرتا تھا وہاں میں نے ایک تعویذ پایا۔ پھر میں ایک عاملہ کے پاس گیا اور اس کو وہ تعویذ دکھایا اور کہا یہ شیعہ عامل کا لکھا ہوا تعویذ ہے اور یہ بھی کہا اس تعویذ کا مطلب تاکہ تم برے سپنے دیکھو۔ ساتھ ہی یہ بھی کہا جس جگہ یہ تعویذ ملا وہاں ایک اور تعویذ ہے اس کو ڈھونڈو لیکن بدقسمتی سے نہ مل سکا۔

اب امید کرتا ہوں آپ صاحب سے میرا مسئلہ حل ہوجائیگا کیونکہ

Scanned by CamScanner

میں روز رات کو برے سپنے دیکھتا ہوں اور پھر کمائی بھی نہیں ہو رہی ہے۔

جواب

اس بات کو اپنے ذہن سے نکال دیں کہ آپ کی پریشانیوں کی وجہ آپ کی شادی ہے۔ آپ کا یہ لکھنا کہ آپ کی پریشانیوں کی شروعات آپ کی شادی کے بعد ہوئی۔ آپ مختلف قسم کے غموں میں مبتلا ہو گئے اور آپ کا ذہن ان غموں کی وجہ سے پراگندہ رہنے لگا۔ انسان کی زندگی میں نشیب و فراز آتے ہی رہتے ہیں۔ ان سے گھبرانا نہیں چاہئے۔ حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئے اور ہر حالت میں اپنی جدوجہد جاری رکھنی چاہئے۔ تقدیر کے موسم عام موسموں کی طرح بدلتے رہتے ہیں۔ جس طرح ہر سال کبھی سردی ہوتی ہے، کبھی گرمی، کبھی برسات، کبھی خزاں اور کبھی موسم بہار وغیرہ۔ اسی طرح انسان کی قسمت کے موسم بھی ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ زندگی میں سکھ کا زمانہ بھی آتا ہے اور دکھوں کی رت بھی۔ زندگی سکون سے بہرہ ور بھی ہوتی ہے اور انتشار و اضطراب سے دوچار بھی ہوتی ہے۔ یہ سب باتیں نظام قدرت کا ایک حصہ ہوتی ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اپنے حالات کی گردشوں پر یہ غور و فکر کرنا چاہئے کہ پریشانیاں اپنی کسی کوتاہی کی وجہ سے تو نہیں پیش آرہی ہیں۔ جو لوگ اپنی خامیوں کی چھان بین کرتے ہیں اللہ ان کی مدد کرتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے اور جو لوگ اپنے غموں اور اپنی الجھنوں کا بوجھ دوسروں کے کاندھوں پر ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں ان کی منجانب اللہ کوئی مدد نہیں ہوتی دوسروں کو دوش دینے والے سدا پریشان رہتے ہیں۔

آپ کو جو تعویذ ملا تھا اس کو دیکھنے کے بعد کسی عامل کا یہ کہنا کہ یہ شیعہ کا لکھا ہوا ہے ایک غلط قسم کی رہنمائی ہے۔ جو انسان کو مزید بھٹکانے کے لئے ہے۔ پھر عامل صاحب کا یہ فرمانا کہ ایک تعویذ اور بھی ہوگا اس کو تلاش کرو۔ ظاہر ہے کہ وہ ملے گا نہیں اور آپ عمر بھر اس دوسرے تعویذ کے نہ ملنے کی وجہ سے ذہنی طور پر پریشان رہیں گے۔ اس طرح کی باتوں سے عاملین عوام کو نئی نئی پریشانیاں عطا کرتے ہیں اور لوگوں کا ذہن خراب ہوتا ہے۔ اللہ نے جس عامل کو یہ صلاحیت بخشی ہو کہ یہ تعویذ کس کا لکھا ہوا ہے اور اس کو یہ اندازہ بھی ہو جاتا ہے کہ تعویذ گھر میں کتنے رکھے گئے تھے تو پھر وہ عامل یہ بتانے میں ناکام کیوں ہوتا ہے کہ تعویذ کہاں رکھا ہوگا۔؟ جو لوگ زمین کے اندر کی باتیں بتا دیتے ہیں وہ زمین کے اوپر کی بات بتانے میں مجبور کیوں ہوتے ہیں۔؟ آج کل عاملین علاج نہیں کر پاتے صرف چمتکار دکھا کر لوگوں کے ذہن کو خراب کرتے ہیں یا غیب کی باتیں بیان کر کے عوام کو متاثر کرتے ہیں اور انہیں کچھ اور پریشانیاں دے کر اپنا الو سیدھا کر لیتے ہیں۔ اکثر عاملین یہ کہتے نظر آتے ہیں کہ تم پر جادو کسی قریب کے شخص نے کیا ہے۔ اس کے بعد وہ آدمی ہر رشتے دار پر شک کرنے لگتا ہے، حد تو یہ ہے کہ اس طرح کی باتوں سے بیوی بچے بھی مشکوک ہو جاتے ہیں اور علاج پھر بھی نہیں ہو پاتا۔ درحقیقت بازاری قسم کے عاملین ہوائی باتیں کرتے ہیں اور ان ہوائی باتوں کی وجہ سے ان کا اپنا الو تو سیدھا ہو جاتا ہے اور عوام بدگمانیوں اور توہمات کی گلیوں میں بھٹکنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ جو تعویذ آپ کو اپنے مکان کی بالائی منزل سے ملا تھا وہ غلط ہو اور وہ کسی کی شرارت ہو لیکن کسی عامل کا یہ کہنا کہ یہ تعویذ کسی شیعہ کا لکھا ہوا ہے یا اس تعویذ کے ساتھ کوئی اور بھی تعویذ ہوگا محض تکے بازی ہے۔ اور آپ کے ذہن کو گمراہ کرنے کی ایک سازش ہے۔ تاکہ آپ خوفزدہ ہو کر عاملین کے سامنے رکوع کر دیں۔ اور عامل پوری طرح آپ پر سوار ہو جائے۔ جو عامل اپنے گھر بیٹھ کر یہ بتا سکتا ہے کہ یہ تعویذ کس کا لکھا ہوا ہے اور اس تعویذ کے ساتھ دوسرا تعویذ بھی ہوگا تو وہ اس دوسرے تعویذ کو خود کیوں تلاش نہیں کر سکتا۔؟ اور یہ نشاندہی کیوں نہیں کر سکتا کہ دوسرا تعویذ گھر کے کس کونے میں پڑا ہوا ہے۔

آپ بندش کا شکار معلوم ہوتے ہیں اور بندش کا شکار ہو کر کوئی بھی انسان بے دست و پا ہو کر رہ جاتا ہے۔ وہ کچھ کرنا بھی چاہے تو نہیں کر پاتا۔ اس کی کوشش اور جدوجہد بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔ کبھی کبھی اس کی منزل بہت قریب دکھائی دیتی ہے لیکن پھر بھی اسکے قدم منزل مقصود تک نہیں پہنچ پاتے۔ کبھی کبھی انسان کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اب اس کا دامن خوشیوں سے بھر جائے گا لیکن اس کا دامن خالی ہی رہتا ہے۔ اور اس کی امیدوں کا شجر بار بار کانٹے اُگانے لگتا ہے اور اس پر پھول لگنے کی نوبت نہیں آپاتی۔ یہ سب کچھ اس وقت ہوتا ہے جب انسان کی کسی نے بندش کرا رکھی ہو۔ عامل کا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے مریض کو بندش کے عذاب سے نکالنے کی کوشش کرے۔ محض بتا دینا اور مریض کو نت نئے شکوک اور توہمات میں مبتلا کر دینا عامل کا فرض نہیں ہے۔ بے شک کسی بیمار کو تندرستی عطا کرنا اللہ کا کام ہے۔ کسی مصیبت زدہ کو راحت عطا کرنا بھی اللہ ہی کا کام ہے لیکن معالج کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ صحیح طریقہ سے علاج کر کے اپنے مریض کو بیماری اور کلفت کی دلدل سے نکالنے کی ہر ممکن کوشش کرے۔ محض باتیں بنانا اور چمتکار دکھانا کسی مرض کی دوا نہیں ہے۔ آپ بندش کے ساتھ ساتھ گردشوں کا بھی شکار معلوم ہوتے ہیں۔ آپ کا

Scanned by CamScanner

خواب اس بات کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے، آپ کا بار بار یہ خواب دیکھنا کہ آپ قضاء حاجت کے لئے کسی جگہ کی تلاش میں ہیں اور جگہ نہیں مل رہی ہے۔ ستاروں کی گردش کے شکار کو ثابت کرتا ہے اور اس خواب سے یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ جس دن آپ کو قضاء حاجت کے لئے جگہ مل گئی اور آپ اپنی حاجت سے فارغ ہو گئے اسی دن آپ کو مصائب و آلام سے نجات مل جائے گی۔ اور آپ اپنے ہر دکھ اور ہر رنج سے نجات حاصل کر لیں گے۔

آپ روزانہ ''سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم'' دو سو مرتبہ پڑھا کریں۔ نماز فجر کے بعد اور نماز مغرب کے بعد اور جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔ نیز روزانہ ''یا سلام'' ۱۳۱ مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنے کا بھی معمول بنائیں۔ جب تک کسی صحیح عامل سے رابطہ نہ ہو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ آپ کو بندشوں سے بھی نجات مل جائے گی اور گردشوں سے بھی۔

سلام قولا من رب رحیم			
۴۶۰	۹۰	۱۳۷	۱۳۱
۱۳۶	۱۳۲	۴۵۹	۹۱
۱۳۳	۱۳۹	۸۸	۴۵۸
۸۹	۴۵۷	۱۳۴	۱۳۸

مختلف سوالات

سوال از: فضیل الرحمٰن خاں ——————— رامپور

کوئی بھی نقش یا وظیفہ کتنے دن کے لئے کارآمد ہے، کچھ سالوں کے لئے یا عمر بھر کے لئے۔

جنتری میں جو وقت دیا ہوتا ہے سورج طلوع و غروب کا و ستاروں کے عروج و زوال کا، رامپور کے وقت میں جنتری کے وقت سے کتنا جوڑنا یا گھٹانا پڑے گا تا کہ صحیح وقت مل سکے۔

میرا اسم اعظم اور اس کو پڑھنے کی ترکیب بتائیں۔ یہ بتائیں کہ جب نقش بازو یا گلے میں ڈالا جاتا ہے تو وہ کتنے دن اپنے پاس رکھنا ہوگا کچھ سال یا عمر بھر۔

مجھے یاحیُّ یاقیوم پڑھنے کی اجازت و ترکیب بتادیں تا کہ میری روحانی طاقت میں ترقی ہو سکے۔ کوئی ایسا وظیفہ بھی بتائیں کہ میری مالی پریشانی بھی دور ہو سکے۔ کیونکہ میری تقدیر کا عدد چار ہے۔ اور چار عدد والے ہمیشہ مالی پریشانی میں رہتے ہیں۔

جواب

نقش کی زکوٰۃ بار بار نکالنی نہیں پڑتی۔ اگر ایک بار بھی ادا کر دی جائے تو وہ کافی ہوتی ہے۔ البتہ حروف اور اسم الٰہی کی زکوٰۃ اگر زکوٰۃ صغیر ادا کی گئی ہو تو سال بھر کے لئے کارآمد ہوتی ہے۔ اور اگر زکوٰۃ کبائر ادا کر دی جائے تو عمر بھر کے لئے کافی ہوتی ہے۔ پہلے زمانہ میں لوگ زکوٰۃ میں قوت پیدا کرنے کے لئے اکبر کبائر کی بھی زکوٰۃ ادا کیا کرتے تھے لیکن موجودہ زمانہ میں انسان کی مصروفیات اور جھمیلے زیادہ ہیں اس لئے اگر زکوٰۃ کبائر ادا کر دی جائے تو کافی ہے۔

حروف تہجی کی زکوٰۃ جو ۴۴۴۴ مرتبہ ایک ایک حروف کو پڑھ کر ادا کی جاتی ہے، باموکل ہو یا بے موکل وہ سال بھر تک کارآمد ہوتی ہے۔ لیکن اگر اس زکوٰۃ کو اسی طرح لگاتار ۳ سال تک ادا کر دیا جائے تو پھر یہ زکوٰۃ عمر بھر کے لئے کافی ہو جاتی ہے۔

جنتری یا تقویم میں جو وقت دیا جاتا ہے وہ دہلی ٹائم کے مطابق ہوتا ہے۔ غالباً رامپور میں پانچ یا ۶ منٹ گھٹانے پڑیں گے۔ صحیح جانکاری کے لئے آپ اسلامی دوامی جنتری کو دیکھ لیں۔ اس میں یقیناً اس بات کی وضاحت ہوگی کہ دہلی اور رامپور کے طلوع و غروب میں کتنا فرق ہوتا ہے۔

آپ کا اسم اعظم ''یا عزیز'' ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد ۹۴ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ جو نقش کاغذ پر بنائے جاتے ہیں وہ بالعموم ایک سال تک کارآمد رہتے ہیں۔ اس کے بعد ان کا اثر ختم ہو جاتا ہے اور نقش جب تک فائدہ پہنچائے اس وقت تک تو اس کو گلے میں یا بازو پر رکھنا ہی چاہئے۔ نقش کے بارے میں یہ یقین رکھنا چاہئے کہ وہ باذن اللہ فائدہ پہنچاتا ہے۔ جس طرح دوائیں اور غذائیں فی نفسہٖ مؤثر نہیں ہوتیں وہ اللہ کے حکم اور مرضی سے فائدہ پہنچاتی ہیں اسی طرح نقش بھی اللہ کے حکم اور مرضی سے فائدہ پہنچاتا ہے۔ اگر نقش کو کوئی فی نفسہٖ مؤثر سمجھ لے گا تو وہ شرک میں مبتلا ہو جائے گا اور دواؤں، غذاؤں اور دیگر اشیاء خوردنی کے بارے میں بھی کسی کی سوچ یہ ہو کہ وہ فی نفسہٖ مؤثر ہوتی ہیں تو یہ بھی ایک طرح کا شرک ہے۔

''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْم'' روزانہ ۲۴۷ مرتبہ پڑھا کریں۔ پہلے چلے میں تو اتنی تعداد رکھیں، دوسرے چلے میں روزانہ کی تعداد روزانہ ۶۹۶ مرتبہ کی رکھیں۔ تیسرے چلے میں روزانہ ۲۷۸۴ مرتبہ پڑھا کریں۔ انشاء اللہ

زبردست روحانیت پیدا ہوگی۔

مالی پریشانیاں دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی ۳ مرتبہ الم نشرح، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ۳ مرتبہ سورۂ قدر پڑھا کریں۔ مغرب کی نماز کے بعد ایک تسبیح روزانہ "یا مغنی" کی پڑھا کریں انشاء اللہ آمدنی میں اضافہ ہوگا اور آمدنی میں خیر و برکت بھی ہوگی۔

رنج و غم کی باتیں

سوال از: (نام و پتہ مخفی)

گزارش خدمت یہ ہے کہ اس سے پہلے میں آپ کو تین خطوط لکھی تھی لیکن ایک خط کا جواب بھی طلسماتی دنیا میں نہیں پائی۔ مولانا میں بہت پریشانی میں یہ خط لکھ رہی ہوں اور اس خط کو اللہ کا واسطہ دے کر لکھ رہی ہوں۔ آپ حضرت سے امید ہے کہ وظائف دے کر مجھے میری زندگی کی ٹینشن سے دور کریں گے۔

مولانا صاحب بات یہ ہے کہ میرے شوہر تاجر چرم ہے، دو بھائی شریک کاروبار ہیں۔ ۱۹۹۹ء میں میرے جیٹھ نے کاروبار میں ایک لاکھ روپے ڈالے تھے جب سے اب تک ایک روپیہ بھی نہیں لگائے۔ میرے شوہر ان سے چھوٹے ہو کر کاروبار کو بڑھانے کے لئے ایک گھر سپلائنگ کمپنی میرے بڑے جیٹھ ان کو ترکہ میں دیئے۔ سو ایک لاکھ قسط وار چھینوں کے چار لاکھ اور میرے زیورات گیارہ تولہ، سب بیچ کر کاروبار میں دس لاکھ روپے ڈالے ہیں اور پھر باہر سے زیورات رکھ کر قرض سود سے بھی لائے ہیں۔ دونوں کی فیملی گیارہ افراد پر مشتمل ہے اور ایک نوکر ہے، حساب کتاب دو گھروں کا خرچ چلاتا سود ہے، رقم لانا ان کے ذمہ ہے، میرے جیٹھ پیسے دیئے تو باہر سے چڑھ جاتے ہیں۔ میرے شوہر ماں باپ کا گھر بھائی کے واسطے چھوڑ کر کیوں کہ ہم دونوں دیورانی جٹھانی میں لڑائی جھگڑے ہو رہے ہیں ۲۰۰۲ء میں دوسرے گھر کو آگئے، جب سے اب تک اسی گھر میں ہیں۔ جب سے اس گھر میں آئے ہیں سگریٹ نوشی اور منشیات کے عادی ہو چکے ہیں۔ رات کے دو تین بجے گھر کو لوٹنا اور نشہ کی حالت میں گھر آنا، برے دوستوں خصوصاً غیر قوم کے لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا دوستوں کے بیچ میں ٹھہر کر ضامن قرضہ دلوانا اور وہ لوگ وقت پر نہیں باندھے تو مجبوراً انہیں ہی وہ پیسے باندھنا پڑتا ہے۔

پانچ سال سے ان کی یہی حالت ہے ان کے بھائی کو بلا کر میں ان کو ... گھر میں آ کر سمجھوا لیتے ہیں۔ مگر بیوی کی باتوں میں آ کر گھر خالی کرنے کو تیار نہیں ہے۔ الگ گھر میں گئے تب سے یہاں ای بکھا ہے۔ ان کی بیوی گھر سے نکل کر دوسرے گھر کو جانے کے لئے تیار نہیں ہے ان لوگوں کے پاس دس سال پہلے کچھ بھی نہیں تھا اس وقت ہم ان کا سہارا تھے لیکن آج وہ ہمارے ہی گھر کو چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ کیونکہ بھائی کے اوپر بھروسہ کر کے میرے شوہر بہت سارا روپیہ ان کے ہاتھ کو دیئے ہیں اور وہی بھائی طوطا چشم ہو گیا ہے۔ اس کے باوجود بھی میرے شوہر کی آنکھ کھل رہی ہے اور میری جٹھانی اگر کاروبار کرنے کو ہاتھ نہیں ہوئے تو کاروبار سے ہٹ جاؤ بول رہی ہے کیا جادو کروائی کہ نہیں معلوم ہے، شوہر اتنے نقصان کے باوجود بھی ہٹنے کو تیار نہیں ہے۔ الٹا میرے جیٹھ صاحب آئے تو مجھے ہی ان کے سامنے مارنا گالیاں دینا توہین کرنا ان کا یہ رویہ ہے میرے ساتھ اس سے پہلے میں آپ کو لیٹر لکھی تھی۔ میرے جیٹھ کو کاروبار سے ہٹانے کے لئے آپ نماز مغرب کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ یا دافع یا مانع پڑھنے کے لئے دو سو مرتبہ دیئے تھے۔ وہ میں پڑھ رہی تھی۔ میرے جیٹھ کاروبار کو گئے وقت ان کے پیر کو مار لگ کے گاڑی پر سے گر کر گھٹنے کی ہڈی سرک گئی تھی اور میرے جیٹھ علاج کروائے اور چھ مہینے تک کاروبار کو نہیں آئے۔ میرے شوہر ان کے بھائی کاروبار کو نہیں آنے پر راتوں میں بیٹھ کر رونا شروع کرے اور میری چھوٹی بچی دو سال کی تھی اس وقت اس کے جسم پر اچانک برص کے نشان پیدا ہونا شروع ہوئے۔ مسلسل تین سال سے ۶۰ ہزار کی ادویات استعمال کر رہے ہیں ابھی تک بچی پانچ سال کی ہو گئی ہے، داغ نہیں مٹ رہے ہیں۔

اللہ کی اس میں مصلحت مل کے رہنا ہے، ناچاقیاں اللہ کو پسند نہیں شاید میرے سے غلطی ہوئی سمجھ کر بچی کو برص کے داغ ہونے پر کیونکہ میں کتابوں میں پڑھی تھی کہ کونسی بھی آیات کو ناجائز طور پر نہیں پڑھنا چاہئے اگر پڑھے تو برص یا جذام میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اللہ کو حاضر و ناظر جان کر یہ الفاظ لکھ رہی ہوں کہ میں یہ وظیفہ یا دافع یا مانع پڑھنے پر میری بچی کو ایسا ہوا شاید سمجھی کہ ورد کرنا چھوڑ دیا۔ اور دونوں ویسے ہی کاروبار کر رہے ہیں اور قرض کا بھرا گھڑا میرے شوہر کے سر پر ہے۔ میں کیا کروں کچھ سمجھ میں نہیں آتا میرے سر پر والد کا سہارا نہیں ہے، میرے شوہر کو سمجھائے تو سمجھتے ہی نہیں۔ مولانا صاحب اب میں یہ چاہتی ہوں کہ میرے شوہر الگ کاروبار کر لیں میرے جیٹھ کے ساتھ شراکت سے ہٹ جائے تو بھی ہمت سے کاروبار کرلے اور ہمارے قرض دور ہوں، برے دوستوں، غیر قوم کے لوگوں سے بچیں اور رات کو جلد گھر لوٹیں خصوصاً پینا چھوڑ دے اور انہیں زر

پرستی کا لالچ بالبت ہے اس سے بھی بچیں اور ان کے دل میں بیوی بچوں سے محبت اور عزت پیدا ہو۔

آپ یہ دیکھیں کہ ان پر جادو یا شیاطین کے اثرات وغیرہ ہے کیا۔ اگر آپ ان کا علاج کرنا چاہتے ہیں تو بھائی کو بھیج کر منگاؤں گی یا پوسٹ کے ذریعہ بھیج دیں۔

میں بہت پریشانی میں یہ خط لکھ رہی ہوں جس وقت میں خط لکھ رہی ہوں رات کے ساڑھے بارہ بج رہے ہیں اس وقت بھی میرے شوہر گھر میں نہیں ہے۔ اگر وظائف پڑھے تو کچھ بھی میرا یا میرے جیٹھ کا نقصان نہ ہو۔ کیونکہ میں کسی کے دل میں آہیں نہیں لینا چاہتی بس وہ صحیح سلامت کاروبار سے ہٹ جائیں اور میرے شوہر خود سے کاروبار کرلے جیسی ہمت ان میں پیدا ہو۔ کیونکہ میں مسلسل پانچ سالوں سے سوچ سوچ کر ڈپریشن کا شکار ہو رہی ہوں۔ مجھے میری زندگی کے مسائل سے بچا کر ایک نئی زندگی دیں۔ میں آپ کا احسان عظیم کبھی نہیں بھولوں گی۔ بچی کو برص کے داغ مٹنے کے لئے تعویذ دے کر بھیجیں۔

آپ نے ماہنامہ طلسماتی دنیا میں ۲۰۰۱ء مارچ کے رسالے میں افعال بد یا عادت، چھڑوانے کے لئے از قلم سعید احمد خورجہ کے لکھے ہوئے عمل کو شائع کیا ہے۔ آپ مہربانی فرما کر ان کا ایڈریس دے سکتے ہیں اور فون نمبر بھی، میرے شوہر کے حفظ امان کے لئے بھی ورد دیجئے باہر نکلتے وقت میں ان پر پڑھ کر دم کروں۔

جواب

آج کے دور میں بھائیوں پر حد سے زیادہ بھروسہ کرلینا بھی ٹھیک نہیں ہے۔ بھائیوں کی دل کھول کر مدد کرنی چاہئے۔ لیکن بھائیوں کو کاروبار میں پاٹنر بنانا یا انہیں کاروبار میں شریک کرنا اپنے لئے الجھنیں پیدا کرنے کے برابر ہے۔ جو شراکت زندگی میں غم گھول دے، اس شراکت سے پرہیز ہی بہتر ہے۔ پھر کاروباری شرکت میں جب نفع ونقصان کی اونچ نیچ آتی ہے تو دلوں میں کھٹاس پیدا ہوتی ہے اور آپسی تعلقات خراب ہوکر رہ جاتے ہیں۔ قریبی رشتوں میں جب کاروبار ہوتا ہے تو گھریلو زندگی بھی پامال ہو جاتی ہے اور خواہ مخواہ کی بدگمانیاں گھروں میں نت نئی الجھنیں پیدا کرتی ہیں اس لئے دور اندیشی کا تقاضہ یہ ہے کہ بھائی ایک دوسرے کی دل کھول کر مدد کریں لیکن کاروباری شرکت سے دور رہیں اسی میں بھلائی ہے۔

سود کا لینا دینا حرام ہے اور سود کا لین دین اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلان جنگ کرنے کے مترادف ہے۔ اگر سودی لین دین کے بعد کاروبار ترقی بھی کرلے تو کیا فائدہ وہ ترقی جس کی بنیاد اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی ہو اس سے بہتر وہ غربت ہے جس میں انسان کا ایمان اور اس کی پرہیزگاری محفوظ رہے۔ مسلمانوں کو سود راس نہیں آتا اور جن مسلمانوں کو سود راس آجاتا ہے ان کی آخرت محفوظ نہیں ہوتی۔

قرآن وحدیث سے ثابت ہے کہ سود کا جس طرح لینا حرام ہے اسی طرح دینا بھی حرام ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ آج کل کے مسلمان اپنے کاروبار کو ترقی دینے کے لئے بڑے بڑے قرضے سود کی بنا پر لیتے ہیں بھلا ایسے کاروبار میں کس طرح ترقی ہوسکتی ہے۔ جس کو چار چاند لگانے کے لئے اللہ کی نافرمانی کی راہیں اختیار کی گئی ہیں۔

آپ کے شوہر نے اپنے دل کو بہلانے کے لئے جو وطیرے اپنا رکھے ہیں وہ ان کے لئے اچھے نہیں ہیں۔ کسی بھی مرد کا گئی رات تک گھر سے باہر رہنا اس کے چال چلن پر شبہ پیدا کرتا ہے اور تجربات یہ بتاتے ہیں کہ جو لوگ راتوں کو گھر سے باہر مٹرگشت کرتے ہیں ان کا کردار محفوظ نہیں رہتا۔ حدیث سے ثابت ہے کہ شیاطین کے غول راتوں ہی کو ادھر اُدھر گھومتے ہیں جن کا کام اللہ کے بندوں کو گمراہ کرنا ہوتا ہے ان شیاطین سے محفوظ رہنے کے لئے انسان کو اپنے گھر میں رہنا چاہئے۔ یوں بھی اللہ نے دن جدوجہد کے لئے اور رات آرام کے لئے بنائی ہے۔ جو لوگ دن میں سوتے ہیں اور راتوں کو جاگتے ہیں وہ غیر فطری زندگی گزارتے ہیں اور ان کی غیر فطری زندگی ان کی صحت اور تندرستی کے لئے مضر ثابت ہوتی ہے۔

اس دنیا میں یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ جب کوئی انسان غیر فطری زندگی گزارتا ہے تو اس کے حالات بگڑنے لگتے ہیں اس کی سوچ وفکر آہستہ آہستہ گدلی ہو جاتی ہے اور وہ صحیح فیصلہ کرنے سے محروم ہو جاتا ہے۔

آپ کے شوہر کا بھی یہی حال ہے وہ اپنے بھائی پر اندھا بھروسہ کررہے ہیں حالانکہ ان کا بھائی انہیں نقصان پہنچا رہا ہے لیکن آپ کے شوہر کی آنکھیں ابھی تک بند ہیں اور شاید اس وقت تک بند رہیں گی جب تک وہ آپ کے ساتھ اور اپنے بچوں کے ساتھ انصاف نہیں کریں گے۔ بھائی سے محبت ایک اچھی چیز ہے۔ بھائی کی مدد بھی خونی رشتے کا تقاضہ ہے لیکن جو محبت نقصان دہ ثابت ہو رہی ہو اس سے پہلوتہی کرنا ایک انسان کا فرض ہے۔ آپ اپنے شوہر کی محبت اور توجہ حاصل کرنے کے لئے یالطیف یاودودُ ۲۰۰ مرتبہ پڑھتی رہیں اور اپنے شوہر اور اپنے جیٹھ کے درمیان میں دوری پیدا کرنے کے لئے ''یامانع یادافع'' بھی روزانہ دوسو

مرتبہ پڑھتی رہیں۔ پہلے وظیفہ میں اول وآخر میں درود شریف ضرور پڑھیں اور دوسرے وظیفے میں اول وآخر میں درود شریف نہ پڑھیں۔

اپنے شوہر کو "یاہادی" سومرتبہ پڑھ کر پانی پردم کر کے پلادیا کریں۔ اس پانی کی برکت سے ان میں سدھار پیدا ہوگا اور وہ غیر اقوام کے ساتھ گھومنے پھرنے سے انشاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

آپ ان سے محبت بھی کیجئے اور ان کی توجہ حاصل کرنے کے لئے ان کی خدمت بھی کیجئے۔ مرد محبت اور خدمت سے متاثر ہوتا ہے اور محبت اور خدمت اپنا ایک اثر چھوڑتی ہے۔ آپ کے شوہر آپ کے ساتھ کتنا بھی برا سلوک کریں آپ ان سے محبت ہی کیجئے یہ آپ کا فرض بھی ہے اور ایک طرح کی حکمت عملی بھی۔

ہمارے خیال میں آپ کے شوہر پر کسی طرح کا کوئی اثر نہیں ہے، بس یار دوستوں کی غلط صحبت کی وجہ سے ان کے اندر لاپرواہی اور غیر ذمہ داری کے جراثیم پیدا ہوگئے ہیں۔ جس دن ان دوستوں سے خود کو بچالیں گے اس دن یہ خود بخود ہی سدھر جائیں گے۔

آپ نے لکھا ہے کہ آپ کی بچی کو پیروں کی بیماری پیدا ہوگئی ہے۔ آپ اپنی بچی کو روزانہ "یَامَجِیْدُ" سومرتبہ پڑھ کر پانی پردم کر کے پلایا کریں اور یہ نقش بچی کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ برص کی بیماری سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱۷	۲۰	۶
۱۹	۷	۱۳	۱۸
۸	۲۲	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۹	۲۱

آپ نے خورجہ والے جن سعید صاحب کا پتہ مانگا ہے ان کا انتقال ہوگیا ہے۔ دعا کریں کہ اللہ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کی بشری کمزوریوں سے درگزر فرمائے۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ رب العزت آپ کے گھر کے تمام مسائل حل کردے۔ آپ کے شوہر کو آپ کی محبت عطا کرے ان کو ہدایت اور عقل سلیم کی دولت سے سرفراز کرے اور انہیں اچھے برے کی تمیز عطا کرنے کے ساتھ انہیں برے دوستوں کی بری صحبت سے نجات عطا کرے آمین۔

سوالات کی بوچھار

سوال از: عبدالشکور حافظی ______ رام گڑھ کینٹ

میں چند مسائل لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہا ہوں۔ امید ہے کہ جواب سے مجھ ناچیز کو نوازیں گے۔

اسلامی کتابوں کا مطالعہ کرنے کا بہت شوق ہے۔ ماہنامہ طلسماتی دنیا مطالعہ کر رہا ہوں ایک روحانی سکون پاتا ہوں۔ ایک دو بچوں کو تعویذ بھی لکھ کر دیا ہوں جس سے کافی فائدہ ہے۔ مجھے خدمت خلق کا بڑا شوق ہے۔ اللہ تعالیٰ سے آپ اور آپ کے آباؤ اجداد کے لئے دعا کرتا ہوں اللہ پاک آپ کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور اعمال حسنات جگہ دے۔ آمین۔

مندرجہ ذیل مسائل کو آپ ماہنامہ طلسماتی دنیا میں شائع کردیں تاکہ لاکھوں لوگ اس سے مستفیض ہوں۔ ذاتی طور پر جواب طلب کے لئے اپنا پتہ لکھا لفافہ ارسال خدمت ہے۔

مسئلہ نمبر ایک: حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے گیارہ مریدین کا نام کیا ہے۔؟ آباؤ اجداد کا نام، پیدائشی تاریخ اور وصال کی تاریخ بتادیں نقش اسم غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی عظمت اور افادیت کیا ہے۔ نقش اسم اعظم ماہنامہ طلسماتی دنیا میں شائع کریں۔

مسئلہ نمبر دو: میرے چار لڑکے ہیں۔ محمد ابوظفر، محمد ابوشمس، زبیر احمد اور عبدالرب عرف فصیح الزماں نام ہے۔ ان لوگوں کے نام کے اعداد، راشی، برج، ستارہ اور کونسا نگینہ اور اسم اللہ کیا ہے۔ ان لوگوں کی والدہ کا نام مرحومہ نور جہاں خاتون ہے۔ سب سے چھوٹا لڑکا عبدالرب عرف فصیح الزماں اس کی پیدائش ۲۳ رجنوری ۱۹۸۸ء بروز جمعہ بعد نماز عشاء تقریباً ساڑھے بارہ بجے دن میں ہوئی ہے۔ اس کی والدہ کا نام مرحومہ نور جہاں خاتون ہے۔ اب یہ نوکری کرنا چاہتا ہے۔ کوئی عمل یا وظیفہ یا تعویذ دیں۔ تاکہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائے اس کی شادی بھی نہیں ہوئی ہے۔ اچھے گھرانے میں صوم وصلوٰۃ کا پابند ہو، پیغام آئے، لڑکی کی کونسی راشی سے شادی کی جائے۔ تاکہ ازدواج زندگی اچھی طرح گزر سکے۔ عبدالرب عرف فصیح الزماں کے نام کے اعداد، برج، راشی، ستارہ اور نگینہ (پتھر) اور اسم اللہ کیا ہے۔ ستارہ زحل کیا ہے، لوح زحل کی خاصیت بتادیں۔ نحوست زحل سے محفوظ رہنے کے لئے کوئی عمل بتادیں۔

مسئلہ نمبر تین: عبدالشکور حافظی والدہ کا نام مرحومہ مدارن خاتون ہے۔ پیدائشی تاریخ اپریل ۱۹۴۳ء۔۶۔۱ ہے۔ میں چھ سال سے پریشان

Scanned by CamScanner

ہوں داہنے پیر کے گھٹنے میں درد رہتا ہے۔ نماز پڑھنے میں بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ بیت الخلا سہارا لے کر جانا پڑتا ہے۔ بیٹھ کر وضو کرنے میں بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ ڈاکٹری علاج کر کے تھک چکا ہوں۔ مجھے شک ہے کہ کسی نے جادو ٹونا کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے زندگی گزار رہا ہوں۔ نماز قضا ہونے پر بے حد ملال ہوتا ہے۔ آپ سے میری گزارش ہے کہ کوئی عمل، وظیفہ یا تعویذ دیں تاکہ ان بیماری سے سبکدوش ہوسکوں۔

دوسرے عمل ایسا دیں کہ دشمن دیکھ کر سرد ہو جائے اور ظالم کے لئے قہر بن جاؤں اجازت کے ساتھ عمل بتائیے۔ حجاب، اصراف اور حصار تفصیل سے بتادیں، یہ الفاظ ماہنامہ طلسماتی دنیا میں لکھا ہوا تھا میری سمجھ میں نہیں آیا اس لئے حضور سے جانکاری طلب کر رہا ہوں۔

سورۂ فاتحہ کے حروف سبط کے کیا معنی ہیں، طریقہ کیا ہے۔ میں روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک وظیفہ پڑھتا ہوں اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل۔ دوسرا وظیفہ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف بطفیل حضرت دستگیر دشمن ہوئے زیر۔ ایک سو گیارہ بار یہ دونوں وظیفہ ہمیشہ اپنے عمل میں رکھوں۔

(نوٹ) سورۂ بقرہ اور سورۂ یٰسین کا کیا ہے۔ بتانے کی زحمت گوارہ کریں۔ عین نوازش ہوگی۔

جواب

''غوث اعظم'' حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اولیاء میں ایک ممتاز اور نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ اکثر اکابرین کی رائے کے مطابق آپ درجہ غوثیت پر بھی فائز تھے۔ لیکن دین اسلام نے اللہ کے تمام برگزیدہ بندوں کا ایک خاص مقام متعین کیا ہے اس مقام سے کسی کو فوقیت دینا محض ایک مبالغہ آرائی ہوتا ہے اور مبالغہ آرائی دین اسلام کو پسند نہیں ہے۔ کسی بھی بزرگ کا احترام اور توقیر اس کا حق ہے۔ اور مسلمانوں کا اور عام انسانوں کا فرض ہے کہ وہ بزرگوں کا احترام کریں اور ان کے مقام کو پہچانیں لیکن کسی بھی بزرگ کی تعریف وتوصیف میں مبالغہ بازی کرنا محض ایک نادانی ہے اور محض کم علمی کی دلیل ہے۔ یاد رکھیں کہ کوئی بھی عام مسلمان ولی نہیں ہوتا اور کوئی بھی ولی تابعی کے درجے تک نہیں پہنچتا اور کوئی بھی تابعی صحابی کا مقام حاصل نہیں کرسکتا اور کوئی بھی صحابی درجہ نبوت تک نہیں پہنچ سکتا۔ دین وشریعت کی حدبندیوں کے مطابق وصال ہو جانے کے بعد ''رضی اللہ عنہ'' کے الفاظ صرف صحابہ کے لئے استعمال کرنے چاہئیں۔ آپ نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے لئے ان الفاظ کو استعمال کر کے ایک طرح کی مبالغہ آمیزی کی ہے جو درست نہیں ہے۔ اولیاء اللہ کو وصال کے بعد ''رحمۃ اللہ علیہ'' ''نور اللہ مرقدہٗ'' جیسے کلمات سے پکارنا چاہئے۔ کسی ولی کو وصال کے بعد رضی اللہ عنہ کہنا یا کسی صحابی کو دنیا سے پردہ کرنے کے بعد علیہ السلام کہنا احتیاط کے خلاف ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ۴۷۰ھ میں مقام گیلان میں پیدا ہوئے اور ۵۶۱ھ میں آپ نے اس جہان فانی سے پردہ فرمایا اس حساب سے آپ نے تقریباً نوے سال کی عمر پائی۔ آپ تمام عمر ذکر وفکر میں مشغول رہے اور آپ نے علم ومعرفت کے جو دریا بہائے اس سے قیامت تک لوگ مستفیض ہوتے رہیں گے۔ آپ نے بے شمار کتابیں لکھیں لیکن آپ کی دو کتابیں ایک فتوح الغیب اور ایک غنیۃ الطالبین معرکۃ الآراء تصانیف ہیں جن کے لاکھوں ایڈیشن دنیا میں شائع ہو چکے ہیں اور آج بھی یہ دونوں کتابیں مقبول عام ہیں۔ اور ان کی ایک ایک سطر میں حق اور حقانیت بکھری ہوئی ہے۔ شیخ عبدالقادر جیلانی کے والد محترم کا اسم گرامی سید ابی صالح اور جد امجد کا نام سید عبداللہ تھا۔ آپ کے خصوصی شاگرد اور مریدوں کی تعداد پچاس سے زیادہ ہے۔ ان کی تفصیل جاننے کے لئے آپ کو حضرت شیخ کی کسی سوانح عمری کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اس خصوصیت پر امت مسلمہ کو نظر رکھنی چاہئے کہ آپ کا مسلک امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک تھا۔ لیکن آپ نے اپنی تصانیف میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کو امام اعظم لکھا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ آپ حنبلی ہوتے ہوئے امام ابوحنیفہؒ کو حد سے زیادہ عزت دیا کرتے تھے۔ آج کے دور میں جب امت مسلک کے اختلاف میں بری طرح الجھی ہوئی ہے اور اپنے اپنے رجحانات کے پیش نظر مبالغہ آرائیوں کا اور خواہ مخواہ کی بحثوں کا سلسلہ پورے شباب پر ہے۔ مسلمانوں کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے طرز فکر سے سبق لینا چاہئے اور ایک دوسرے کے خیالات کو اہمیت دینی چاہئے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے چاہنے والے آج بھی دنیا میں کروڑوں کی تعداد میں موجود ہیں لیکن ان کے فرمودات کو سب نے فراموش کر دیا ہے۔ جب کہ ان کے فرمودات کتاب بندگی کا اہم عنوان ہیں۔ اور ان فرمودات پر عمل کر کے آج بھی ہر مسلمان اپنے تقوے کی نوک پلک درست کرسکتا ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے بعض فرمودات یہ ہیں۔

Scanned by CamScanner

(۱) اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کا حکم ہر حالت میں بجالاؤ۔

(۲) شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی پابندی کرتے رہو اور اس سے سرموانحراف نہ کرو۔

(۳) اپنے سینوں کو حسد، کینہ اور بغض وعداوت سے پاک رکھو۔

(۴) سخاوت کو اپناؤ، ضرورت مندوں کی مدد کرو، اور لوگوں کی دی ہوئی تکلیفوں کو خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرو۔

(۵) اپنے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرو، دشمنوں کی ریشہ دانیوں کو نظر انداز کرو اور کمسن بچوں کے ساتھ شفقت کا معاملہ کرو۔

(۶) لوگوں کی حاجتوں کو اپنی حاجتوں پر ترجیح دو۔

(۷) اپنی ضرورتوں کو صرف اللہ وحدہٗ لاشریک کے سامنے پیش کرو اور انسانوں کے سامنے اپنا دامن پھیلانے سے گریز کرو۔

اس طرح کے ہزاروں فرمودات ہیں جو امت کے لئے مستقل ایک رہنما کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن افسوس ان کے چاہنے والوں نے ان فرمودات کو یکسر بھلا دیا ہے۔ اور یہ لوگ لفظوں کی محبت اور عقیدت میں گرفتار ہیں جب کہ محبت اور عقیدت کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم ان کی ایک ایک نصیحت پر عمل کریں اور ان کی ایک ایک ادا کو اپنے مزاج میں ڈھالنے کی کوشش کریں۔

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اسم اعظم کی تحقیق میں یہ فرمایا ہے کہ جب بندہ دل کی تڑپ کے ساتھ "اللہ" کو پکارتا ہے بس وہی اسم اعظم ہے۔ شیخ نے اللہ سے اپنی حاجات اور ضرودیات پوری کرنے کے لئے کئی اہم فارمولے امت کو عطا کئے ہیں ان میں سے ایک اہم فارمولہ یہ بھی ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ جب کوئی ضرورت اور حاجت درکار ہو تو نماز تہجد ادا کرنے کے بعد پوری یکسوئی کے ساتھ "یاحیٌّ" دائیں طرف ضرب لگا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور بائیں طرف ضرب لگا کر ایک ہزار مرتبہ "یاوہاب" پڑھے۔ چند دنوں ہی میں مقصد میں بھرپور کامیابی حاصل ہوگی۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ مسلمانوں کو اللہ اپنے بزرگوں اور ولیوں کے فرمودات سے استفادہ کرنے کی توفیق عطا کرے۔ بزرگوں کا ذکر کرنا اور مزارات پر حاضری دینا صرف محبت اور عقیدت کا اظہار ہے محبت اور عقیدت کا اصل تقاضہ یہ ہے کہ ہم اپنے بزرگوں اور اولیاء اللہ کے رنگ میں رنگ جانے کی کوشش کریں اور ان کے خیالات اور رجحانات کی حفاظت کریں اور حفاظت زبان سے نہیں عمل سے ہوتی ہے۔ لفظوں کی محبت کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی نہ دین میں نہ دنیا میں۔

آپ کے بیٹے محمد ابوظفر کا مفرد عدد ۳ ہے۔ اس حساب سے ان کے لئے مبارک تاریخیں ۳، ۱۲، ۲۱، اور ۳۰ ہیں۔ اسم اعظم "یالطیف" ہے۔ عشاء کے بعد ۱۲۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ دوسرے بیٹے محمد ابوشمس کا مفرد عدد ۶ ہے۔ اس حساب سے ان کی مبارک تاریخیں ۶، ۱۵، ۲۴ ہیں۔ ان کا اسم اعظم "یاعلیم" ہے۔ عشاء کے بعد ۱۵۰ مرتبہ اس کا ورد کرنا چاہئے۔

آپ کے تیسرے بیٹے زبیر احمد کا مفرد عدد ۲ ہے۔ اس حساب سے ان کی مبارک تاریخیں ۲، ۱۱، ۲۰ اور ۲۹ ہیں۔ ان کا اسم اعظم یاواسع ہے۔ عشاء کی بعد ۱۳۷ مرتبہ پڑھا کریں۔

ان بیٹوں کی آپ نے تاریخ پیدائش نہیں لکھی اس لئے برج اور ستارے وغیرہ کی نشاندہی نہیں کی جاسکتی۔ آپ کے چھوٹے بیٹے کا نام عبدالرب عرف فصیح الزماں ہے۔ گویا کہ اس بیٹے کے دو نام ہیں۔ ایک عبدالرب جس کا مفرد عدد ۳ ہے۔ دوسرا نام فصیح الزماں ہے۔ اس کا مفرد عدد ۲ ہے۔ ۲ اور ۳ میں بظاہر تو کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن دو کی خصوصیات اور ہیں اور ۳ کی خصوصیات اور۔ اس لئے عبدالرب کی شخصیت پر دو اور تین کے اثرات حاوی رہیں گے۔ ان کی مبارک تاریخیں ۲، ۳، ۱۱، ۱۲، ۲۰، ۲۱، ۲۹ اور ۳۰ ہیں۔ ان کے دو اسم اعظم ہیں۔ "یاواسع" ۱۳۷ مرتبہ مغرب کے بعد پڑھیں۔ یالطیف ۱۲۹ مرتبہ عشاء کے بعد پڑھیں۔ ان کی تاریخ پیدائش ۲۳/جنوری ۱۹۸۸ ہے۔ اس حساب سے ان کا برج دلو اور ستارہ زحل ہے۔ زحل کی نحوستوں سے بچنے کے لئے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل ۴۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ بالخصوص اس زمانہ میں جب زحل حالت رجعت میں ہو۔ عبدالرب کو یاقوت اللہ کے فضل سے راس آئے گا۔ ان کیلئے نیلا اور سبز رنگ مبارک ثابت ہوگا۔ ان کی شادی اس لڑکی سے کرنے کی کوشش کریں جس کی تاریخ پیدائش ۲۱/جنوری سے ۱۹/فروری، ۲۲/مئی سے ۲۱/جون، ۲۴/جولائی سے ۲۳/اگست یا ۲۴/ستمبر سے ۲۳/نومبر کے درمیان کی ہو۔

روحانی ڈاک

- کے کالم میں اپنا خط چھپوانے کیلئے چند باتوں کا خیال رکھیں۔
- خط صاف صاف تحریر کریں۔
- خط مختصر ہو۔
- خط کے ساتھ جوابی لفافہ بھی ہو۔
- خط بھیجنے کے بعد جواب کا انتظار کریں۔

(ادارہ)

Scanned by CamScanner

اعداد کی دنیا

قسط نمبر: ۲

حسن الہاشمی فاضل دارالعلوم دیوبند

(۲)دو

دو کا عدد چاند کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ یہ عدد اپنے اندر ایک طرح کی بے چینی اور اضطراب رکھتا ہے اور چاند کے گھٹنے اور بڑھنے کا اثر اس عدد پر بہت گہرا ہوتا ہے۔ اس عدد کے حاملین اپنی فطرت میں ایک طرح کا اضطراب اور بے چینی رکھتے ہیں اور ان کا مزاج مختلف اوقات میں مختلف ہوتا ہے۔ اس عدد کو اگر دوستی اور میل ملاپ کا عدد کہا جائے تو شاید غلط نہ ہوگا۔ یہ عدد بہت جلد دوسروں کی طرف مائل ہو جاتا ہے اور بہت جلد دوسروں کے اثر کو قبول کر لیتا ہے۔

جو لوگ انگریزی ماہ کی ۲، ۱۱، ۲۰، یا ۲۹ کو پیدا ہوئے ہوں وہ دو عدد کے لوگ مانے جاتے ہیں۔ دو عدد کے لوگ بے چین طبیعت کے مالک ہوتے ہیں ان میں کسی بھی وقت کوئی تغیر پیدا ہو سکتا ہے یہ عدد موسیقی کی طرف مائل رہتا ہے اور عوامی سرگرمیوں سے گہری دلچسپی رکھتا ہے، دو عدد کے لوگوں میں مذکورہ خصوصیات اس وقت زیادہ نمایاں ہو کر سامنے آتی ہیں جب ۲ عدد کے لوگوں کی پیدائش ۲۰/ جون سے ۲۷/ جولائی کے درمیان ہوئی ہو۔

دو عدد کے لوگ مزاج کے اعتبار سے مہربان، لوگوں کے ساتھ تعاون کرنے والے اور دوستوں کی بھرپور مدد کرنے والے ہوتے ہیں، ہمدردی اور مدد کر کے ان کو روحانی خوشی ملتی ہے۔ ان کے لب ولہجہ میں نرمی ہوتی ہے ان کے اخلاق کریمانہ ہوتے ہیں، یہ لوگ حد سے زیادہ فرض شناس ہوتے ہیں، دوسروں پر احسان کرنا ان کی فطرت میں شامل ہوتا ہے اور دوسرے لوگ اگر ان پر احسان کریں گے تو یہ اس کی قدر کرتے ہیں اور احسان کا بدلہ احسان سے چکانے کی کوشش کرتے ہیں، یہ اچھی مجلس اور اچھی صحبت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں، انہیں بری صحبتوں سے وحشت ہوتی ہے اور یہ لوگ برے لوگوں کی ہم نشینی کو ہرگز ہرگز گوارہ نہیں کرتے۔

دو عدد کے لوگ امن پسند ہوتے ہیں، یہ صلح پسند بھی ہوتے ہیں اگر انہیں دو فریقین کے درمیان ثالث بنا دیا جائے تو یہ صلح کرانے کے لئے اہم رول ادا کر سکتے ہیں، ان میں کسی قدر آمریت بھی ہوتی ہے لیکن مجموعی اعتبار سے ۲ عدد کے حامل انصاف پسند ہوتے ہیں، ڈکٹیٹری سے خود کو بچاتے ہیں، مصلحت پسندی اور دور اندیشی ان کی ذات کا جزو لاینفک ہوتی ہے۔

دو عدد کے لوگ آزادی کے متوالے ہوتے ہیں وہ خواہ مخواہ کی پابندیوں کو ہرگز ہرگز برداشت نہیں کرتے وہ آزادانہ ماحول میں کھل کر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں، وہ نئے علاقے دریافت کرنے اور نئی چیزوں کی کھوج کرنے میں ماہر ہوتے ہیں لیکن یہ اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنانے میں پیش قدمی نہیں کر پاتے، ان کی بے چینی اور غیر یقینی والی کیفیت ان کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے میں آڑ بن جاتی ہے، ذہنی بیداری کے باوجود ان میں خود اعتمادی کی کمی ہوتی ہے جو انہیں بروقت اقدامات کرنے سے روکتی ہے۔

اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۱۱ ہے تو اگرچہ دو عدد کی خصوصیات آپ کے اندر موجود ہوں گی لیکن آپ کی زندگی میں مشکلات کا ایک تانتا سا بندھا رہے گا، قدم قدم پر آپ کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا، لوگ آپ کو فریب دینے میں کامیاب رہیں گے، حاسدوں اور دشمنوں کی ریشہ دوانیوں کی وجہ سے آپ کا سکون غارت رہے گا۔

اگر آپ کسی بھی انگریزی ماہ کی ۲۰/ تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں تو آپ خوش نصیب ہوں گے، آپ کے منصوبے بروئے کار آئیں گے اور آپ کو اپنے مقاصد میں کامیابی ملے گی، آپ سیر و تفریح کے دلدادہ ہوں گے، آپ اپنے کاموں میں خود کو مصروف رکھیں گے اور آپ کی مصروفیت آپ کیلئے خوش آئند ثابت ہوگی، آپ کو قدرتی مناظر سے دلچسپی ہوگی اور گھومنا آپ کا فطری ذوق ہوگا، اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۲۹ ہوگی تو پیار اور محبت کے معاملے میں آپ کو دکھ اٹھانے پڑیں گے، اگرچہ آپ کے اندر ایک ایسی کشش ہوں گی کہ عورتیں آپ کی طرف خودبخود مائل ہوں گی، لوگ آپ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے میں فخر محسوس کریں گے لیکن محبت اور

دوستی کے راستوں سے آپ کو نئے نئے صدمات برداشت کرنے پڑیں گے۔

آپ کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد اگر ۲ ہے تو آپ کو ان لوگوں کی ہم نشینی اور ان لوگوں کا ساتھ راس آئے گا جن کی تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۸ ہو اور جن لوگوں کی تاریخ پیدائش کا عدد ۵ ہوگا وہ آپ کو ہرگز ہرگز راس نہیں آئیں گے۔ ۲ اور پانچ کا ملن بہت سی مشکلات پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی اور وجہ سے ان دونوں عددوں میں ہم آہنگی اور جذباتی قسم کا لگاؤ ہو تو دوسرے مسائل کھڑے ہو جاتے ہیں اور ان کی زندگی میں ایک عجیب طرح کی اتھل پتھل پیدا کر دیتے ہیں، ایسے موقعوں پر ناموں میں تبدیلی پیدا کر لینا مصلحتاً ضروری ہوتا ہے۔ ایسے نام جن کے اعداد ایک دوسرے سے گہری وابستگی رکھتے ہوں اور ایسے وظیفے جن کے ورد سے آسمانی آفات دفع ہو سکتی ہوں ۲ اور ۵ کے ملن کو مستحکم کر سکتے ہیں۔ خوشگوار زندگی گزارنے کے لئے آپ کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔ کوئی بھی شخص اپنی تاریخ پیدائش میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ لیکن نام، جگہ، اعداد اور حروف وغیرہ میں تبدیلی کر کے خواہ مخواہ کی الجھنوں سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے، بعض حروف میں اور بعض اعداد میں زبردست یگانگت ہوتی ہے اگر ان کو ملحوظ رکھا جائے تو تاریخ پیدائش کے ٹکراؤ کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ اگر اعداد کا ٹکراؤ دشواریاں پیدا کر رہا ہو تو آپ کو کسی ماہر اعداد سے مل کر اس کا کوئی مناسب حل نکلوانا چاہئے۔

دو عدد والوں کے لئے یہ رنگ مبارک ثابت ہوتے ہیں

سفید، کریم، گرے اور سبز رنگ کے تمام شیڈ، لباس، بیڈروم اور آفس کے پردوں نیز گاڑی، ٹیلی فون وغیرہ میں ان رنگوں کو اہمیت دیں۔ ان رنگوں کا انتخاب کرنے سے آپ کو ایک طرح کی خوشی اور سکون انشاء اللہ حاصل رہے گا۔

مبارک نگینے

مون اسٹون، موتی اور یمنی عقیق آپ کو انشاء اللہ راس آئیں گے اور ان پتھروں کے استعمال سے آپ کی زندگی میں اچھا انقلاب آئے گا۔ اگر آپ مرد ہوں تو چاندی میں جڑوا کر پہنیں اور اگر آپ عورت ہوں تو سونے کی انگوٹھی میں یہ نگینے جڑوا کر استعمال کریں۔

دو عدد والے افراد کو ان اسمائے حسنیٰ کا ورد راس آتا ہے اور ان کو ارضی اور سماوی آفتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ ان اسمائے حسنیٰ کا ورد مندرجہ ذیل تعداد کے حساب سے کریں۔

یَا خَالِقُ ۷۳۱ یَا رَزّاقُ ۳۰۸ یَا خَبِیْرُ ۸۱۲ یَا وَاسِعُ ۱۳۷ یَا عَلِیُّ ۱۱۰ یَا مُبْدِیُٔ ۵۶ یَا وَالِیُ ۴۷ یَا مُقْسِطُ ۲۰۹ یَا مُغْنِیُ ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۱۱، یا ۲۹ ہو اور اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۲۰ ہو تو پھر یَا وَدُوْدُ ۲۰ مرتبہ۔ یا پھر یَا ھَادِیُ ۲۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ اپنی آسان اور اپنی پسند اور اپنے رجحان کو دیکھتے ہوئے کسی ایک اسم الٰہی کا انتخاب کریں اور اس وظیفے کو عمر بھر عشاء کے بعد پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج برآمد ہوں گے اور غیبی امداد حاصل ہوتی رہے گی۔ (باقی آئندہ)

طلسماتی موم بتی

ہاشمی روحانی مرکز کی عظیم الشان روحانی پیشکش

آج کل گھر گھر میں جنات نے اپنا ڈیرہ جما رکھا ہے، اور اللہ کے کروڑوں بندے ان کی موجودگی سے پریشان ہیں، جنات کے علاوہ کرنی کرتوت سے بھی گھروں میں نحوست بکھری ہوئی ہے، ان اثرات کو آسانی دفع کرنے کے لئے

ہاشمی روحانی مرکز

نے ایک موم بتی تیار کی ہے، جو اس دور کی ایک لاجواب روحانی پیش کش ہے، جو لوگ جنات کی موجودگی سے پریشان ہیں وہ اس موم بتی کے طلسماتی اثرات سے فائدہ اٹھائیں۔

قیمت فی موم بتی -/40 روپے

ہر جگہ ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ فوراً رابطہ قائم کریں۔ ایجنسی کی شرائط خط لکھ کر فوراً طلب کریں۔

اعلان کنندہ: ہاشمی روحانی مرکز

محلہ ابوالمعالی دیوبند یوپی 247554

قسط: ۴۰

مخزن العجائب

حسن الہاشمی

برائے ظہورِ اسرار

حروف تہجی کے وہ سات حروف جو سورۂ فاتحہ میں نہیں ہیں یعنی ث، ج، خ، ز، ش، ف، ظ یہ حروف سورۂ انعام کی اس آیت میں موجود ہیں۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَ جَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ.

اگرکوئی شخص یہ چاہے کہ کوئی خاص راز اس پر ظاہر جائے تو اس کو چاہئے کہ عروج ماہ میں سات دن لگاتار روزے رکھے اور روزے رکھنا اتوار کے دن سے شروع کرے، سحری کے بعد غسل کرے اور نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد اتوار کے دن ایک بار سورۂ یٰسین اور ایک بار سورۂ طٰہٰ اور سورۂ ملک پڑھے، اس کے بعد گیارہ مرتبہ مذکورہ آیت اور سو مرتبہ "یَاخَبِیْرُ" پڑھے، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ روزانہ کا معمول یہی رہے گا لیکن روزانہ اسماءِ حسنیٰ بدلتے رہیں گے۔ اسماءِ حسنیٰ اس ترتیب سے پڑھیں۔

اتوار کے دن "یَاخَبِیْرُ" ۱۰۰ مرتبہ
پیر کے دن "یَاشَكُوْرُ" ۱۰۰ مرتبہ
منگل کے دن "یَارَحِیْمُ" ۱۰۰ مرتبہ
بدھ کے دن "یَاظَاهِرُ" ۱۰۰ مرتبہ
جمعرات کے دن "یَاثَابِتُ" ۱۰۰ مرتبہ
جمعہ کے دن "یَاجَلِیْلُ" ۱۰۰ مرتبہ
ہفتہ کے دن "یَافَتَّاحُ" ۱۰۰ مرتبہ

آخری دن یعنی ہفتے کے دن ۱۰۰ مرتبہ سورۂ فاتحہ بھی پڑھے۔

اس کے بعد دعا مانگے انشاء اللہ چند دن میں وہ راز عامل پر منکشف ہوجائے گا۔

کسی کا حال دریافت کرنا

اگرکوئی شخص اپنے کسی رشتے دار کا یا کسی مفرور کا حال دریافت کرنا چاہے کہ وہ کس حال میں ہے تو نصف شب کے بعد اَلْهَادِیْ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنَ ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سو کی تعداد ہونے پر ایک بار یہ پڑھے اِهْدِنِیْ یَاهَادِیْ اَخْبِرْنِیْ یَاخَبِیْرُ بَیِّنْ لِیْ یَامُبِیْنُ.

اس کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سوجائے اور اپنے مقصد کو ذہن میں رکھے۔ انشاء اللہ خواب میں اس شخص کا حال معلوم ہوجائے گا۔

عملِ فتوحات

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ جس کام میں بھی ہاتھ ڈالے اس میں اس کو فتح وکامرانی نصیب ہو اور غیب سے اس کی مدد ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس طرح پڑھے: نوچندی اتوار سے اس عمل کی شروعات کرے۔

نماز فجر کے بعد ۷۰ مرتبہ پڑھے۔ پیر کے دن ۶۰ مرتبہ، منگل کے دن ۵۰ مرتبہ، بدھ کے دن ۴۰ مرتبہ، جمعرات کے دن ۳۰ مرتبہ، جمعہ کے دن ۲۱ مرتبہ، سنیچر کے دن ۱۱ مرتبہ، اس طرح ایک مہینے میں ۲۸۲ مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ہر مہینے سات دن یہ عمل کرنا ہے۔ اس طرح لگاتار ۷ مہینے تک یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ غیب سے زبردست مدد ہوگی۔ فتح وکامرانی کی دولت سے عامل سرفراز ہوگا اور ہر طرح کی رکاوٹوں اور بندشوں سے نجات ملے گی۔

مستجاب الدعوات بننے کے لئے

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ وہ مستجاب الدعوات بن جائے، اس کی دعائیں قبول ہوں اور اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہوں تو اس کو چاہئے کہ نماز کی پابندی رکھے اور جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے اپنی زبان کو محفوظ رکھے اور چالیس دن تک یہ عمل کرے۔ مکمل تنہائی میں بیٹھ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے اور ہر مبین پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ۲۷ مرتبہ "یَابَاسِطُ" پڑھے۔ سورۂ یٰسین کے اول وآخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ ۴۰ دن کے بعد اس کی دعائیں قبول ہوں گی اور اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہوں گے۔

۴۰ دن کے بعد روزانہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین مبین در مبین پڑھنے کا معمول رکھے۔

لڑکی کی شادی کے لئے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کرے۔ اول و آخیر ۲۱، ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ۲۱ دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ ۲۱ دن کے اندر اندر اچھا رشتہ موصول ہوگا، بات بن جائے گی اور شادی کے لئے راہیں کھل جائیں گی۔

دشمن کو زیر کرنا

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو اور دشمن کسی بھی طرح صلح کی طرف مائل نہ ہو اور وہ ہر وقت نقصان پہنچانے کے منصوبے بناتا ہو جس کی وجہ سے یہ اندیشہ ہو کہ دشمن کا کوئی وار کارگر نہ ہو جائے تو ایسی صورت میں روزانہ نماز عشاء کے بعد ۲۵ مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر اللہ سے دعا کرے۔ انشاء اللہ ۲۱ دن کے اندر اندر دشمن مغلوب ہو جائے گا اور ایسے ایسے مصائب میں مبتلا ہو جائے گا کہ ادھر سے اس کو غافل ہونا پڑے گا۔

پھانسی سے رہائی کے لئے

اگر کسی کو ناحق پھانسی کا حکم سنا دیا گیا ہو تو مسجد میں بیٹھ کر پانچ ہزار سات سو چھیاسی مرتبہ سورۂ ناس پڑھیں اور سجدے میں جا کر اللہ سے دعا کریں کہ اس کی سزا معاف کردی جائے، اس عمل کو لگاتار ۲۱ دن تک کریں، اول و آخیر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ اس کی سزا منسوخ ہو جائے گی اور اس کو رہا کر دیا جائے گا۔ اس عمل کو اس وقت کریں جب یقین ہو کہ ملزم بے قصور ہے اور اس کو ناحق پھانسی کی سزا سنائی گئی ہے۔

تمام جانور مطیع ہوں

اگر کوئی چاہے کہ جنگل کے تمام جانور اس کے مطیع ہوں مثلاً شیر، ہاتھی، ریچھ، سانپ اور بچھو وغیرہ اس کو دیکھ کر ڈر جائیں اور اس کا رعب ان جانوروں پر قائم ہو جائے اور یہ جانور اس کی اطاعت کرنے پر مجبور ہوں تو اس کو چاہئے کہ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ۷۰ مرتبہ اللہ الصمد پڑھیں اور اس عمل کو مستقل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تمام جانور مطیع ہوں گے اور اس کو کبھی نقصان نہیں پہنچ سکے گا۔

برائے حصول روزگار

اگر کسی شخص کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو اور کاروبار کرنے کے لئے کوئی سرمایہ نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ نوچندی جمعہ سے یہ عمل شروع کرے۔ روزانہ ۴۱ مرتبہ سورۂ اخلاص اور سو مرتبہ یارزاق نماز فجر کے بعد پڑھے، اول و آخیر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور روزانہ اللہ سے دعا کرے نیز اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ بہت جلد اس کو روزگار نصیب ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

بحق یارزاق

رجوع خلائق کے لئے

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ دنیا والوں کی نظروں میں مقبول ہو جائے اور دنیا والے بھی اس کی عزت و احترام کرنے پر مجبور ہوں اور لوگ اس کی اطاعت سے روگردانی نہ کریں، وہ جہاں بھی جائے اس کی بات کا وزن رہے اور دنیا والے اس کی رائے کو فوقیت دیں تو اس کو یہ عمل کرنا چاہئے۔ اس عمل کی شروعات نوچندی جمعرات سے کرے اور روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ درود شریف ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی اور ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھے، اس کے بعد پھر ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی اور ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل ختم کر دے۔ اس عمل سے پہلے آیت الکرسی اور چاروں قل ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنا حصار کر لے اس عمل کو لگاتار ۴۱ دن تک جاری رکھے۔ ۴۱ ویں دن یہ نقش تیار کر کے ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ دنیا والے مسخر ہوں گے۔

نقش یہ ہے۔

Scanned by CamScanner

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۸	۱۱۵	۱۱۲
۱۱۶	۱۱۱	۱۰۶	۱۱۷
۱۱۰	۱۱۳	۱۲۰	۱۰۷
۱۱۹	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۴

چور کا اندازہ کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کا مال یا کوئی چیز چوری ہو گئی ہو اور وہ یہ اندازہ کرنا چاہتا ہو کہ چور کون ہے تو اس کو چاہئے کہ نمازِ مغرب کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ شمس سات بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ والیل سات بار پڑھے سلام پھیرنے کے بعد ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اس کے بعد ۴۵۰ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْل پڑھے۔ آخیر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور یہ نقش تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ وہ چور کو خواب میں دیکھ لے گا یا کوئی بزرگ آکر اس کے نام کی نشاندہی کریں گے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل
ص	م	ل	ا
ل	ا	ص	م

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اس عمل کو ایسے افراد کریں جو انتہائی مشکل میں گرفتار ہوں یا وہ سماج میں کسی وجہ سے بے عزت ہو گئے ہوں یا وہ افراد جو یہ چاہیں کہ ان کو سماج میں کوئی مقام ملے اور ان کی وقعت ہو۔ اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت مشکلات اور مصائب سے نجات دے گا، لوگوں کی نظروں میں مقبولیت ہوگی، کھویا ہوا وقار دوبارہ حاصل ہوگا، تمام مقاصد حسنہ میں کامیابی ملے گی۔ اگر کوئی شخص اس عمل کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ چالیس روز تک پڑھے تو وہ اس عمل کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد جس مقصد کے لئے بھی وہ اس عمل کو ۷ مرتبہ پڑھے گا وہ کام ہو جائے گا اور اگر سات مرتبہ پڑھنے سے کوئی کام نہ ہوگا تو عشاء کی نماز کے بعد ۱۲۵ مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ وہ کام ہو جائے گا۔ عامل کو چاہئے کہ عمل کی زکوٰۃ شروع کرتے وقت مندرجہ ذیل نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے ایک بازو پر باندھ لے اور اس کے بعد اس نقش کو مستقل باندھے رکھے۔ اس عمل اور اس نقش کی برکت سے قدم قدم پر کامیابی ملے گی اور عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. بِسمِ اللّٰهِ بَابُنَا تبارك حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

اول و آخیر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

نقش یہ ہے۔

ک	ہ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق
ہ	ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک
ی	ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ہ
ع	ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ہ	ی
ص	ح	م	ع	س	ق	ک	ی	ی	ع
ح	م	ع	س	ق	ک	ی	ع	ع	ص
م	ع	س	ق	ک	ع	ع	ص	ص	ح
ع	س	ق	ک	ع	ص	ص	ح	ح	م
س	ق	ک	ع	ص	ح	ح	م	م	ع
ق	ک	ع	ص	ح	م	م	ع	ع	س
ک	ع	ص	ح	م	ع	ع	س	س	ق

موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ مرتبہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد اس عمل کو پڑھنے کا معمول بنائے تو وہ سانپ، بچھو اور دوسرے زہریلے جانوروں سے محفوظ رہے اور اگر خدانخواستہ کوئی موذی جانور کاٹ بھی لے تو اس شخص پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ عمل یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّىْ وَ رَبِّكُمْ مَامِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.

Scanned by CamScanner

رجعت دکان و کاروبار

اگر کوئی شخص کسی رجعت کا شکار ہو اور یہ رجعت کسی عمل کی وجہ سے یا کسی عمل میں غلطی کی وجہ سے ہوگئی ہو اور اس کی وجہ سے صحت پر مضر اثرات پڑ رہے ہوں اور کاروبار بھی بند ہوگیا ہو تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے مکمل تنہائی میں پاک وصاف چٹائی یا کپڑے پر بیٹھ کر قبلہ رو ہو کر کالی روشنائی سے سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ لکھے۔ ٣ نقش تیار کرے اور اس نقش کو پانی میں پکا کر اس پانی کو نہانے کے پانی میں ملا کر اس سے نہالے اور اس طرح نہائے کہ پانی زمین میں جذب ہوجائے۔ نالی وغیرہ میں نہ جائے، اس کے بعد مندرجہ ذیل ٤ عدد نقش لکھ کر اپنے مکان یا اپنی دوکان کے چاروں کونوں میں دفن کردے۔ انشاء اللہ رجعت سے نجات ملے گی۔ اگر صحت بھی متاثر ہوگئی ہو تو ایک نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لے۔

٧٨٦

ھوالقاھر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر
ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر
ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر
ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر
ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر
ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر	ھوالقادر

کاروبار شروع کرنے سے پہلے

اگر کوئی شخص کوئی دکان کھولے اور اس کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ دکان چلے گی یا نہیں تو اس کو چاہئے کہ دکان تیار ہوجانے کے بعد یا کرائے پر لینے کے بعد ١٩ اگربتی لے اور ہر اگربتی پر ١٩ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کردے، اس کے بعد اگربتیوں کو دکان میں جلادے اور اس نقش کو دروازے کے سامنے لگادے۔ انشاء اللہ دکان خوب چلے گی۔

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	الصمد	الصمد	اللہ
اللہ	الصمد	الصمد	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

رکاوٹیں دور ہوں

بعض لوگ دنیاوی الجھنوں اور مسائل ومصائب میں اس طرح پھنس جاتے ہیں کہ ان کے سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ اس کی وجہ کیا ہے؟ اور بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کام بنتے بنتے بگڑ جاتا ہے۔ بعض لوگ کسی عمل کی رجعت کا شکار ہوجاتے ہیں۔ بعض لوگ سحر اور بندش کی وجہ سے مسائل کا شکار ہوجاتے ہیں۔ بعض لوگوں پر گردش کا اثر ہوتا ہے اور بعض لوگ حسد اور ہائے ہائے کا شکار ہوتے ہیں۔ ان تمام صورتوں میں ذیل کے عمل سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ جو لوگ اس طرح کی آفتوں، الجھنوں اور مسئلوں کا شکار ہوں وہ اس عمل کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں، اپنے بازو پر باندھیں یا اپنی جیب میں رکھیں اور اس عمل کو روزانہ مغرب کے بعد ایک بار اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک مصائب سے نجات نہ مل جائے۔ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَادَائِمُ العِزِّ وَالْبَقَاءِ وَيَاوَاهِبُ الْجُوْدِ وَالعَطَاءِ وَ يَاوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَ آخِرِنَا وَ اٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ. بحرمة تنكفيل بحقِ ياصَمَد الْغفَّار عَلٰى خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَاصَمَدُ.

رکاوٹ سے نجات کے لئے

رکاوٹ کسی بھی طرح کی ہو، بندش کی وجہ سے ہو، سحر کی وجہ سے یا ستاروں کی گردش کی وجہ سے یا اپنی کسی غلطی کی وجہ سے ہو اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ ہر طرح کی رکاوٹ سے نجات مل جائے گی۔

٧٨٦

سلام علىٰ نوح فى العٰلمين			
١٣١	١١٠	٦٤	٣٢٢
٦٥	٣٢١	١٣٢	١٠٩
٣٢٠	٦٢	١١٢	١٣٣
١١١	١٣٤	٣١٩	٦٣

Scanned by CamScanner

شادی کی راہ میں رکاوٹ کے لئے

بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی لڑکی کی شادی میں رکاوٹیں پڑتی ہیں اور اس کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ اس طرح کی رکاوٹ سے نجات پانے کے لئے نوچندی جمعرات کو کسی دریا سے پانی لائیں اور اس پانی پر سومرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کرلیں پھر اس پانی کو صبح کو کھانے پینے سے پہلے۔ سات دن تک غسل کریں۔ اس پانی دریا سے لا کر مٹی کے برتن میں جیسے مٹکا وغیرہ اس میں رکھے اور اس پانی میں تھوڑا سا پانی لے کر اس میں دوسرا پانی ملا لے لیکن اگر سارا دریا کا ہو تو جلد اثر ہوتا ہے۔ ۷ دن کے بعد مندرجہ ذیل نقش گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور شادی کے لئے راہیں کھل جائیں گی۔

۷۸۶

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۲۰۲	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۹

ڈر اور خوف سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی طرح کے ڈر اور خوف میں مبتلا ہو اور بظاہر اس کی کوئی وجہ بھی نہ ہو لیکن اس کا دل اس قدر کمزور ہو گیا ہو کہ ہر چیز سے اس کو ڈر لگتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ ہر طرح کے ڈر اور خوف سے نجات ملے گی۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
بسم	اللہ	الشافی	الحمد للہ
بسم	اللہ	الکافی	سبحان اللہ
بسم	اللہ	المعافی	فلاں ابن فلاں

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض کا نام مع والدہ لکھیں

جادو کے اثرات سے نجات کے لئے

اگر کسی گھر میں سے کوئی چیز ایسی مل جائے کہ اس پر جادو کا شبہ ہو، وہ چیز زمین کھودنے پر ملی ہو یا گھر میں پڑی ہوئی ملی ہو تو اس کی نحوست اور اثرات سحر کو دفع کرنے کے لئے مٹی کا ایک گھڑا لیں اور اس میں سادہ پانی بھر لیں، پھر اس پر سو مرتبہ چاروں قل پڑھ کر دم کر دیں۔ اس کے بعد وہ چیز جو گھر سے ملی ہے اس کو اس گھڑے میں ڈال دیں اور اس گھڑے کو چلتے پانی میں چھوڑ دیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش کو کالی روشنائی سے لکھ کر اس کو پانی میں پکا کر اس پانی کو گھر کے سب کونوں میں چھڑکیں اور تعویذ کا کاغذ گھر کی دہلیز میں دبا دیں۔ انشاء اللہ جادو کے اثرات سے نجات ملے گی اور جادو اس کی طرف لوٹ جائے گا جس نے جادو کروایا تھا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق

نظرِ بد سے نجات کے لئے

نظرِ بد سے محفوظ رہنے اور نظرِ بد سے نجات پانے کے لئے مندرجہ ذیل آیات لکھ کر تعویذ بنا کر اس میں ایک سیاہ مرچ رکھ لیں اور تعویذ کو کالے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور اگر نظر بد کا شکار ہوگا تو اس سے نجات مل جائے گی۔

آیت یہ ہیں: بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. الشَّیْطَانُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ وَیَاْمُرُکُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰہُ یَعِدُکُمْ مَغْفِرَۃً مِنْہُ وَفَضْلًا. وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ. یُؤتِی الْحِکْمَۃَ مَنْ یَشَآءُ. وَمَنْ یُؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا. وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّا اُوْلُو الْاَلْبَابِ.

ہر دلعزیز بننے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ ہر دلعزیز بنے اور دیکھنے والے اس

Scanned by CamScanner

کو محبت کی نظروں سے دیکھیں تو روزانہ مغرب کی نماز کے بعد اس آیت کو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں اور اول و آخیر ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر دلعزیزی کی دولت سے سرفراز نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۹۳	۱۸۹۷	۱۹۰۰	۱۸۸۶
۱۸۹۹	۱۸۸۷	۱۸۹۲	۱۸۹۸
۱۸۸۸	۱۹۰۲	۱۸۹۵	۱۸۹۱
۱۸۹۶	۱۸۹۰	۱۸۸۹	۱۹۰۱

برائے خیر و برکت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی دکان میں خوب خیر و برکت ہو تو مندرجہ ذیل نقوش کو سو کے نوٹ پر آگے پیچھے ہری روشنائی سے لکھ کر اور ان دونوں نقوش کو ہری پنسل سے لکھ کر دکان میں فریم کر کے آویزاں کرے۔ انشاء اللہ اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ عقل حیران ہوگی۔ اور اگر ان دونوں اسماءِ الٰہی کی ایک ایک تسبیح دکان میں بیٹھ کر پڑھ لیا کریں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

ف	ی	ط	ل
ط	ی	ل	ف
ل	ی	ف	ط
ف	ی	ط	ل

۷۸۶

ح	ا	ت	ف
ت	ا	ف	ح
ف	ا	ح	ت
ح	ا	ت	ف

دشمن کو مغلوب کرنا

اگر کوئی شخص روزانہ مندرجہ ذیل کلمات کو عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے دشمن اور حاسد اس کے سامنے سرنگوں رہیں گے اور اگر اس کے خلاف کوئی بھی حاسد اور دشمن اپنا قدم اٹھائے گا تو خود منہ کی کھائے گا، ان کلمات کو ۴۰ دن تک روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں پھر ہمیشہ ۲۱۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ انشاء اللہ ایسے فوائد سامنے آئیں گے کہ پڑھنے والے کو خود حیرت ہوگی اور اس کا دبدبہ اور رعب دشمنوں پر قائم رہے گا۔ کلمات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا کریم کرم کر یا رحیم رحم کر سخت والوں کو نرم کر ہر مشکل کو آسان کر برحمتک یا ارحم الراحمین

جسمانی تکالیف سے شفایابی کے لئے

اگر کوئی شخص جسمانی درد یا تکلیف میں مبتلا ہو تو مندرجہ ذیل نقش کو تانبے پر کندہ کرا کر اس کو زیتون کے تیل میں ڈال لے اور اس تیل سے اس جگہ مالش کرے جہاں درد ہوتا ہو اور اسی نقش کو کالی روشنائی سے کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے اور اسی نقش کو گلاب و زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال دے اور اسی پانی کو صبح شام سات دن تک پئے۔ انشاءاللہ ہر تکلیف اور ہر طرح کے درد سے نجات ملے گی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

انی کنت	سبحانک	الاانت	لااله
الاانت	لااله	الظالمین	من
الظالمین	من	انی کنت	سبحانک
من الظالمین	سبحانک انی	الاانت	لااله

میاں بیوی کی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں سے کوئی ایک شخص اپنی شریک حیات سے بیزار ہو اور اس کی حق تلفی کرتا ہو تو اس کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے اس عمل کو کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور ایسی محبت پیدا ہوگی کہ وہ ایک لمحہ کے لئے اپنی شریک حیات سے غفلت نہیں برتے گا، اس کے حقوق ادا کرے گا اور اس کی محبت میں گرفتار رہے گا۔

اس عمل کو چینی کی پلیٹ پر گلاب و زعفران سے لکھیں اور پانی سے دھو کر پلائیں۔ ہر جمعرات کو یہ عمل کریں اور سات جمعراتوں تک کریں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا اللہ یااللہ لا الہ الا اللہ العلی العظیم یااللہ یااللہ یااللہ یااللہ یااللہ لا الہ الا اللہ بدیع السمٰوٰت والارض برحمتك یا ارحم الراحمین فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں (اس جگہ پہلے مطلوب کا نام مع والدہ پھر طالب مع والدہ کا نام لکھیں)

Scanned by CamScanner

عملیات حروف صوامت

مولانا حسن الہاشمی
فاضل دار العلوم دیوبند

قسط نمبر: ۲۹

برائے آسانی از مشکلات

حروف صوامت کے کچھ حیرت انگیز عملیات قارئین کے لئے نقل کئے جارہے ہیں۔ ان عملیات میں ان اسماء الٰہی کے ذریعہ روحانی مدد حاصل کی جائے گی جو حروف صوامت پر مشتمل ہوں۔ طریقہ کار یہ ہے کہ طالب کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے نقطے والے حروف وضع کرنے کے بعد جو حروف باقی رہیں گے ان کے اعداد میں اسم الٰہی کے اعداد شامل کریں گے اور نقش خالی البطن تیار کریں گے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں گے۔ حاصل تقسیم کو نقش کے پہلے خانہ میں لکھیں گے اس کے بعد ہر خانہ میں اتنے ہی اعداد کا اضافہ کرتے رہیں گے۔ اگر ۱۲ سے تقسیم کے بعد کچھ بچے تو ان اعداد کو خانہ ۶ میں بڑھادیں گے۔ اس کے بعد حسب قاعدہ ہر خانہ میں پہلے والے خانہ کے اعداد کا اضافہ کرتے رہیں گے۔ نقش صحیح بن جائے گا اور ہر سطر کی میزان برابر آئے گی۔ نقش کے پیٹ میں طالب کا نام مع والدہ اور مع مقصد لکھیں گے۔ نقش دو عدد بنیں گے، ایک طالب کے گھر میں لٹکے گا اور ایک نقش طالب کے سیدھے بازو پر بندھے گا۔ دونوں ہی نقش فیروزی یا نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک ہوں گے۔ مثلاً شریف احمد ابن خالدہ بیگم کیلئے برائے نجات از مشکلات نقش تیار کرنا ہے۔ تو اس طرح کریں گے۔ شریف احمد کے نام میں ۳ حرف نقطے والے ہیں باقی حروف مع اعداد یہ ہیں۔

ر، ا، ح، م، د۔ اعداد۔ ۲۱۳

خالدہ بیگم میں ۳ حروف نقطے والے ہیں، باقی حروف مع اعداد یہ ہیں ا، ل، د، ہ، گ، م۔ اعداد ۱۰۰

اسم الٰہی "یا مُسَهِّلُ" (آسانی پیدا کرنے والے) اعداد ۱۳۵

میزان ۲۱۳
۱۰۰
۱۳۵
۴۴۸

۱۲)۴۴۸(۳۷
۳۶
۸۸
۸۴
۴

۴۴۸ کو ۱۲ سے تقسیم کیا۔

حاصل تقسیم ۳۷ ہے۔ تقسیم کے بعد ۴ باقی رہے، ۳۷ کو خانہ اول میں رکھ کر ہر خانہ میں ۳۷ کا اضافہ کرتے رہیں گے لیکن چونکہ کسر واقع ہو رہی ہے اس لئے چھٹے خانہ میں بجائے ۳۷ کے ۴۱ عدد کا اضافہ کریں گے نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۱۱۱	۳۰۰	۳۷
۲۶۳	الٰہی شریف احمد ابن خالدہ بیگم کے لئے آسانی فرمادیں	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۲۶

دیکھئے ہر طرف کی میزان ۴۴۸ ہی ہے۔

دوسری مثال محمد ندیم ابن سلطانہ۔ اسم الٰہی یا واصل (بچھڑے ہوئے سے ملانے کے لئے) نقطے والے حروف وضع کئے۔

م، ح، م، د، م، اعداد ۱۳۶

س، ل، ط، ا، ہ، اعداد ۱۰۵

اسم الٰہی، یا واصل، اعداد ۱۲۷

میزان ۳۶۸

۱۲)۳۶۸(۳۰
۳۶
x۸

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۹۰	۳۳۰	۳۰
۲۱۰	الٰہی محمد ندیم ابن سلطانہ کو بچھڑے ہوئے سے ملادے	۱۵۰
۶۰	۱۲۰	۱۸۸

ایک منہ والا ردراکش

پہچان

ردراکش پیڑ کے پھل کی گٹھلی ہے۔اس گٹھلی پر عام طور پر قدرتی سیدھی لائنیں ہوتی ہیں۔ان لائنوں کی گنتی کے حساب سے ردراکش کے منہ کی گنتی ہوتی ہے۔

فائدہ

ایک منہ والا ردراکش میں ایک قدرتی لائن ہوتی ہے۔ایک منہ والے ردراکش کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے ہی سے انسان کی قسمت بدل جاتی ہے تو پہننے سے کیا نہیں ہوگا۔یہ بڑی بڑی تکلیفوں کو دور کردیتا ہے۔جس گھر میں یہ ہوتا ہے اس گھر میں خیر وبرکت ہوتی ہے۔

ایک منہ والا ردراکش سب سے اچھا مانا جاتا ہے۔اس کو پہننے سے سبھی طرح کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔چاہے وہ حالات کی وجہ سے ہوں یا دشمنوں کی وجہ سے۔جس کے گلے میں ایک منہ والا ردراکش ہے اس انسان کے دشمن خود ہار جاتے ہیں اور خود ہی پسپا ہوجاتے ہیں۔

ایک منہ والا ردراکش پہننے سے یا کسی جگہ رکھنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے۔یہ انسان کو سکون پہنچاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قدرت کی ایک نعمت ہے۔

ہاشمی روحانی مرکز نے اس قدرتی نعمت کو ایک عمل کے ذریعہ اور بھی زیادہ موثر بنا کر عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا ہے اس مختصر عمل کے بعد اس کی تاثیر اللہ کے فضل سے دوگنی ہوگئی ہے۔

خاصیت: جس گھر میں ایک منہ والا ردراکش ہوتا ہے اللہ کے فضل سے اس گھر میں بفضل خداوندی خوشیاں اور سکون ہوتا ہے۔ناگہانی موت سے حفاظت رہتی ہے، جادوٹونے اور آسیبی اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور نجات بھی ملتی ہے، ایک منہ والا ردراکش بہت قیمتی ہوتا ہے اور بہت کم ملتا ہے۔یہ چاند کی شکل کا یا کاجو کی شکل کا بھی ہوتا ہے جو کہ عام طور پر دستیاب ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔اصلی ایک منہ والا ردراکش جو گول ہونا ضروری ہے جو کہ مخصوص مقامات میں پایا جاتا ہے۔جو کہ مشکل سے اور بہت کوششوں سے حاصل ہوتا ہے۔ایک منہ والا ردراکش گلے میں رکھنے سے گلا کبھی پیسے سے خالی نہیں ہوتا۔اس ردراکش کو ایک مخصوص عمل کے ذریعہ مزید معتبر بنایا جاتا ہے۔یہ اللہ کی ایک نعمت ہے اس نعمت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں اور کسی وہم میں مبتلا نہ ہو۔

ملنے کا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند
شائقین اس نمبر پر رابطہ قائم کریں۔ 9897648829

Scanned by CamScanner

قسط نمبر: ۵۲

کرشماتِ جفر

حسن الہاشمی
فاضل دارالعلوم دیوبند

مقدمات میں کامیابی، ترقی رزق، محبت و تسخیر، فتوحات اور مقبولیت عامہ کے لئے ایک نادر تحفہ

رزق میں خیرو برکت، آمدنی میں زبردست اضافے، باہمی تعلقات میں پختگی، لوگوں میں مقبولیت اور فتوحات عامہ کے لئے ایک ایسا طریقہ قارئین کے لئے پیش کیا جارہا ہے جو روحانی تجربات کی کسوٹی پر پورا اُترتا ہے اور جس کو کرنے کے بعد حیرت انگیز نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

یہ طریقہ پوشیدہ اور مخفی خزانوں کا ایک خاص حصہ ہے جسے افادیت عامہ کے لئے نقل کیا جارہا ہے۔ اس روحانی طریقہ کی ۲۸ قسطیں پیش کی جائیں گی۔ اب تک ۷ قسطیں پیش کی جاچکی ہیں۔ اس ماہ آٹھویں قسط قارئین کی نذر کی جارہی ہے۔ ان تمام قسطوں سے اپنے نام کے پہلے حرف کے مطابق استفادہ کریں۔ قارئین اس مضمون کی ہر قسط کو پوری گہرائی کے ساتھ پڑھیں تاکہ استفادہ کرتے وقت کوئی بھول چوک نہ ہوجائے۔ طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے طالب اپنے نام والدہ کے نام کے اعداد برآمد کرے۔ مثلاً طالب کا نام ذکی اور والدہ کا نام انیس فاطمہ ہے۔ ذکی کے اعداد ۷۳۰، انیس فاطمہ کے اعداد ۲۵۶ اور دونوں کے مجموعی اعداد ۹۸۶ ہیں۔ چونکہ طالب کے نام کا پہلا حرف ذ ہے۔ اس لئے قرآن حکیم میں حرف ذ جتنی بار استعمال ہوا ہے اس کو ۷ سے ضرب دیں گے۔ ضرب کے بعد جو تعداد آئے گی اس کو شامل کریں گے۔ قرآن حکیم میں حرف ذ ۴۶۷۷ بار استعمال ہوا ہے اس کی ۷ گنی تعداد بنتی ہے۔ ۳۲۷۳۹ قرآن حکیم میں صرف ایک صورت ایسی ہے جس کا نام حرف ذ سے شروع ہوتا ہے۔ وہ سورۃ ہے سورہ الذاریات۔ اس کے کل اعداد ۱۹۵۴۴ ہیں۔ اسماء حسنیٰ میں سے صرف ایک اسم الٰہی ذ سے شروع ہوتا ہے وہ ہے۔ یا ذوالجلال والاکرام اس کے اعداد ۱۱۰۰ ہیں۔

ان سب کی مجموعی تعداد یہ بنتی ہے۔

نام طالب مع والدہ	۹۸۶
حرف ذ کی تعداد ۷ سے ضرب دے کر	۳۲۷۳۹
سورۂ ذاریات کے اعداد	۱۹۵۴۴
اعداد اسم الٰہی	۱۱۰۰
ٹوٹل	۵۴۳۶۹
ان میں سے وضع کئے	۶۰۰

۴)۵۳۷۶۹(۱۳۴۴۲
۴
۱۳
۱۲
۱۷
۱۶
۱۶
۱۶
×۹
۸
۱

تقسیم کے بعد حاصل قسمت ۱۳۴۴۲ آیا اور ایک باقی رہا۔ نقش کے پہلے خانہ میں ۱۳۴۴۲ رکھ کر ہر خانہ میں ۲۰ کا اضافہ کریں گے۔ نقش میں چونکہ کسر آرہی ہے اس لئے ۱۳ ویں خانہ میں ۲۰ کے بجائے ۲۱ کا اضافہ کریں گے۔ نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۱۳۵۸۲	۱۳۶۴۲	۱۳۷۰۳	۱۳۴۴۲
۱۳۶۸۳	۱۳۴۶۲	۱۳۵۶۲	۱۳۶۶۲
۱۳۴۸۲	۱۳۷۴۳	۱۳۶۰۲	۱۳۵۴۲
۱۳۶۲۲	۱۳۵۲۲	۱۳۵۰۲	۱۳۷۲۳

وکفیٰ باللہ شہیدا محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم

دو نقش تیار کئے جائیں گے، ایک نقش طالب کے گلے میں ڈالے گا اور دوسرا نقش طالب کے گھر میں لٹکے گا۔ دونوں نقش ہرے کپڑے میں ہوں گے۔ ان دونوں نقش کو اگر اتوار کے دن تیار کریں تو بہتر ہے ورنہ کسی بھی دن شمس کی ساعت میں تیار کریں۔ اگر نوچندی اتوار یا نوچندی جمعرات کو ساعت شمس میں تیار کریں تو ان کی تاثیر انشاء اللہ دگنی ہوجائیگی۔

(باقی آئندہ)

Scanned by CamScanner

ضروری اعلان

اعلامیہ نمبر-۲۱

مولانا حسن الہاشمی کے مندرجہ ذیل شاگردوں کی تفصیل موصول ہوچکی ہے۔ دیگر شاگردوں سے گذارش ہے کہ وہ جلد از جلد ایک پوسٹ کارڈ پر اپنی تفصیل روانہ کریں۔ ہاشمی روحانی مرکز، دیوبند ایک ڈائریکٹری شائع کرنے کا پروگرام بنا رہا ہے اس کے لئے ہر شاگرد کی تفصیل ہمیں موصول ہوجانی ضروری ہے۔ ڈائریکٹری میں ہر شاگرد کا مکمل پتہ اور فون نمبر بھی چھاپا جائے گا اس لئے اپنا مکمل پتہ، فون نمبر یا موبائل نمبر بھی ضرور لکھیں۔ اگرچہ ریکارڈ دفتر میں تمام شاگردوں کا موجود ہے لیکن دوبارہ ان کے پتے اور فون نمبر اس لئے منگا رہے ہیں تاکہ پتے اور فون نمبر میں اگر کوئی تبدیلی ہوگئی ہو تو واضح ہوجائے۔ جن شاگردوں کا نام ابھی تک اگر لسٹ میں نہیں چھپا ہے تو وہ فوراً ایک پوسٹ کارڈ روانہ کریں۔ ہاشمی روحانی مرکز سے جو ڈائریکٹری شائع ہوگی اس میں سب شاگردوں کے نام اور پتے ہونے ضروری ہیں۔ یہ ریکارڈ سب شاگردوں کو دائمی فائدہ پہنچائے گا۔ یہ ڈائریکٹری تمام شاگردوں کو بھی بھیجی جائے گی۔

نمبر	نام	علاقہ	T. No.
603	محمد اسماعیل	مکہ محلہ، چامراج نگر، کرناٹک	T/642/09
604	محمد صدیق عالم قاسمی	سلاوٹوں کا محلہ، سجان گڑھ، چورو	T/643/09
605	مولانا محمد مسلم قاسم	مدرسہ جامع الاسلام ضلع گریڈیہ	T/644/09
606	محمد عرفان	اے آگز کلیانی شاہ پیٹ بیجاپور	T/645/09
607	عبدالعزیز عمرجی پٹیل	لکشمی ٹاور، پوجانگر ایسٹ تھانہ ممبئی	T/6648/09
608	محمد مظفر انصاری	سمنپورہ، بی وی کالج، پٹنہ، بہار	T/6149/09
609	محمد آصف	جی ٹی بی نگر، کریلی الہ آباد یوپی	T/61653/09
610	محمد عرفان	محلہ اندر پور قصبہ سنسپور ہریدوار	T/654/09
611	ظہور الاسلام	کری باغ، چندورہ بڑگام، کشمیر	T/655/09
612	محمد کمال الدین	اچھے ریڈی نگر، فلک نما حیدرآباد	T/656/09
613	انیس احمد	گلی نمبر ۸ اولڈ برج پوری، دہلی	T/659/09
614	محمد عاقل	گاؤں اوماہی، پوسٹ کوٹا، ناگل	T/660/09
615	مفتی طاہر	چاندنی چوکی، رودیوار پیٹ کولا پور	T/661/10
616	آفاق احمد	دبیر الدولہ پھاٹک والی مسجد، لکھنؤ	T/662/10
617	محمد نوشاد	ملن سائیکل اسٹور پناسہ، کھنڈوا	T/663/10
618	شیخ عبداللہ	مدنی آیورویدک فارمیسی، گنٹور	T/664/10
619	حمیرہ فردوس عرف ہما	واٹر ٹینک، گاندھی پارک عادل آباد	T/665/10
620	ضمیر	گرووار پیٹ، ضلع ستارا ایم ایس	T/666/10
621	پٹیل عرفان	آشیانہ نگر، کنتھاریہ ضلع بھروچ	T/667/10
622	محمد مسعود	فروٹ مرچنٹ، آئی ڈی ہلی ٹمکور	T/668/10
623	سید احمد باشا	سی این اے روڈ پڈور، وینمباڑی	T/669/10
624	محمد عابد	مینا پٹھی، تحصیل سردھنا، ضلع میرٹھ	T/670/10
625	محمد الیاس نعیمی	درگاہ شریف تحصیل ٹانڈہ، رامپور	T/671/10
626	عبدالستار	ٹبہ روڈ، گلابی باغ، لدھیانہ، پنجاب	T67210
627	انوار حسین	سورج نگر، ایسٹ ٹیوگوریہ کولکاتا	T/673/10
628	ٹی وی محمد انصار	اونجی اسٹریٹ، وینمباڑی، تمل ناڈو	T/674/10
629	عزیز الرحمٰن انصاری	فرحت نگر، دبیر پورہ، حیدرآباد	T/675/10
630	ضیاء اللہ	مادھوپور، رائے گنج ضلع اتر دیناجپور	T/675/10
631	اشرف علی خان	شیخ پورہ،، آباد پور، کٹیہار، بہار	T/677/10
632	ناٹامکر محمد سلیم باشا	عیدگاہ روڈ، محمود آباد، ویلور، تملناڈو	T/678/10

جن شاگردوں کا ٹی نمبر ابھی تک جاری نہیں ہوا ہے وہ بھی اپنا نام ذ پتہ وغیرہ بھجوادیں۔ انہیں ٹی نمبر بھیج دیا جائے گا۔

نام ______ ولدیت ______ ٹی نمبر ______ مکمل پتہ ______ فون رموبائل نمبر ______

شاگرد اپنا شناختی کارڈ (پہچان پتر) یا راشن کارڈ ضرور روانہ کریں، اس کے بغیر ڈائریکٹری میں اندراج ممکن نہیں ہے۔

(جن شاگردوں کی تفصیل موصول ہوجائے گی ان کے نام رسالے میں شائع کردیئے جائیں گے تاکہ ان کو بھی اطمینان ہوجائے)۔

ہمارا پتہ : ہاشمی روحانی مرکز، محلہ ابوالمعالی، دیوبند، ضلع سہارنپور، یوپی، پن کوڈ نمبر 247554

Scanned by CamScanner

معجزہ، شعبدہ اور سحر

احمد غزالی شہیدی

A.Lehmann کا نظریہ ہے کہ سحر اوہام سے پیدا ہوتا ہے اور اس کی سیر حاصل تصریح اور توضیح اوہام کی اصطلاحات کے تحت ہی ممکن ہے۔ سحر اور معجزہ کا تقابل کرتے ہوئے دوسرے مقام پر وہ اپنی کوتاہ نظری کا مظاہرہ ان الفاظ میں کرتا ہے۔

It is all question of stand point. Aaron Performing miracles while his egyptian rivals are mere magicians"

یہ کہتے ہوئے A.Lehmann سے صریح غلطی سرزد ہوئی ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کے مدمقابل جو ساحرین تھے انہوں نے trick یا شعبدہ دکھایا، جب کہ موسیٰ علیہ السلام سے اللہ کی مدد سے سچا معجزہ صادر ہوا تو گویا دو واقعات کا ظہور مختلف بنیادوں پر ہوا۔ انسانوں کا stand Point اس معاملے میں بے حقیقت ہے۔ دونوں کی نوعیت سراسر مختلف ہے۔ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی لکھتے ہیں۔

(قصص القرآن اول دوم۔ ص ۴۲۹)

پس معجزہ دراصل براہ راست خدائے تعالیٰ کا فعل ہے۔ جو بغیر اسباب کے ایک صادق کی صداقت کے لئے وجود میں آتا ہے اور وہ کسی اصول اور قوانین پر مبنی نہیں ہوتا کہ ایک فن کی طرح سیکھا جائے اور نبی ہر وقت اس کے کر دکھانے پر قادر ہو، تاوقتیکہ مخالفین صداقت کے سامنے بطور تحدی (چیلنج) اس کو دکھانے کی ضرورت پیش نہ آجائے۔ سو جب وہ اہم وقت آتا ہے اور نبی خدا سے رجوع کرتا ہے تو خدائے تعالیٰ کی جانب سے اس کو کر دکھانے کی قوت عطا ہوجاتی ہے۔ بخلاف سحر اور جادو کہ وہ ''فن'' ہے کہ جس کو اس کے اصول وقوانین کی پابندی کے ساتھ ہر فن داں ساحر ہر وقت کام میں لا سکتا۔ اس کے اسباب اگرچہ عام نظروں سے پوشیدہ ہوتے ہیں لیکن اس فن کے تمام واقف کار اس سے واقف ہوتے ہیں۔ اسی لئے وہ دوسرے علوم وفنون کی طرح مدون ومرتب فن ہے، جس کو مصریوں، چینیوں اور ہندیوں نے بہت فروغ دیا اور حد کمال کو پہنچایا۔ یہ مسئلے کی علمی حیثیت ہے کہ جس سے معجزہ اور سحر کی حدود قطعاً جدا اور متمائز ہوجاتی ہیں، رہا حس اور مشاہدہ کا معاملہ تو ''معجزہ'' اور ''سحر'' میں فرق یہ ہے کہ ساحر کی عام زندگی خوف، دہشت، ایذا رسانی اور بدعملی سے وابستہ ہوتی ہے اور لوگ اس نظر سے ساحر سے خوف کھاتے ہیں یا اس سے مرعوب ہوجاتے ہیں، بخلاف نبی اور رسول کے کہ اس کی تمام زندگی صداقت، خلوص، مخلوق خدا کی ہمدردی، غم گساری، تقویٰ اور طہارت سے وابستہ ہوتی ہے اور اس کا کیریکٹر بے داغ، صاف اور روشن ہوتا ہے اور وہ معجزے کو پیشہ نہیں بناتا بلکہ خاص اہم مواقع پر صداقت، اور حق کی حمایت میں اس کا مظاہرہ کرتا ہے اور وہ ایسے وقت میں معجزہ دکھاتا ہے کہ دشمن بھی اس کی عصمت، صداقت اور کردار کی پاکیزگی کے پہلے سے معترف ہوتے ہیں، مگر اس کی دعوت کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یا جحود وانکار کے نقطہ نظر سے اور پھر اس معجزہ کے طالب ہوتے ہیں نیز اگر سحر اور معجزے کا مقابلہ آن پڑے تو معجزہ غالب رہے گا اور اعلیٰ سے اعلیٰ سحر بھی مغلوب وعاجز اور اس کا عکس محال اور ناممکن ہے، چنانچہ ساحرین اور انبیاء ورسل کے مقابلے کی تاریخ اس کی شاہد عدل ہے۔

(۱۳) سحر اور کرامت میں فرق

آٹھویں صدی ہجری کے ایک کامل ولی حضرت یافعی یمنی علیہ الرحمہ اپنی تصنیف روضۃ الریاحین میں لکھتے ہیں۔ ''میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی پوچھے کہ کرامات اور سحر میں کیا فرق ہے۔ ہمیں تو بظاہر کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا تو جواب اس کا یہ ہے کہ محققین عازمین نے فرمایا ہے کہ کرامت اور سحر میں بڑا فرق ہے۔ دیکھو سحر تو فاسق، فاجر، بددین، کفار اور جو احکام شریعت اور متابعت سنت سے روگردانی کرنے والے ہیں سب کوئی کرسکتے ہیں اور کرامات ظہور اولیاء اللہ کے ہاتھوں ہوتا ہے اور اولیاء کی شان یہ ہے کہ وہ احکام اور آداب شرعیہ میں بڑے درجے پر پہنچے ہوئے ہوتے ہیں۔

(روضۃ الریاحین۔ ص ۴۳۔)

کرامت اور سحر میں بڑا فرق یہ ہے کہ سحر کا رد ہوسکتا ہے اور کرامت کا رد نہیں ہوسکتا اور وہ زائل اور منجانب اللہ ہے۔'' (۲۔ رضا حسین)

Scanned by CamScanner

کرامت کا صدور صالح انسان سے مقصد خیر کے لئے اور کرم خداوندی کے طفیل ہوتا ہے۔ کرامت خدا کی عظمت ثابت کرنے کے لئے اور تائید اللہ ہوتی ہے۔ اس کے برعکس سحر کا موجب ایک گناہوں میں لت پت انسان بنتا ہے۔ جو مقاصد شر کے لئے اور قیمتاً اس فن کو فروخت کرتا ہے۔ کرامت کی توفیق چونکہ منجانب اللہ ہے اس لئے غیر اختیاری ہے اور اس کے لئے صاحب ایمان اور متقی ہونا شرط ہے۔ مگر سحر ایک اختیاری فن ہے اور ایمان اور سحر یکجا نہیں ہو سکتے۔

(۱۴) روحانی علاج

روحانی علاج بھی دعاؤں کی ایک قسم ہے۔ مگر ہر دعا میں اثر نہیں ہوتا اسی طرح ہر عامل کامیاب نہیں ہوتا۔ وہ کون ہے، جس کی دعاؤں میں اثر اور جن کے وظائف بامراد ہوتے ہیں۔ وہ ایسا شخص ہے جس میں یاد الٰہی کی concentration مسلسل برقرار رہتی ہے، گویا جب وہ اللہ کو پکارتا ہے اس وقت کوئی اور اس کے حاشیہ خیال میں نہیں ابھرتا۔ قرآن کریم میں تو یہ ارشاد ہوا ہے۔

اُدْعُونِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ (سورۃ المومن: ۶۰)

تم دعا کرو میں تمہارے لئے دعا قبول کرتا ہوں۔

حضرت میاں جی قدس اللہ روحہ فرماتے ہیں۔ اُدعونی چونکہ صرف خدا کے لئے ہے اس لئے دعا کرتے وقت کسی غیر کا خیال آئے اور کوئی اندیشہ سر اٹھائے تو ایسی دعا کا اثر نہیں ہوتا۔

وظیفہ کرتے ہوئے کسی لمحے یاد خدا سے غافل نہ ہوا جائے اور نہ ہی غیر کا خیال قریب آنے دیا جائے کیونکہ اللہ کے حضور میں بندگی کرتے ہوئے اور اسے پکارتے ہوئے ایسا کرنا ادب کے منافی اور شرک ہے۔ جن کی پاداش یہ ہوتی ہے کہ مانگنے والے کو اس کا مقصود نہیں دیا جاتا اور وہ بے مراد رہ جاتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ اِذَا نَسِیْتَ (سورۃ الکہف: ۲۴) اور جب آپ بھول جائیں تو اپنے رب کا ذکر کیا کریں۔

یہاں بھول جانے والا پہلو وہی لمحہ ہے جب خیال غیر یکسوئی میں دراڑ ڈال کر اندر داخل ہوتا ہے، لہٰذا کثرت ذکر سے اس damage کو repair کر کے یکسوئی اور محویت کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ تب دعائیں انشاء اللہ مستجاب ہونے لگیں گی اور وظائف اور عملیات کے ذریعہ گوہر مقصود ہاتھ آنے لگے گا۔ اس کا ایک factor جو تسلسل کو ٹوٹتا ہے وہ دھیان کا بھٹکنا ہے۔ لیکن اگر اسکے باوجود ذکر الٰہی جاری رکھا جائے تو وظائف میں اس قوت عمل سے برکت پیدا ہو جاتی ہے۔

(۱۵) شجر وجود اور شجر ایمان کا آفات سے تحفظ

شجر ہائے وجود ایمان کو آفات و منتر سے کس طرح محفوظ کیا جائے۔ حضرت قاسم نانوتوی کی تقریر میں اس سوال کا شافی جواب ملتا ہے۔ حضرت قاسم نانوتوی کی تقریر کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

"یہ ایک فطری اور عام دستور ہے کہ باغ میں جب کوئی پودا زمین کو شق کرتا ہوا تخم سے باہر نکل آتا ہے تو باغبان یا مالی اس کے تحفظ میں پوری کوشش اور ہمت صرف کر دیتا ہے اور جب تک وہ جملہ آفات سے ارضی وسماوی سے محفوظ ہو کر اپنے حد کمال کو نہیں پہنچ جاتا ہے اس وقت تک بہت زیادہ تردد اور عرق ریزی کرنا پڑتی ہے۔

اب غور کرنا چاہئے کہ پودے کی زندگی کو فنا کر دینے والی یا اس کے ثمرات کے تمتع سے مالک کو محروم بنا دینے والی وہ کون کونسی آفات ہیں، جن کے شر اور مضرت سے بچا لینے میں باغبان کو اپنی مساعی کے کامیاب بنانے کی ہر وقت دھن لگی رہتی ہے۔ ادنیٰ تامل سے معلوم ہو جائے گا کہ ایسی آفات اکثر چار طرح سے ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ جن کے انسداد کے لئے باغبان کو چار امور کی اشد ضرورت ہے۔ (اول) ایسے سبزہ خور جانوروں کے دندان و دہن کو اس پودے تک پہنچنے سے روکا جائے۔ جن کی جبلت اور خلقت میں سبزہ و گیاہ کا کھانا داخل ہے۔ (دوسرے) کنوئیں، نہر، بارش کا پانی، ہوا اور حرارت آفتابی (غرضیکہ تمام اسباب زندگی و ترقی) کے پہنچنے کا پورا انتظام ہو۔ (تیسرے) اوپر سے برف اور اولے وغیرہ جو اس کی حرارت عزیزیہ کے اختناق کا باعث ہو، اس پر گرنے نہ پائے کیونکہ یہ چیز اس کی ترقی اور نشو ونما کو روکنے والی ہے۔ (چوتھے) مالک باغ کا دشمن یا کوئی اور حاسد اس پودے کی شاخ و برگ وغیرہ کو نہ کاٹ ڈالے یا اس کو جڑ سے اکھاڑ کر نہ پھینک دے اگر ان چار باتوں کا خاطر خواہ بندوبست باغبان نے کر لیا تو خدا سے امید رکھنا چاہئے کہ وہ پودا بڑا ہو گا پھولے پھلے گا اور مخلوق اس کی پرمیوہ شاخوں سے استفادہ کرے گی۔ ٹھیک اسی طرح ہم کو خالق ارض وسما سے (جو رب الفلق اور فالق الحب والنوی اور چمنستان عالم کا حقیقی مالک و مربی ہے۔ اپنے شجر وجود اور شجر ایمان کے متعلق ان ہی چار قسم کی آفات سے مانگنا چاہئے جو اوپر مذکور ہوئیں۔)"

Scanned by CamScanner

(۱۶)افسوں گری اور ایمان یکجا نہیں ہوتے

ساحرہ (ڈائن) ایک بار کلمۂ شہادت پڑھ لےتو اس کی افسوں گری کی تمام مذموم قوتیں دم زدن میں ختم ہوکر اس کے جسم سے نکل جاتی ہیں۔ اس کی ایک مثال ملفوظات حضرت غوث علی شاہ پانی پتی علیہ الرحمہ سے نقل کی جاتی ہے۔

ایک روز ارشاد ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ایک عورت تھی، جس کو اپنے شوہر سے بدرجہ غایت محبت تھی۔ لیکن شوہر کو نہایت نفرت۔ ہر طرح کی تدبیریں کیں، کوئی کارگر نہیں ہوئی۔ اس نے سنا کہ مدینہ منورہ میں ایک عورت بڑی ساحرہ ہے، ناچار اس کے پاس گئی اور اپنا درد دل ظاہر کیا۔ اس نے کہا اچھا میں تجھے سلطان ساحرین کے پاس لے چلتی ہوں وہ کچھ علاج معقول کردے گا۔ رات کے وقت دونوں مدینہ طیبہ سے باہر نکلیں دیکھا، دو جانور سیاہ رنگ (گدھے کے برابر) کھڑے ہیں۔ دونوں سوار ہوکر روانہ ہوئیں۔ آناً فاناً ملک عراق کے اندر چاہ بابل کے کنارے جااتریں، جہاں ہاروت ماروت آویختہ ہیں۔ وہ ساحرہ کنوئیں کے اندر گئی اپنے ساتھ والی کی سفارش کی۔ وہ دونوں سیدھے ہوکر بیٹھ گئے اور کہا بلاؤ۔ عورت گئی اور اپنا تمام ماجرا بیان کیا۔ پہلے تو اسے سمجھایا کہ تو جادو نہ سیکھ، اہل اسلام کو یہ بات زیبا نہیں مگر اس عورت نے اصرار کیا، ہاروت ماروت نے کہا خیر تیری خوشی، باہر ایک تنور ہے جا اس میں پیشاب کر۔ وہ عورت گئی اور یونہی بیٹھ کر چلی آئی۔ پیشاب نہ کیا واپس آئی تو پوچھا کہ کیا دیکھا ہے اس نے کہا کچھ بھی نہیں۔ انہوں نے کہا معلوم ہوتا ہے پیشاب نہیں کیا پھر جا اور پیشاب کر، اس نے دوسری بار بھی ایسا ہی کیا۔ تب فرشتوں نے کہا جب تک پیشاب نہ کرے گی مطلب حاصل نہ ہوگا۔ ناچار تیسری بار اس نے پیشاب کیا اور دیکھا سفید چیز جسم سے نکلی اور سیاہ چیز داخل ہوگئی۔ ان سے یہ کیفیت بیان کی۔ کہا کہ جا اب تو پوری ساحرہ ہوگئی ہے۔ جس طرح گئیں تھیں دونوں رخصت ہوکر واپس چلیں، لیکن اس عورت کا تردد نہ گیا۔ پہلی ساحرہ نے پوچھا اب کس لئے پریشان ہے۔ اس نے کہا مجھ کو کیا تشفی واطمینان کیا خاک ہو، نہ کوئی جنتر نہ منتر، نہ پڑھت، نہ تعلیم نہ تلقین۔ میں تو جیسی تھی ویسی اب بھی ہوں۔ اس نے جواب دیا کہ یہاں پڑھنے پڑھانے کی کچھ حاجت نہیں۔ شاید تجھ کو اپنی سحر آموزی پر یقین نہیں ہوا۔ ذرا اس درخت کی طرف جو سامنے ہے، بنظر خشک دیکھ۔ اس نے جو دیکھا تو درخت فی الفور خشک ہوگیا کہا اب بنظر رحمت دیکھ، رحمت کی نظر ڈالی تو معاً سرسبز ہوگیا۔ کہا اب بھی تجھ کو یقین آیا کہ نہیں۔ بس تیرے ارادے پر موقوف ہے جو چاہے گی ہوجائے گا، تب اس عورت کو اطمینان ہوگیا۔ گھر میں آئی شوہر کو نظر محبت دیکھا۔ اسی وقت مطیع وفرمانبردار ہوگیا۔ ایک دن اظہار محبت کے لئے اپنے شوہر سے یہ تمام ماجرا کہہ دیا کہ تمہارے واسطے ایسی مشقت اٹھائی۔ جادو سیکھ کر تم کو بس میں کیا اور طرح طرح کے جادو اور طلسم اس کو سکھائے۔ وہ شخص نہایت حیران و پریشان ہوا۔ جب صبح ہوئی تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں اس کو لے گیا اور تمام حال اس کا بیان کیا۔ آپؓ نے غسل کا حکم دیا، پھر فرمایا اب کلمۂ شہادت پڑھ۔ اس نے کلمۂ توحید پڑھا۔ کچھ معلوم نہ ہوا۔ آپؓ نے فرمایا کہ اب کلمۂ شہادت پڑھ۔ غرض تیسری دفعہ اس نے کلمۂ شہادت پڑھا۔ اس وقت ایک سیاہ چیز اس کے جسم سے نکلی اور ایک سفید چیز داخل ہوگئی۔'' (تذکرہ غوثیہ، ملفوظات حضرت سید غوث علی شاہ پانی پتیؒ۔ ص ۳۲۸ ماخوذ از تفسیر سحر الرائق کشف والبیان)

(۱۷)سحر کا سہارا نہ لو

اس بات کی اجازت نہ ہے کہ سحر کو معاملات سنوارنے یا حسب منشا نپٹانے کے لئے بروئے کار لایا جائے، جو لوگ اس کے برعکس عمل کرتے ہیں ان پر جنت حرام کردی جاتی ہے۔ وعن ابی موسیٰ الاشعری ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ثلاثہ لا تدخل الجنة ملمن الخمر وقاطع الرحم ومصدق بالسحر۔ (راوہ احمد)

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تین شخص جنت میں داخل نہ ہوں گے، ہمیشہ شراب پینے والا، قطع رحمی کرنے والا اور سحر کا یقین کرنے والا۔''

(روایت کیا اس کو احمد نے)

(۱۸)روحانی وظائف میں تسلسل

اکمال الشیم میں تحریر ہے۔ ''ذکر میں حضور نہ ہونے کے سبب ذکر کو نہ چھوڑ کیونکہ اثناء ذکر میں غفلت ہونے کے بہ نسبت نفس ذکر سے غفلت کا ہونا زیادہ سخت ہے اور کچھ بعید نہیں ہے کہ تجھ کو اللہ تعالیٰ ذکر غفلت آمیز سے ذکر بیداری تک اور ذکر بیداری سے ذکر حضور تک اور ذکر حضور سے اس ذکر تک جس میں ماسوا مذکورہ حقیقی جل وعلا کے سب سے غنیمت ہوجائے۔ بلند فرمادیوے اور اللہ تعالیٰ پر کچھ دشوار نہیں ہے۔''

Scanned by CamScanner

یادِ خدا میں continuiy روحانی معالجین کے لئے ناگزیر ہے۔ کاملین کو یہ ہمہ وقت حاصل ہوتی ہے۔ کاروبار دنیا ہوں یا لمحات ابتلاء، کسی گھڑی ان کے دل عشق الٰہی کی سرمستی سے خالی نہیں ہوتے۔ یہی بات ان کو کامل بناتی ہے۔ مگر کاملین سے کم درجے پر فائز عاملین کو کم از کم تکمیل وظیفہ تک اس continuity کو قائم رکھیں۔ درمیان میں کوئی factor توجہ کے تسلسل کو نہ توڑے، یکسوئی اگر قوت ہے تو جہاں کہیں اس میں خلل پیدا ہو وہ اس قوت میں کمی کا موجب بنتا ہے، لہٰذا ایسے خلل سے جہاں تک بچا جائے بہتر ہے۔ یکسوئی کی حفاظت کے لئے بہت سی داخلی اور خارجی تدابیر ہیں جو علم تصوف میں بیان ہوئی ہیں۔

(۱۹) عطیۂ خداوندی

اللہ پاک انسانوں کی بہتری کے لئے روحانی علاج کے طریق کبھی کبھی دلوں میں ڈال دیتے ہیں جیسا کہ حدیث ذیل سے ثابت ہوتا ہے۔

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگ ایک سفر میں تھے، میں نے ایک مارگزیدہ کو صرف سورۂ فاتحہ سے جھاڑا (وہ اچھا ہوگیا) اور جو معاوضہ میں سو بکریاں ٹھہری تھیں وہ وصول کر لیں پھر ہم نے (باہم) کہا کہ ابھی (ان بکریوں کے بارے میں) کوئی نئی بات (تصرف وغیرہ) مت کرنا، یہاں تک کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر شرعی حکم دریافت کر لیں سو ہم جب حاضر ہوئے ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (تعجب سے) فرمایا کہ تم کو کیسے خبر ہوگئی کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ بھی ہے۔ (پھر ان کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ ان بکریوں کو تقسیم کر لو اور میرا بھی حصہ لگانا)

(یہ اس لئے فرمایا کہ اس کے حلال ہونے میں شبہ نہ رہے)

روحانی معالجین spiritual Healers کا معاوضہ مقرر کرنا، یا قبول کرنا، بلا جواز اور بزرگی کے منافی نہیں ہے۔'' بشرطیکہ وہ عمل خلاف شرع نہ ہو اور اس قسم کا خدع نہ ہو جس کی تفصیل رسالہ التقنی میں لکھ دی ہے۔ (۱-۲ التکشف۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ص ۵۶۹، ص ۵۷)

علاوہ ازیں روحانی معالج اگر نا آموز ہے تب بھی اسے کام میں ہاتھ نہیں ڈالنا چاہئے۔ کیونکہ وہ ہر وقت ہجوم عوام میں گھرے رہنے سے اپنی یکسوئی concentration کھو دے گا، جو اس کی روحانی ترقی کی راہ میں حائل ہوگی اور اس کے باعث healing effect بھی بتدریج کم ہو جائے گا۔ نوری کلام کے ذریعہ توانائی کو فرد کی طرف مبذول کیا جاتا ہے۔ یہ توانائی reflection کے وسیلے سے مبذول کی جاتی ہے۔ اس کے برعکس کالا علم بتاتا ہے کہ اس توانائی کو کس طرح activist force سے منقطع کرنا ہے۔ ایسی صورت میں نوری علم اس کارروائی سے shield کرنے کا کام دیتا ہے۔ اگر نوری کلام سے پوری طور پر ہدف کو بچایا جانا ممکن نظر نہ آئے تو عامل polarity پیدا کر کے توانائی کے دھاروں کو تقسیم کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ زیادہ قوی شعاعوں سے فائدہ اور زیادہ مضر شعاعوں، لہروں سے بچاؤ کی صورت نکالنا آسان ہو جائے۔ جسم کی طبعی قوت کو بحال کرنا ہوتا ہے۔ بسا اوقات روحانی طور پر مضبوط ایک فرد کا جسم اگر دوسری طرف کے کمزور انسان پر توجہ مبذول کرے تو material polarities اعتدال پر آجاتی ہیں۔

(۲۰) عالم ابتلاء کا حسب مرتبہ ہونا

سحر کے حملوں سے دل برداشتہ نہیں ہونا چاہئے، بسا اوقات متقی اور نیک لوگ اس آزمائش میں مبتلا ہو جائیں تو سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ ان کے ساتھ ایسا کیوں ہوا ہے۔ دراصل اطمینان کی صرف ایک بات ہے اور وہ ہے کسی شخص کا تعلق باللہ۔ یہ ایک سیدھا راستہ ہے جہاں کوئی خطرہ نہیں۔ شیخ ابوطالب بن حارثؒ المکی تحریر کرتے ہیں کہ اپنے مقام کا اندازہ کرنا ہے تو آسودگی اور راحت کی مقدار سے نہ کر کیونکہ انسانوں کو حسب مرتبہ ہی ابتلا ہوتا ہے۔

(قوت القلوب، جلد دوم، ترجمہ محمد منظور الوحیدی، ص ۹۶)

یہ جان لینا چاہئے کہ انسان کا مرتبہ و مقام حق پر مداومت کرنے میں ظاہر ہوتا ہے نہ کہ اس بات سے کہ اسے کوئی ایذا نہ پہنچے اور دنیوی مشکلات اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں یا سرے سے اس کی زندگی میں وارد ہی نہ ہوں۔ صاحب مرتبہ لوگوں کو بھی کبھی سحر کے زیر اثر پا کر اسی لئے ناقدین طرح طرح کی باتیں کرتے ہیں کہ جان لیں کہ ابتلا صرف کمزوروں کے لئے نہیں ہے۔

شیخ ابوطالب بن حارثؒ المکی اپنی کتاب میں ایک حدیث نقل کرتے ہیں۔

''ہم انبیاء کے گروہ کا تمام لوگوں سے زیادہ سخت ابتلا (امتحان) ہوتا ہے پھر بدرجہ بدرجہ مشابہ ہو، بندے کا امتحان اس کے ایمان کی مقدار پر ہوتا ہے اگر اس کا ایمان مضبوط ہو تو اس پر ابتلا بھی سخت آتا ہے اور اگر اس کا ایمان کمزور ہو تو اس پر ابتلا بھی ہلکا ہوتا ہے۔ جیسے کہ تم سونے کو آگ

Scanned by CamScanner

میں جانچتے ہوتو بعض خالص سونا نکلتا ہے اور بعض اس سے کم درجہ کا ہوتا ہے اور بعض سیاہ جلا ہوا نکلتا ہے۔

اہل بیت کے طریق سے ایک حدیث نقل ہوئی آتی ہے۔

"جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے ابتلا میں ڈالتا ہے اب اگر اس نے صبر کیا تو چن لیتا ہے اور اگر راضی ہو گیا تو اسے برگزیدہ بنالیا۔"

(۲۱) سحر یکسوئی عمل اور کلام کا مرکب

امام محمد غزالی سحر کی حقیقت سے پردہ اس طرح اٹھاتے ہیں اور اسی طرح یکسوئی کے ہونے سے استفادہ اور سحر میں اثر ہوتا ہے۔

(بادشاہ بننا چاہتے ہو یا ولی ص۔۶۰)

سحر عمل اور کلام دونوں سے مرکب ہے، جس کو اوقات معلومہ اور طوالع مفید میں طلسمات کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے۔

(بادشاہ بننا چاہتے ہو یا ولی سر العالمین دوسرا حصہ)

(۲۲) مقصود عمل ہی حقیقت عمل ہے

مخلوق خدا کا برا چاہنا سحر کا مقصود ہے۔ اس مقصد کے حصول کی خاطر جو طریقے اختیار کئے جاتے ہیں وہ ثانوی ہیں۔ برائی کی نیت اور ارادہ ہی فعل کی نوعیت کو طے کرتا ہے۔ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ "اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔" اور فرمایا ہر شخص کے لئے وہی کچھ ہے جس کی وہ نیت کرتا ہے۔ اسی طرح ارادے کی اہمیت اور عمل پر اس کا تفوق ظاہر کرنے کے لئے یوں ارشاد فرمایا۔ مومن کا ارادہ اس کے عمل سے بہتر ہے۔" (صحائف الملوک۔ عبدالسمیع ضیاء۔ ص،۱۹)

(۲۳) جادوگر شب برأت کی برکتوں سے محروم

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "حضرت جبرائیل علیہ السلام شعبان کی پندرہویں رات کو میرے پاس آئے اور کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آسمان کی طرف سر اٹھائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، میں نے پوچھا یہ رات کیا ہے۔؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے جواب دیا۔ یہ وہ رات ہے جس میں اللہ تعالیٰ رحمت کے دروازوں میں سے تین سو دروازے کھولتا ہے اور ہر اس شخص کو بخش دیتا ہے جو مشرک نہ ہو، البتہ جادوگر، کاہن، عادی شرابی، بار بار سود کھانے والے اور زنا کار کی بخشش نہیں ہوتی جب تک توبہ نہ کرلیں۔ (غنیۃ الطالبین اردو مولانا محمد صدیق ہزاروی، شب برات کا تحفہ، ص۴۴۹)

(۲۴) جادوگر کا توڑ کیا جائے

(۱) بخاری علیہ الرحمہ میں حضرت قتادہ علیہ الرحمہ سے مروی ہے کہ میں نے حضرت سعید بن میتب علیہ الرحمہ سے پوچھا کہ اگر کسی شخص پر جادو یا ایسا ٹونہ کر دیا جائے جس سے وہ اپنی بیوی کے پاس جانے کے قابل نہ رہے تو اس کے جادو ٹونے کا اتار "نشرہ" کرنا جائز ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس سے اصلاح واحوال مقصود ہے اور جو چیز مفید ہو اس سے منع نہیں کیا گیا۔

(کتاب التوحید۔ ص۲۴۵)

(۲) حضرت امام حسن بصری علیہ الرحم سے منقول ہے کہ جادو کو جادوگر ہی دور کرسکتا ہے۔ اس کی شرح کرتے ہوئے سید شبیر احمد تحریر کرتے ہیں۔ "دوسرا طریقہ وہ ہے جس میں جادو کا علاج کرنے کے لئے ایسے وظائف، تعویذوں، دواؤں اور دعاؤں سے کام لیا جاتا ہے، جو خلاف شرع نہیں ہیں۔ یہ طریقہ جائز ہے۔ (اور اسی طریقے کی اجازت حضرت سعید بن المسیبؒ نے دی ہے۔)

(کتاب التوحید۔ ص۱۴۲)

(۲۵) ہلاکت آفریں بھی اور شرک بھی

(الف) وہ اعمال جن سے دوسروں کو نقصان پہنچایا جائے ان کا مرتکب ہونے والا حرام اور گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے والا ہے۔ قرآن عزیز میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے واقعہ میں مذکور ہے۔

(قصص القرآن ص، ۴۲۶، ۴۲۷)

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ق (سورۃ البقرہ: ۱۰۲) اور سلیمان علیہ السلام نے کفر نہیں کیا لیکن شیطان نے کفر کیا۔ سکھاتے تھے وہ لوگوں کو سحر۔

(ب) حدیث مبارکہ میں درج ہے۔

انّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قَالَ اجتنبوا الموبقات الشرك باللّٰه واسحر۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مہلک باتوں سے بچو یعنی شرک اور جادو سے۔ اور حافظ ابن حجرؒ "حدیث سحر" پر بحث کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

نووی کہتے ہیں عمل سحر حرام ہے اور وہ بالا جماع کبائر میں سے ہے

Scanned by CamScanner

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سات مہلک چیزوں میں سے شمار کیا ہے اور سحر کی بعض صورتیں کفر ہیں اور بعض کفر تو نہیں ہیں مگر سخت معصیت ہیں، پس اگر سحر کا کوئی منتر یا کوئی عمل کفر کا مقتضی ہے تو وہ کفر ہے، ورنہ نہیں بہرحال سحر کا سیکھنا اور سکھانا قطعاً حرام ہے۔ (فتح الباری جلد ۱۰ ص ۱۸۳)

(ج) ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ سات ہلاک کردینے والی باتوں سے بچنا ضروری ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ان سات چیزوں کی تفصیل دریافت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

(۱) اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ماننا۔

(۲) جادو کرنا۔

(۳) شرعی جواز کے بغیر کسی انسان کو ظلماً قتل کرنا۔

(۴) یتیم کا مال (ناجائز طریقہ سے) کھانا۔

(۵) میدان جنگ میں پیٹھ دکھانا۔

(۶) پاک دامن مومن عورتوں پر تہمت لگانا۔

(۲۶) شیطانی سرگوشی

حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ''عیافہ'' ''طرق'' اور ''طیرۃ'' سب جادو کی اقسام ہیں۔ جناب عوفؒ کہتے ہیں ''عیافہ'' پرندے کو اڑا کر فال لینا ہے اور طرق، زمین پر کچھ خطوط کھینچ کر فال لینا (یعنی رمل) ہے اور ''جبت'' کے بارے میں حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ یہ شیطانی سرگوشی ہے۔''

(۲۷) ساحر سخت ترین سزا کا مستوجب

(۱) حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جادوگر کی قانونی سزا یہ ہے کہ اسے تلوار سے قتل کردیا جائے۔ یہ روایت امام ترمذیؒ نے بیان کی ہے اور کہا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے۔ (مرفوع نہیں ہے)

(۲) ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے یہ بات صحیح روایت سے ثابت ہے کہ انہوں نے اپنی ایک لونڈی کو جس نے آپ پر جادو کیا تھا، قتل کرنے کا حکم دیا تھا اور اسے قتل کردیا گیا۔

(۳) حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے بھی اسی قسم کا واقعہ پایہ ثبوت کو پہنچ چکا ہے۔

(۴) امام احمد فرماتے ہیں کہ تین صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے بارے میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ انہوں نے جادوگروں کو قتل کیا تھا۔

(۲۸) اچھا شگون لیا جائے

''بخاری علیہ الرحمہ اور مسلم علیہ الرحمہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھوت چھات کا توہم اور بدشگونی دونوں منع ہیں، البتہ فال (نیک شگون لینا) مجھے پسند ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ فال سے کیا مراد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھی بات سے مبارک شگون لینا اور سنن ابوداؤد علیہ الرحمہ میں صحیح سند سے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں شگون لینے کا ذکر آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نیک شگون لینا اچھی بات ہے اور بدشگونی مسلمان کو اس کے ارادے سے باز نہیں رکھ سکتی۔

(۲۹) دعا اور دوا کا حکم

ہر معاملے میں دوا اور دعا کا حکم ہے۔ سحر کے حملے بھی چونکہ ضرر رساں نباتات اور مادّوں کے کھلانے اور ایذا رساں منتروں کے پڑھنے کے ذریعہ کیے جاتے ہیں اس لئے ان دو ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے دوسرے مواقع کی طرح دوا اور دعا سے سحر کے تحت بگڑی ہوئی صورت حال کا مقابلہ کرنا ضروری ہے۔ امام احمد ترمذی اور ابوداؤد نے اسامہ بن شریک سے روایت کیا ہے۔ قال قالوا یارسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ والہٖ وسلم انتدری قال نعم یا عباد اللّٰہ تدا وو افان اللّٰہ لم یضع دآء الاوضع لہ شفآء غیر دآء واحد الھرم۔ ترجمہ: یعنی اسامہ نے کہا کہ بعض صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہم دوا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اے اللہ کے بندوں دوا کرو اس لئے کہ نہیں رکھی اللہ نے کوئی بیماری مگر مقرر کی اس کے واسطے شفاء سوا ایک بیماری کے کہ وہ بڑھاپا ہے۔

دعا بھی مفید ہے۔ institution ہے۔ وہ دعائیں جن کی بشارت صحائف آسمانی میں اور وہ دعائیں جو مقربین بارگاہ صمدی نے ترتیب دیں، دونوں کے نفع رساں ہونے کی طرف احادیث میں اشارہ ملتا ہے۔ ترمذی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ والہٖ وسلم ان الدعآء ینفع مما نزل ومما لم ینزل فعلیکم عباد اللّٰہ بالدعآء۔

یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دعا نفع کرتی ہے اس چیز سے جو اتری اور اس چیز سے جو نہیں اتری پس لازم کرو اپنے اوپر اے اللہ کے بندو دعا۔

Scanned by CamScanner

ہفتے کے سات مؤکلوں کی تسخیر

غلام سرور شباب
(ماہر علوم مخفی)

ہفت ایام سے منسوب مؤکلات کو ملوک سبعہ کہا جاتا ہے۔ملوک سبعہ کرۂ ارض پر امور زندگی پر حکمراں ہیں۔ ہر ایک مؤکل اپنی نوعیت کا سردار عظیم ہے۔ان کے بے شمار قبیلے ہیں۔ان کی اولادیں ہیں۔عامل کے معاون بن جائیں تو شعبہ ہائے زندگی کے تمام امور بازیچۂ اطفال بن کر رہ جاتے ہیں۔ ملوک سبعہ ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک کا کام منٹوں میں کر دیتے ہیں۔سات سمندر پار کی خبر فوراً لاتے ہیں۔حتی کہ روئے زمین پر کوئی بھی کام ہو پلک جھپکنے سے قبل کرتے ہیں۔اللہ پاک نے ان ملوک کو بے پناہ قوت عطا فرمائی ہے۔

یاد رہے کہ ملوک سبعہ سے ہر ملک منسوب ہے، ایک خاص دن سے۔ایک خاص حرف سے۔اللہ تعالیٰ کے خاص اسماء سے اور ایک خاص سیارہ سے۔ملوک سبعہ کی تمام منسوبات ایک جدول میں درج کر رہا ہوں۔جدول مندرجہ ذیل ہے۔

حروف	طلسم	ستارہ	دن	اسم الٰہی	اسم سریانی	مؤکل علوی	مؤکل سفلی	اعوان ارضی	بخور	مزاج
ف	۞	شمس	اتوار	فرد	للطهطيل	روقیائیل	ابوعبداللہ	المذہب	سندروس	گرم خشک
ج	ااا	قمر	پیر	جبار	مهطهطيل	جبرائیل	ابوالانور	مرۃ الابیض	کہابہ	سرد خشک
ش	م	مریخ	منگل	شکور	قهطيطيل	سمسمائیل	ابومحرز	الاحمر	صندل احمر	گرم خشک
ث	#	عطارد	بدھ	ثابت	فهطيطيل	میکائیل	ابوالعجائب	برقان	جاوی	گرم خشک
ظ	IIII	مشتری	جمعرات	ظہیر	نهطهطيل	صرفیائیل	ابوولید	شمهورش	مصطگی	گرم تر
ج	ھے	زہرہ	جمعہ	خبیر	جهلططيل	عینیائیل	ابوالحسن	زوبعہ ابیض	قرنفل	سرد تر
ز	٧	زحل	ہفتہ	زکی	لخهططيل	کسفیائیل	ابونوح	میمون	رال	سرد خشک

قدیم اساتذہ عظام، عاملین وکاملین نے ملوک سبعہ اور ان کی ذریات الفاریت کی تسخیر کو خدمت حاصل کرنے کا نام دیا ہے۔راقم الحروف بھی اسی نام سے اعمال درج کرتا ہے۔مصحف خفی الرموز، شموس الانوار، تاج الملوک ومنیۃ الممالک والملوک، تسخیر الشیاطین، سحر ہاروت وماروت، العفاریت الجن، المندل وخاتم السلیمانی، سحر العجیب، سحر بار نوخ، السحر الاحمر، سحر الکہان، اغاثۃ المظلوم، الجواہر اللماعۃ فی استحضار ملوک الجن، منبع اصول الحکمۃ، وقایۃ الانسان من الجن والشیطان، جامع الفوائد فی اسرار المقاصد، مفاتیح الاسرار، کنوز الاسرار اور غایت الحکیم جیسی بلند پایہ کتب کے مصنفین نے کسی نہ کسی صورت میں ان اعمال کا ذکر کیا ہے۔راقم السطور نے ان تمام کتب اور دیگر بے شمار قلمی بیاضوں کے عمیق مطالعہ اور تحقیق کے بعد جو استفادہ کیا، آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔ملوک سبعہ اور اس قبیل کے دیگر اعمال کے لئے مندرجہ ذیل شرائط پر عمل کرنا ضروری ہے۔

(۱) لباس پاکیزہ۔(۲) اکل حلال۔(۳) خلوت نشینی (۴) عمل کو مقررہ تعداد کے مطابق پڑھنا اور تعداد میں کمی بیشی نہ کرنا۔(۵) دوران ریاضت لوگوں سے نہ ملنا۔(۶) بلا سخت نیند کے نہ سونا۔(۷) بخور متعلقہ روشن کرنا۔(۸) وضو ٹوٹنے پر فوراً نیا وضو کرنا۔(۹) ہر روز غسل کرنا۔(۱۰) عبارت عمل کو درست ادائیگی سے خاص توجہ اور یکسوئی سے پڑھنا۔(۱۱) ایک وقت میں ایک ہی عمل کی ریاضت کرنا۔(۱۲) نیت کا عمل کے مطابق ہونا۔(۱۳) عمل یقین واعتقاد کے ساتھ پڑھنا، اگر دل میں شک پیدا ہوگا تو عمل کامیاب نہ ہوگا۔یعنی اگر آپ نے شک رکھتے ہوئے عمل کیا تو مقصد پورا نہ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

طالبان روحانی علوم اور مشتاقان تسخیر ارواح کے لئے ضروری اور لازم ہے کہ ان شرائط پر عمل پیرا ہوں، پھر کسی ریاضت کا انتخاب کریں۔ جو احباب شرائط کی پابندی نہ کریں گے وہ اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں ناکام رہیں گے۔ ایک بات کی اور وضاحت کرتا چلوں کہ تسخیر ارواح کا فن ایک خطرناک، مشکل جان لیوا فن ہے، بغیر سوچے سمجھے اس بحر بے کنار میں کود پڑنا کہاں کی عقل مندی ہے، یہ فن بڑا صبر آزما ہے، اسے حاصل کرنے کے لئے آپ کو اپنی عمر عزیز کے کئی برس ضائع کرنا پڑیں گے۔ یہ بھی اس صورت میں جب آپ کامل اساتذہ سے اجازت ور اہنمائی حاصل کر کے ریاضتیں کریں۔

ابوعبداللہ کی خدمت حاصل کرنا

اتوار کا دن شمس سے منسوب ہے اور اس کے مؤکل علوی کا نام "روقیائیل" ہے اور مؤکل سفلی کا نام ابوعبداللہ ہے اور منسوبی حرف (فاء) ہے اور بخور اس کا سندرس، صندل سرخ ہے۔ اس عمل میں صرف گوشت ہمہ قسم کھانا ترک کر دیں۔ دودھ، انڈا، دہی، گھی وغیرہ کھا سکتے ہیں۔ اتوار کے دن ساعت شمس میں عمل شروع کریں اور پڑھتے وقت بخور متعلقہ روشن کریں۔ عمل الگ خلوت کی جگہ کریں اور بلاناغہ چالیس یوم تک کریں۔ روزانہ عمل کی عبارت کو ۲۸۴ مرتبہ پڑھیں۔ عبارت عمل یہ ہے۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَبُوْ عَبْدُاللهِ بِالرُّوْقِيَائِيْلِ بِحُرْمَةِ الْفَرْدُ اَحْضَر اَحْضَر اَحْضَر اَحْضَر اَلْعَجَلُ السَّاعَةَ اَلْوَحَا۔

انشاءاللہ تعالیٰ چالیسویں دن ابوعبداللہ حاضر ہوگا اور جو حکم دیں گے تعمیل کرے گا مگر خلاف شرع اور خلاف قانون کوئی کام نہ کرے گا، ہر وقت ساتھ نہ رہے گا۔ جب اس کو بلانا ہو تو تین مرتبہ یہی عمل پڑھیں وہ حاضر ہو جائے گا۔

تسخیر ملکہ غندور بنت ملک عبدالنور

تسخیر ملکہ غندور کا یہ عظیم عمل اسرار مخفیہ سے ہے۔ عبدالفتاح السید الطوخی تحریر فرماتے ہیں کہ تین ہزار برس قبل کے ماہرین تسخیر ارواح کی کتب میں سے جو کچھ حاصل ہوا اس کا بہت سے لوگوں نے تجربہ کیا اور درست پایا۔ اور ایسے اعمال نااہل سے پوشیدہ رکھنے کا تحریر کیا ہے۔

موصوف تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل ہر خیر وشر کے لئے اکسیر الاحمر ہے۔ اگر آپ نے اس کا غلط اور ناجائز استعمال کیا تو روز قیامت آپ سے مطالبہ کیا جائے گا۔ اس لئے اس عمل کا غلط استعمال کرنا گویا ایسے ہے جیسے اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ عمل یہ ہے۔

حُضُوْرٌ حُضُوْرٌ اَيُّتُهَا الْمَلِكَةُ غَنْدُوْرِ وَشَمِّي الْبُخُوْرَ يَا بَدْرَ الْبُدُوْرِ بِحَقِّ وَقَاضِيَ الْاُمُوْرِ بِحَقِّ شَمْشَاغ زَرْ غَمَالِيْش بَرْطَش غَارِ بَرْطَش غَارِسُوْ فَانَسْ سُوْفَانَسْ عَمَزْ سَاغَاش عَمَرْ سَاغَاش حَمَيْلَتَحَفْ سَاغَاش عَمَرْ مَاغَاش حَمَيْلَتَحَفْ حَمَيْلَتَحَفْ جَرْفَجَلَنْدَفَان جَرْفَجَلَدْ فَان اُحْضُرِيْ اَيُّتُهَا الْمَلِكَةُ غَنْدُوْرِ اِلٰى هٰذَ الْمَكَانِ حَتّٰى اَرَاكِ بِعَيْنِيْ وَاَسْمَعُكِ بِاُذُنِيْ وَتُعْطِيْنِيْ اَلْعَهْدَ بِالطَّاعَةِ فِيْ قَضَاءِ جَمِيْعِ حَوَائِجِيْ بَارَكَ اللهُ فِيْكِ وَفِيْ اَبِيْكِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا الْعَجَلِ الْعَجَلِ السَّاعَةِ السَّاعَة۔

عمل کی عبارت آہستہ آہستہ درست تلفظ سے پڑھیں، اگر غلط پڑھا گیا تو عمل فاسد ہو جائے گا۔

ترکیب عمل: جب آپ تسخیر ملکہ غندورہ کا ارادہ کریں تو اول خلوت کی جگہ جس کا صحن کھلا ہو تلاش کریں، عمل پڑھتے وقت بخور تفاح الجان، کندر اور سندروس کا روشن کریں۔ عمل نصف رات کے وقت شروع کریں اور ننگے سر کھلے آسمان کے نیچے بیٹھ کر کریں اور چاند پر آپ کی نظر ہو۔ چاند پر اس طرح ٹکٹکی باندھ کر عمل پڑھیں کہ لمحہ بھر کے لئے بھی اول سے آخر تک چاند سے نظر نہ ہٹے اور آپ کا خیال بھی ملکہ غندور کی تسخیر میں رہے ملکہ غندور بڑی غیرت والی ہے عمل ہر ماہ تین رات کرنا ہے۔ یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵، ہر ماہ تین راتوں سے زیادہ عمل نہ پڑھیں اور ہر ماہ ان تاریخوں میں ہی عمل پڑھیں۔ چند ماہ میں ہی ملکہ غندور تسخیر ہو جائے گی۔ ہر رات عمل پڑھنے کی تعداد ۳۱۴ مرتبہ ہے۔ اس تعداد میں کمی بیشی نہ کریں۔ عمل پورا ہونے کی چند علامات یہ ہیں۔ آنکھوں سے آنسو بہنا دل کی دھڑکن تیز ہونا اور چاند سے آپ کی طرف کچھ چیزیں اترتی ہوئی محسوس ہوں گی۔

Scanned by CamScanner

یہی علامات کامیابی کی علامات ہیں۔ اگر ان علامات سے کوئی اثرات ظاہر نہ ہوں تو پھر عمل از سر نو شروع کریں اور تمام شرائط کی پابندی کریں۔ اگر عمل کی شرائط میں پابندی نہ کی تو کامیابی ممکن نہیں۔ اگر مکمل پابندی کے ساتھ عمل کیا جائے تو تیسری رات میں ہی کامیابی نصیب ہوگی۔ اور آپ کے پاس چاند سے اترتی ہوئی ملکہ غندور آئے گی گویا کہ چودھویں رات کا چاند اتر آیا ہے۔

پس جب ملکہ حاضر ہو جائے تو آپ اس کے احترام میں کھڑے ہو جائیں اور عمل کی تعداد مکمل کرنے کے بعد پھر دوبارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر اس سے گفتگو کا آغاز کریں اور سب سے پہلے دوستی اور حاضر ہونے کا اس سے عہد لیں۔ پس وہ اپنا ہاتھ آپ کی طرف بڑھائے گی۔ یہ اس کی رضامندی کی علامت ہے۔ پھر آپ اس کا شکریہ ادا کریں اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کریں کہ آپ کامیاب ہوئے۔

اس کے بعد جب کبھی آپ اس کی ضرورت محسوس کریں اعمال خیر وشر میں تو عمل سات مرتبہ پڑھیں اور پڑھتے وقت بخور روشن کریں پس ملکہ غندور حاضر ہو جایا کرے گی اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ کی معاون ہوگی مگر آپ کے لئے لازم ہے کہ ناجائز امور میں کبھی بھی اس سے مدد حاصل نہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں اور ہمہ وقت اسے اپنے پاس نہ رکھیں بلکہ مقصد حاصل ہونے پر اسے واپس کریں ایک مرتبہ سورۂ زلزال پڑھ کر۔ پس وہ چلی جایا کرے گی اور دوبارہ طلب کرنے پر حاضر ہو جایا کرے گی۔

خدمت مرۃ الابیض

سوموار کے دن کا سیارہ قمر ہے اور بخور کبابہ اور لوبان ہے۔ منسوبی حرف (جیم) ہے اور سفلی مؤکل "مرۃ الابیض" ہے۔ اس سے خدمت لینے کا عمل تحریر ہے۔ پڑھنے کی عبارت یہ ہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا مَرَۃَ الْاَبْیَضْ بِالْجِبْرَائِیلِ بِحُرْمَۃِ الْجَبَّارِ اُحْضِرْ اُحْضِرْ اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَۃُ اَلْوَحَا۔

سوموار کے دن ساعت اول میں عمل شروع کریں اور روزانہ دو سو چھ مرتبہ پڑھا کریں۔ گوشت ہمہ قسم سے پرہیز کریں۔ چالیسویں روز مؤکل سفلی مرۃ الابیض حاضر ہوگا اور عہد و پیمان اطاعت کرے گا اور جب لوبان کی دھونی سلگا کر تین مرتبہ پڑھیں گے تو ابیض حاضر ہو جایا کرے گا، اس سے کوئی کام خلاف شرع اور خلاف قانون نہ لیں کیونکہ وہ خود قانون شریعت اور قانون وقت کا پابند ہے۔

خدمت ملک ابیض

یہ ملک ابیض کی خدمت حاصل کرنے کا عمل ہے۔ اس طریق پر کہ چالیس یوم روزے رکھیں اور سحری وافطاری حلال کھانے سے ہو۔ ان ایام میں عورت کے نزدیک تک نہ جائیں بلکہ خلوت نشین رہیں اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ عزیمت پڑھیں اور سورۂ جن تین تین مرتبہ اور پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

اَقْسَمْتُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْمَلِکُ الْاَبْیَضُ اَقْبِلْ اَنْتَ وَخُدَّامُکَ بِحَقِّ مَشْرَبُوْعِ وَشَامُوْلِ وَدَرُوْطِ اِفْعَلْ مَااَمَرْتُکَ نَوْدَحِ وَسَرْبَلَیْطِ وَشَرْھَامِ ۔ خلوت گاہ میں لوبان روشن کر کے حصار کے اندر مندرجہ بالا عمل پڑھیں۔ بلا ناغہ چالیس یوم تک۔ یہاں تک کہ آپ کی خلوت گاہ میں ایک لشکر عظیم حاضر ہوگا جس میں سالار لشکر ملک ابیض ہوگا۔ اس سے عہد و پیمان لیں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ تمام امور دنیا میں معاونت کرے گا۔ خلاف شرع کوئی کام نہ لیں اور اس عظیم قوت کے حاصل ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔

(نوٹ) عمل کا آغاز سوموار کے دن کریں۔

شمس القمر امید بنت ملک ابیض کی خدمت کا عمل

یہ ملوک سبعہ کی بیٹیوں میں سے ایک جنی عورت ہے۔ جب آپ اس کو حاضر کرنے کا ارادہ کریں تو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کسی تنہائی کی جگہ جہاں آوازیں نہ جائیں گوشہ نشین ہو کر بارہ روزے رکھیں اور سوائے جو کی روٹی اور روغن عود کے اور کسی چیز سے افطار نہ کریں اور روزانہ غسل کریں اور بخور بھی

Scanned by CamScanner

سلگائیں اور روزانہ ہر نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں۔

اَقْسَمْتُ بِالْقَسَمِ السُّرْیَانِیْ عَلٰی مَلِیْحَۃِ الْقِہِ وَالْمَنْظَرْ ذَاتِ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ الَّتِیْ اِذَا اَسْبَلَتْ شَعْرَ وَلَا لَہَا سَتْرَ ذَاتِہَا وَاِذَا ابْتَسَمَتْ خَرَجَتْ مِنْ فِیْہَا عَمُوْدٌ کَالنُّوْرِ اَقْبِلِیْ لِمُحَبَّتِیْ وَخِدْمَتِیْ اَیَّتُہَا الْفَاضِلَۃُ الطَّائِرَۃُ اَیْنَ صَوْصِبْکَ کَمِیْمُوْنَۃَ وَیَا قُوْقَۃَ وَزَوْبَلَۃَ وَفَاطِمَۃَ السَّحَابِیَّۃِ وَرُقَیَّۃَ بِنْتَ الْاَحْمَرِ یَالْوَشَۃَ بِنْتُ سَمُرُوْیَانَ اَقْبِلُوْا یٰ بَنَاتِ مُلُوْکِ الْجِنِّ شَمْعَاطَ وَدَبْنَہُوْ وَبَرْغُوْث اَنِیْنُوْن مَزْجَلِ تَرْقَبِ اِفْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْن۔

آخری رات جب پڑھنے کی تعداد پوری ہو جائے گی تو ایک اژدہا آپ کے سامنے آئے گا اس سے خوف نہ کھائیں وہ آ کر گردن میں لپٹ جائے گا آپ کے لئے لازم ہے کہ اس وقت عزیمت اور زیادہ پڑھتے رہیں یہاں تک کہ وہ چلا جائے۔ آخری رات سے قبل بھی ایسے مشاہدات ہو سکتے ہیں۔ پھر بناتِ جن (جنات کی عورتیں) ظاہر ہوں گی۔ ہر ایک سرخ ریشم اور یاقوت پہنے ہوگی اور ان کے ہاتھوں میں سونے چاندی سے بھرے ہوئے طباق ہوں گے۔ وہ سب آپ سے کہیں گی کہ ہم میں سے کسی ایک کو قبول کر لو۔ مگر آپ ان کو کسی بات کا جواب نہ دیں۔ وہ چلی جائیں گی۔ ان کے بعد ایک سفید رنگ کی پورے قد کی عورت بڑے ناز سے چلتی ہوئی اپنی چوٹی سینہ پر ڈالے ہوئے اور ہاتھوں میں کنگن سونے کے اور پاؤں میں زمرد کے جھانجن جن کے اندر سرخ اور سبز یاقوت جڑے ہوں گے، پہنے ہوئے آئے گی اور اس کے ساتھ بہت سی خدمت گار ائیں ہوں گی۔ ایسی خوبصورت کہ آنکھیں بند ہوتی ہوں گی وہ اپنی مخدومہ کے لئے فرش بچھائیں گی پھر وہ آپ کو سلام کرے گی اور اس کی نرم آواز آپ کو سنائی دے گی۔ پھر وہ نکاح کرنے کی درخواست کرے گی اگر آپ نے اس سے نکاح کر لیا تو پھر دنیا کی کسی عورت، مرد کی شرم گاہ تک نہ پہنچ سکو گے اس لئے اس شرط سے معذرت کر لیں اور کوئی دوسری شرط طے کر لیں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ اگر کوئی دنیاوی مقصد ہو تو پورا کرنے کی درخواست کریں وہ مقصد فوراً پورا کر دے گی۔

تسخیر ملک احمر

یہ ملک احمر صاحب روز منگل کی خدمت کا عمل ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اپنے کپڑے اور بدن پاک کریں اور آبادی سے دور کسی تنہائی کی جگہ چلے جائیں اور اٹھائیس یوم تک روزے رکھیں اور ہر نماز کے بعد اٹھائیس مرتبہ عزیمت پڑھیں۔ جب اٹھائیس دن پورے ہو جائیں تو عزیمت کو سرخ کاغذ میں رکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور ایک ریشم کے دھاگے میں اس کو لٹکا دیں۔ یہ انتیسویں دن ہوگا اور حسب سابق عزیمت پڑھیں۔ اس روز ملک احمر سرخ گھوڑے پر سوار آئے گا اور اس کے ہمراہ لشکر عظیم ہوگا اور وہ حاضر ہو کر سلام کرے گا۔ آپ اسے سلام کا جواب دیں۔ پھر وہ پوچھے گا اے اللہ کے بندے! تمہاری کیا حاجت ہے۔؟ آپ اسے کہیں کاغذ کی چاندی بنانا، عورتوں کو کھینچ لانا، لوگوں کو بیمار کرنا، اور دلوں کی کشش اور محبت، حصول سحر جادو نیز دفینوں کا نکالنا میری حاجتوں میں شامل ہے۔ وہ کچھ شرائط آپ کے سامنے رکھے گا اگر آپ ان کو پورا کرنے کی ہمت رکھتے ہوں تو عہد کر لیں بصورت دیگر شرائط میں نرمی پیدا کرنے کو کہہ دیں۔ وہ تمہاری شرط قبول کر لے گا۔ پھر اس سے دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ مذکورہ بالا تمام امور میں آپ کی معاونت کرے گا۔

روزانہ عشاء کے بعد پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

مَسْرُکُوْدِ وَطَیُوْدِ وَطَادُوْعِ رَفَا دُوْغِ اَقْبِلْ یَا اَحْمِرْ اَنْتَ وَجُنُوْدُکَ اِلٰی خِدْمَتِیْ وَاِلٰی مَجْلِسِیْ بِحَقِّ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ○ اِنَّ اِلٰـہَکُمْ لَوَاحِدٌ ○ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَہُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ ○ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ○ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ○ دُحُوْرًا وَّلَہُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِہَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِہِمْ اَہُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰہُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ (سورہ صافات آیت ۱ تا ۱۱) وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا ہُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰی رَبِّہِمْ یَنْسِلُوْنَ ○ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ہٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ○ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ہُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ ○ (یٰسین آیت ۵۱ تا ۵۳) وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ یَّعْمَلُ بَیْنَ یَدَیْہِ بِاِذْنِ

Scanned by CamScanner

زیغ ومن یزغ منھم عن امرنا نذقہ من عذاب السعیر○ (سورۂ سبا آیت ۱۲)

خدمت برقان العفریت

بدھ کے روز سے منسوب ہے۔اس کا عمل بہت مختصر ہے۔جس کی ترکیب یہ ہے کہ سات دن روزے رکھیں اور مہینہ کی پہلی تاریخ بدھ کا دن گزار کر شام کو عمل کی ابتدا کریں مگر روزہ صبح سے ہی رکھنا ہوگا۔عزیمت اپنی ہتھیلی پر لکھا کریں اور ہر نماز کے بعد اس عزیمت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں۔ساتویں روز اس کا خادم باریک سانپ کی صورت میں آپ کے پاس حاضر ہوگا۔جب ظاہر ہو تو عطارد سے منسوبی بخور روشن کریں اور اس سے دوستی اور بھائی چارے کا عہد لیں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں۔خادم جب باریک سانپ کی صورت میں ظاہر ہوگا تو اس وقت بخور روشن کر کے اس پر عزیمت پڑھ کر پھونک دیں تو وہ ایک سیاہ غلام کی شکل میں ظاہر ہو جائے گا۔

"برقان العفریت" آپ کی جادو کو حاضر کرنے میں مدد کرے گا۔مرد وعورت میں مرض پیدا کرنے اور خون جاری کرنے اور دشمن بیمار کرنے اور دفینہ وغیرہ نکالنے میں مدد کرے گا اور اس جیسے دوسرے کاموں میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

عزیمت یہ ہے۔اَلیُنُوت بَرْھِیًا اِسْحِیْنِ نَھْشٍ اَقْبِلْ یَا بُرْقَانُ الْعِفْرِیْتِ وَیَا مَیْمُوْنَ الْاَزْرَقِ۔

استحضار کحلۃ بنت برقان

"تسخیر الشیاطین" کے مصنف تحریر فرماتے ہیں کہ برقان العفریت کی بیٹی کحلۃ کی حاضری کا عمل کرنا چاہیں تو بدھ کے روز عشاء کی نماز کے بعد اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نقش لکھیں جو یہ ہے۔

نقش بنے گا۔

اور بخور لوبان، مقل ارزق، سندرس، ہینگ کا روشن کریں اور عزیمت بارہ مرتبہ پڑھیں تو آپ کے پاس کحلۃ بنت برقان ایک انتہائی خوبصورت عورت سنہری بالوں والی کے روپ میں حاضر ہوگی اور آپ سے جماع کی طلب گار ہوگی۔آپ اس سے جماع کریں گے تو وہ داشتہ بن کر رہے گی اور آپ کی ہر حاجت کو پورا کرے گی۔پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

ھَیْمِشٍ بَھْمَشْشٍ بَھْرَا شِیْشٍ ھَارَشٍ مَمِیْرَشٍ بَرْدَاشٍ طَارَشٍ مِیْحَطْرُوْشٍ اَقْبِلِیْ یَا کَانِیْحِ یَا کُحْلَۃَ بُرْقَانِ بِحَقِّ شِرْدَاشٍ مَرْدَاشٍ سَیْدَاشٍ اِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ○

قاضی الجنات کی تسخیر

یہ جمعرات کے دن سے منسوب ہے۔جس کا سیارہ مشتری ہے اور اس کے مؤکل کا نام شمہورش ہے اور یہ جنوں کا قاضی ہے۔چنانچہ اسے قاضی الجن کہتے ہیں۔اس کو تسخیر کرنے کی عزیمت یہ ہے۔

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا شَمْھُوْرِشْ قَاضِیُ الْجِنِّ بِالصَّرْفِیَائِیْل بِحُرْمَۃِ یَا ظَھِیْرُ اُحْضُرْ اُحْضِرْ اُحْضُرْ الْعَجَلُ السَّاعۃ الْوَحَا۔سفید پاکیزہ لباس زیب تن کر کے تنہائی کی جگہ سفید مصلی بچھا کر قبلہ کی طرف رخ کر کے جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی مندرجہ بالا عزیمت کو گیارہ سو پندرہ مرتبہ پڑھیں۔پھر روزانہ رات کو عشاء کے بعد اسی تعداد کے مطابق پڑھتے رہیں۔چالیس یوم تک بلاناغہ انشاء اللہ تعالیٰ شمہورش حاضر ہوگا۔حاضری ہونے پر عہد لیں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔دوران ریاضت بخور بھی روشن کریں۔انشاء اللہ تمام دنیاوی مسائل میں معاونت کریگا۔شرع کے خلاف کوئی کام نہ کرے گا۔واضح رہے کہ قاضی الجن حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہے اور اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کرنے کا شرف بھی حاصل

Scanned by CamScanner

ہے۔ اس لئے نہایت ادب سے بات کریں۔

تسخیر خادم بہ شکل سگ

یہ خادم خفیہ چیز کو ظاہر کرتا ہے۔ جادو کی حاضری، کسی پر بخار مسلط کرنا، جگہ اور گھر خالی کرنا، وصل وفراق پیدا کرنا، خون جاری کرنا، کسی پر بیماری مسلط کرنا، ایسے تمام کاموں میں عامل کی مدد کرتا ہے۔ اس کی خدمت حاصل کرنا چاہیں تو دس دن بلا ناغہ اللہ تعالیٰ کے لئے روزے رکھیں اور آغاز جمعۃ المبارک سے کریں۔ جو کی روٹی اور کشمش سیاہ سے سحری وافطاری کریں، پانی پی سکتے ہیں۔ باقی سب چیزوں سے پرہیز کریں اور ہر نماز کے بعد ایک سو چالیس مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں اور ہر رات کو سوتے وقت جمعہ سے منسوب بخور قرنفل سلگائیں اور یہی عزیمت تین ہزار مرتبہ پڑھیں تو خادم حاضر ہوگا۔ اس سے عہد لے کر دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں، عزیمت یہ ہے۔

سَرْبُوْدِ بَنُوْحِ مَاجُوْلِ وَطَمِیُوْلِ یَا اَبَا لُکَلْبِ وَافْعَلْ مَا اَمَرْتُکُمْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ السُّرْیَانِیَةِ وَاِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ۝

○○○○○○○

اپنے من پسند اور اپنی راشی کے پتھر حاصل کرنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں

پتھر اور نگینے اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک عظیم نعمت ہیں۔ جس طرح دواؤں، غذاؤں اور دوسری چیزوں سے انسان کو بیماریوں سے شفاء اور تندرستی نصیب ہوتی ہے اسی طرح پتھروں کے استعمال سے بھی انسان مختلف امراض سے نجات حاصل کرتا ہے اور اس کو اللہ کے فضل وکرم سے صحت اور تندرستی نصیب ہوتی ہے۔

ہم شائقین کی فرمائش پر ہر قسم کے پتھر مہیا کر سکتے ہیں ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر اللہ کے فضل وکرم سے کسی بھی شخص کو کوئی پتھر راس آجائے تو اس کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا ہو جاتا ہے اس کی غربت مالداری میں بدل جاتی ہے اور وہ فرش سے عرش پر بھی پہنچ سکتا ہے۔ یہ بھی کوئی ضروری نہیں کہ قیمتی پتھر ہی انسان کو راس آتے ہیں۔ بعض اوقات بہت معمولی قیمت کے پتھر سے انسان کی زندگی سدھر جاتی ہے۔ جس طرح آپ دواؤں غذاؤں پر اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر اپنا پیسہ لگاتے ہیں اور ان چیزوں کو بطور سبب استعمال کرتے ہیں اسی طرح ایک بار اپنے حالات بدلنے کے لئے کوئی پتھر بھی پہنیں انشاء اللہ آپ کو اندازہ ہوگا کہ ہمارا مشورہ غلط نہیں تھا۔

ہمارے یہاں الماس، نیلم، پنا، یاقوت، مونگا، موتی، گارنیٹ، اوپل، سنہلا، گومید، لاجورد، عقیق وغیرہ پتھر بھی موجود رہتے ہیں اور جو پتھر نہیں ہوگا وہ فرمائش موصول ہونے پر مہیا کرا دیا جاتا ہے۔ آپ اپنا من پسند یا راشی کا پتھر حاصل کرنے کے لئے ایک بار ہمیں خدمت کا موقع دیں۔ اس موبائل نمبر پر رابطہ کریں 09897648829 یا بذریعہ خط ہمیں لکھیں۔

گھر بیٹھے اپنا روحانی علاج ان نمبروں پر کرواسکتے ہیں

موبائل نمبر: 9897648829-9997564404

ہمارا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند۔ (یوپی) پن کوڈ نمبر: ۲۴۷۵۵۴

Scanned by CamScanner

نومسلموں کی کہانی

نومسلموں کی زبانی

طیب بھائی، رام ویر (مظفرنگر، اترپردیش)

"میں نے اسلام میں امن وسلامتی پائی۔ میں اسلام سے پہلے گھر کے سائے سے محروم تھا۔ لوگوں کو ستاتا، جنگلوں میں رہنا، لڑنا، مار دھاڑ کرنا میرا کام تھا۔ اب مسلمان ہونے کے بعد جس کے گھر میں جاتا ہوں مجھے پیار ملتا ہے۔ لوگ میرا اکرام کرتے ہیں۔ شاید میں ایسا مسلمان ہوں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے کوئی پریشانی نہیں جھیلی۔ میرے ہندو خاندان کی طرف سے میری مخالفت کے بجائے میری عزت ہوئی۔ اب وہ میری بات عزت سے سنتے ہیں۔ مجھ سے مشکل معاملات میں مشورہ لیتے ہیں۔"

میرا پورا نام رام ویر ولد عجب سنگھ تھا۔ ہم سات بھائی بہن تھے۔ دو کا انتقال ہوگیا۔ اب تین بھائی اور دو بہنیں بچی ہیں۔ میں کاکڑا ضلع مظفرنگر (یوپی) کا رہنے والا ہوں اور راشٹریہ انٹر کالج شاہ پور سے میں نے ہائی اسکول کیا ہے۔ میرے والد ایک شریف اور بھلے کسان ہیں مگر ہمارا خاندان بہت دھارمک (مذہبی) ہندو خاندان ہے، ہندو جاٹ برادری سے میرا تعلق ہے۔

میرے اسلام قبول کرنے کا بھی عجیب اتفاق ہے۔ میرے ذہن میں تو اسلام قبول کرنے کی کوئی بات نہیں تھی۔ اور پڑھائی چھوڑنے اور بیوی کو طلاق دینے کے بعد زندگی بالکل خراب ہوگئی تھی۔ ہر وقت جنگل میں رہنے اور لوگوں کو پریشان کرنے کے ساتھ نشے کا عادی ہوچکا تھا۔ میرا تعلق علاقے کے بدمعاشوں سے ہوگیا تھا اور میں جانور سپلائی کرنے والوں کو راستے میں روک کر پیسے چھین کر زندگی بسر کرتا تھا۔ گھر اور محلے والے مجھ سے بہت پریشان تھے۔ گھر والوں نے عاجز آکر مجھے گھر سے نکل جانے کو کہا، مگر میں نے گھر سے نکلنے سے منع کردیا اور ٹیوب ویل لگا کر کھیتی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ہمارے کھیت کے برابر میں ایک یٰسین انصاری ہیں، ان کا پرانا ٹیوب ویل بند پڑا تھا۔ میں نے اس کو صحیح کرنے میں رات دن محنت کی، بالآخر وہ صحیح ہوگیا اور کام کرنے لگا۔ پھر میں نے اپنے ٹیوب ویل کے لئے موٹر اور پنکھا ادھار لئے اور چوری سے لائٹ کا کنکشن لیا، لیکن میرے ٹیوب ویل نے پانی نہیں اٹھایا میں نے اسے چلانے کی بہت کوشش کی۔ ٹریکٹر سے بھی پمپ چلوایا، لیکن میں کامیاب نہ ہوسکا۔ بالآخر میں پنڈت کے پاس پہنچا اس نے ٹیوب ویل پر چڑھاوا چڑھانے کو کہا۔ میرے پاس کچھ نہیں تھا۔ آخر میرے دل میں یہ آیا کہ دیوتا بھنگ سے خوش ہوتے ہیں۔ میں نے بھنگ مسل کر اس پر چڑھا دی، پھر بھی پانی نہیں آیا۔ ایک مرتبہ رات میں برابر کے کھیت والے یٰسین انصاری بھی میرے پاس ہی تھے۔ ہم دونوں ٹیوب ویل کے پاس مٹی پر ہی لیٹے ہوئے تھے۔ یٰسین کہنے لگے کہ اگر آج اس نے پانی اٹھایا تو میں دو رکعت نماز پڑھوں گا، میں نے کہا کہ تم دو کی بات کرتے ہو، میں چار پڑھوں گا۔ اکثر رات کو ساڑھے دس بجے بجلی آجاتی تھی لیکن اس رات کو بارہ بج کر پینتالیس منٹ پر لائٹ آئی۔ میں نے یٰسین سے کنکشن کرنے کو کہا۔ وہ کہنے لگے کہ تم ہی کرلو، مجھے تو بجلی سے ڈر لگتا ہے، میرے کنکشن کرتے ہی ٹیوب ویل نے تقریباً ڈھائی میٹر دور پانی پھینکنا شروع کردیا اور ٹیوب ویل کے سامنے والی سڑک پر پانی گرنے لگا۔ سوکھی مٹی ہونے کے باوجود پانی کی تیز دھار سے سڑک پر تقریباً ڈیڑھ میٹر گڑھا ہوگیا۔

صبح جب محلے والوں نے دیکھا کہ یہ کامیاب ہوگیا ہے تو وہ سب جمع ہوکر آئے اور ٹیوب ویل بند کرادیا۔ کہنے لگے کہ اس لائٹ سے ہم تمہارا ٹیوب ویل نہیں چلنے دیں گے۔ اپنی لائٹ منظور کراؤ۔ ٹیوب ویل بند ہونے کے بعد یٰسین نماز کے لئے کہنے لگے۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم نے چار رکعت نماز پڑھنے کا نیم (نذر) کیا تھا، اب تمہیں نماز پڑھنی چاہئے کبھی ٹیوب ویل پھر نہ خراب ہوجائے۔ میں نے کہا، چلو پڑھتے ہیں۔ ہم کبیر پور کھیت کے قریب ایک گاؤں کی مسجد میں نماز پڑھنے جا رہے تھے کہ یٰسین نے کہا کہ اپنے ٹیوب ویل میں وضو کریں گے۔ ہم وہاں آئے، یٰسین نے وضو کیا اور مجھے اچھی طرح غسل کرایا، اس کے بعد ہم نے نماز ادا کی۔ نماز کے بعد یٰسین کہنے لگے کہ تم مسلمان ہوجاؤ ہم تمہاری بجلی بھی منظور کرادیں گے۔ میں نے کہا۔ مجھ سے مسلمان بھی پریشان ہیں۔ وہ مجھے کہاں رکھیں گے۔ یٰسین نے کہا، جب تم مسلمان ہوجاؤ گے تو تم ٹھیک ہوجاؤ گے اور اگر تم ٹھیک نہ بھی ہوگے تب بھی

مسلمان تمہیں رکھ لیں گے اور مسلمان نہ بھی رکھیں تو مرنے کے بعد اللہ تمہیں جنت میں رکھے گا۔ میں نے یقین سے کہا کہ تم مجھے ہرسولی مدرسے میں لے چلو، میں وہاں یہ معلوم کروں گا کہ مسلمان ہو جاؤں یا نہیں۔؟ ہم دونوں وہاں پہنچے۔ مولوی انیس صاحب سے ملاقات ہوئی، ان سے میں نے مسلمان ہونے کے بارے میں معلوم کیا، انہوں نے کہا کہ مسلمان ایسے نہیں بنتے، بلکہ جماعت میں جاکر نماز وغیرہ سیکھنی ہوگی۔

(۱) تم چلہ لگاؤ اور دلی مرکز چلے جاؤ، میں نے ان سے کہا کہ مجھے تو کچھ معلوم نہیں، تمہیں بھیج دو۔ انہوں نے مظفرنگر مرکز میں فون پر بات کی اور مظفرنگر جانے کو کہا۔ اس وقت میں تیار نہیں تھا، اس لئے میں نے اگلے دن جانے کا وعدہ کرلیا۔ جانے سے پہلے میں نے اپنی اماں کو بتایا کہ گھر والے مجھ سے بہت پریشان ہیں، اس لئے میں تو جارہا ہوں اور مسلمان ہو جاؤں گا۔ اس نے کہا اچھا! چلے جانا، لیکن کھانا تو کھالے۔ میں کھانا کھا کر اور دو گلاس دودھ پی کر راستے میں ایک شخص سے سات سو روپے لے کر مظفرنگر پہنچا۔ جہاں مرکز میں مولوی موسیٰ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ یہاں تو کوئی جماعت نہیں جارہی ہے تم پھلت چلے جاؤ۔ پھلت سے بھی جماعت جاتی ہے، میں پھلت چلا گیا۔ وہاں ابا الیاس سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے شام کو مولوی کلیم صدیقی صاحب سے ملوایا۔ مولوی صاحب نے کلمہ پڑھوایا پھر میری زندگی کے حالات معلوم کئے۔ جب انہوں نے میرے حالات سنے تو انہوں نے مجھے بتایا کہ ایمان واسلام اصل میں ایمان وسلامتی میں خود رہنے، اور دوسروں کو امن وسلامتی میں رکھنے کا نام ہے۔ اس لئے اب تم مسلمان ہوگئے ہو تم اگر یہ چاہتے ہو کہ خود بھی امن وسلامتی میں رہو اور اس دنیا کے بعد ہمیشہ کی زندگی میں بھی سکون وچین اور امن وسلامتی میں رہو تو ضروری ہے کہ تم اس طرح زندگی گزارو کہ تم سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے اور ہر آدمی کے لئے امن وسلامتی کا ذریعہ بنو، اس کے لئے سب سے پہلے تمہیں نشے سے سچی توبہ کرنی ہوگی، اس لئے کہ سب سے زیادہ آدمی نشے کی حالت میں لوگوں کو ستاتا ہے۔ مولوی صاحب نے مجھ سے کہا کہ تم چودھری ہو، چودھری لوگ بڑے بہادر ہوتے ہیں۔ ایک جوان آدمی اگر کسی بات کا پکا ارادہ کرلے تو پہاڑ سے دودھ کی نہر کھود کر نکال سکتا ہے۔ ایک جوان مرد اگر پکا ارادہ کرنے تو نشہ چھوڑنا کوئی مشکل کام نہیں، مولوی صاحب نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا، پکا ارادہ کرو، مجھ سے وعدہ کرو کہ اب کسی طرح کا نشہ نہ کروگے۔ اب تم ایمان والے اور مسلمان ہوگئے ہو اب تو نشہ بہت بڑا جرم ہے۔ میں نے مولوی صاحب سے وعدہ کیا۔ نشے کی مجھے ایسی عادت ہوگئی تھی کہ میں سوچتا تھا یہ عادت میرے جیون کے ساتھ ہی جائے گی۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ مجھ میں نشہ چھوڑنے کے ارادے کی بھی ہمت ہوجائے گی، مگر مولوی صاحب کے سامنے جب میں نے وعدہ کیا تو مجھے یہ نشہ چھوڑنا بالکل آسان کام لگا۔ شاید یہ میرے ایمان کی برکت تھی۔ میرے اللہ نے مجھے ہمت دی اور اس تجربے نے نہ صرف مجھے بہت سی برائیوں سے بچایا، بلکہ میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بڑی ہمت دی ہے۔ پکا ارادہ کر کے انسان بڑے سے بڑے کام کرسکتا ہے۔ اس یقین کے ساتھ میں نے نہ جانے کتنے لوگوں سے نشہ اور بیڑی سگریٹ اور گٹکا چھڑوادیا۔ پانچ چھ لوگوں سے جوا اور سٹہ چھڑوادیا۔ دو لوگوں سے عورتوں سے ناجائز تعلقات چھڑوائے، بس میرے اللہ کا کرم ہے۔

مولوی صاحب نے میرٹھ بھیج کر میرا سرٹیفیکٹ بنوایا۔ اتفاق سے اگلے دن پھلت سے جماعت جانی تھی، میں ان کے ساتھ چلا گیا۔ وہاں نماز وغیرہ سیکھی، پھر چلہ پورا کرنے کے بعد پھلت واپس آگیا۔ مولوی صاحب سے ملاقات ہوئی۔ مولوی صاحب نے پوچھا۔ یہ زندگی اچھی ہے یا اسلام سے پہلے کی زندگی۔؟ میں نے بتایا، مولوی صاحب! مجھے تو بہت سکون ملا ہے۔ ان چالیس دنوں میں نشہ تو دور کی بات، کوئی نشہ کرنے والا بھی قریب سے نہیں گزرا اور میری صحت بھی اچھی ہوگئی ہے۔ مجھے تو یہ زندگی بہت اچھی لگی۔ مولوی صاحب نے پوچھا۔ اب کہاں رہنا چاہو گے؟ میں نے کہا۔ آپ جہاں کہیں گے، انہوں نے میری تعلیم کے بارے میں معلوم کیا۔ میں نے بتادیا، مولوی صاحب نے پوچھا۔ پڑھا سکتے ہو؟ میں نے کہا، چھوٹے بچوں کو پڑھا سکتا ہوں، مولوی صاحب نے مجھے سونی پت بھیج دیا۔

ایک سال بعد میری شادی ہوگئی، میری شادی الحمدللہ بہت دیندار اور پڑھی لکھی نیک لڑکی سے ہوئی، وہ لوگ سکھوتی ٹانڈہ ضلع میرٹھ (یوپی) کے رہنے والے ہیں۔ سکھوتی ٹانڈہ میں ہمارے ہندو رشتے دار بہت سے رہتے ہیں۔ اس خیال سے کہ کہیں وہ کوئی فتنہ فساد نہ کریں، مولوی صاحب نے میری شادی کا پروگرام کھتولی ضلع مظفرنگر (یوپی) میں میرے سارھو

(۱) نماز کی فرضیت کلمہ شہادت پڑھنے یعنی ایمان لانے کے بعد ہوتی ہے۔ نماز ارکان اسلام کا دوسرا رکن ہے نہ کہ پہلا۔ پہلا رکن شہادت کلمہ ہے۔ اسلام قبول کرنے کے خواہش مند کو اسلام قبول کروانے یا کلمہ توحید کی شہادت دلانے میں قطعی تاخیر نہ کرنی چاہئے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ (مرتب)

Scanned by CamScanner

گھر سے بھاگ۔ وہ لوگ لڑکی کو لے کر کھتولی آ گئے۔ مولوی صاحب دو ہم لوگوں کے ساتھ مجھے لے کر کھتولی گئے اور الحمدللہ سادگی سے سنت کے مطابق نکاح اور رخصتی ہوئی۔ میرے والد بھی میرے ساتھ میرے نکاح میں شریک تھے وہ بہت خوش تھے۔ مولوی صاحب کا بار بار شکریہ ادا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ نے میرے لڑکے کو سدھار دیا۔ اس سے پورا علاقہ پریشان تھا اور ہم سب لوگ عاجز تھے۔ پھلت رخصتی ہوئی تو میری والدہ بہت خوش ہوئیں۔ میری اہلیہ سے مل کر خوشی سے روئیں اور بار بار ماتھا چومتی تھیں کہ کیسی سوہنی بہو میرے مالک نے مجھے دی ہے۔ میری اہلیہ نے بھی دو روز کی شادی کے باوجود میری والدہ کی خوب خدمت کی۔ اچھے گھرانے میں شادی کی وجہ سے مجھے مضبوطی ملی اور مجھے اپنے دوستوں اور رشتے داروں کو اسلام کی دعوت دینے میں بڑی قوت ملی۔

میرے والد صاحب کو جب معلوم ہوا کہ مولوی صاحب نے سکوتی میں ہمارے رشتے داروں کے فتنے کے ڈر سے کھتولی لڑکی کو بلا کر شادی کی ہے۔ تو انہوں نے مولوی صاحب سے کہا۔ مولوی صاحب! آپ مجھے بے خبر کرتے، ہم کسی کے دباؤ میں نہیں رہتے۔ ان بے چاروں کو بے گھر کیا۔ میں خود بارات لے کر سکوتی جاتا۔ میرے بیٹے نے کوئی جرم تو کیا نہیں۔ مسلمان ہو گیا تو اچھا ہی کیا ہے۔ کیا تھا، کیا ہو گیا۔؟ میں سات جنم تک آپ کا احسان نہیں اتار سکتا۔ میرے گاؤں والوں نے اس کے مسلمان ہونے کے بعد پنچایت کی کہ تیرا بیٹا ادھرم (بے دین) ہو گیا ہے۔ اس پر سختی کرو تو میں نے صاف کہہ دیا کہ وہ ادھرم (بے دین) نہیں، بلکہ دھارمک، (مذہبی) ہو گیا ہے۔ دھرم (مذہب) اپنا اپنا معاملہ ہے۔ میں آپ میں سے کسی کا دیا نہیں کھاتا۔ اگر زیادہ کرو گے تو کھیت اور گھر بیچ کر میں بھی اسکے پاس جا رہا ہوں۔ بیٹے کے ساتھ میں بھی مسلمان ہو جاؤں گا۔ جب ایسے بگڑے ہوئے کو مسلمانوں نے ایسا سدھار دیا تو مجھ میں بھی سدھار آئے گا۔ کچھ لوگ ذرا غصے میں گالیاں دینے لگے تو میں پنچایت سے چلا آیا اور میں نے کہا۔ ابھی ایس پی کے یہاں جا کر رپٹ لکھواؤں گا کچھ لوگوں نے مجھے روکا اور پھر میٹھی میٹھی باتیں کرنے لگے۔ ہم تو تیری بھلائی میں پنچایت کر رہے تھے۔ آدمی میں ہمت ہونی چاہئے۔ میں جب اپنے گاؤں والوں سے نہیں ڈرا تو پھر سکوتی والوں کا کیا ڈر تھا۔؟ مولوی صاحب نے فرمایا۔ ڈرتے تو ہم بھی نہیں، مگر شادی میں کوئی بات ہوتی تو بدمزگی ہو جاتی۔

اور اب میں اپنی بیوی کے ساتھ سونی پت (ہریانہ) میں رہ رہا ہوں

میرے پڑوسی بہت اچھے ہیں۔ سب لوگ پانچوں وقت کے نمازی ہیں اور میری عزت کرتے ہیں۔ مجھے ان سے بہت پیار ملا۔ وہ سب میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔ اصل میں جب میں سونی پت آیا تو مدرسے والوں نے میرے لئے ایک کرائے کے مکان کا عیدگاہ کالونی میں انتظام کر دیا۔ سب کو معلوم تھا کہ میں نے دو مہینے پہلے اسلام قبول کیا ہے۔ مجھے نماز کی پابندی اور تسبیح وغیرہ پڑھتے دیکھ کر لوگوں کو شرم آتی۔ میں نے اپنی اہلیہ سے عورتوں میں تعلیم شروع کرائی۔ میں گشت وغیرہ بھی پابندی سے کراتا تھا۔ رفتہ رفتہ پڑوسی نماز پڑھنے لگے۔ بہت سے بچے میں نے مدرسے میں داخل کرائے الحمدللہ کافی لوگ نماز کی پابندی کرنے لگے۔ میں نے اپنے گھر والوں سے بھی ایسا پیار نہیں پایا۔ یہ محض میرے اللہ کا کرم اور میرے ایمان کا صدقہ ہے۔ مولوی صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا تھا تو اس وقت مجھے سمجھایا تھا کہ اصل میں ایمان و اسلام خود امن و سلامتی سے رہنے اور دوسروں کو اپنے شر سے بچا کر امن و سلامتی سے رکھنے کا نام ہے۔ اسلام امن و سلامتی ہے۔ امن و سلامتی، ایمان و اسلام سے نکلی ہے۔ ایمان و اسلام کے بغیر نہ دنیا کے کسی آدمی کو خود امن و چین نصیب ہو سکتا ہے نہ دنیا کو بغیر اسلام و ایمان کے کسی سے امن و سلامتی نصیب ہو سکتا ہے۔ اس پر میں نے مولوی صاحب سے کہا بھی تھا کہ ساری دنیا کے اخباروں اور ٹی وی پر جو خبریں آتی ہیں، ان سے یہ لگتا ہے کہ مسلمانوں نے ساری دنیا کے چین کو برباد کر رکھا ہے۔ اور وہ اسلام و جہاد سے پوری دنیا کو آتنگ واد (دہشت گردی) کی آگ میں جھونک رہے ہیں۔ مولوی صاحب نے مجھے بتایا کہ یہ غلط پروپیگنڈہ ہے۔ کچھ جذباتی مسلمانوں کی ناسمجھی کے بعض فیصلوں سے فائدہ اٹھا کر اسلام مخالف لوگ اسلام اور مسلمانوں کی غلط تصویر پیش کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود اسلام دنیا میں پھیل رہا ہے۔ مولوی صاحب نے چاروں طرف بیٹھے دسیوں لوگوں کا مجھ سے تعارف کرایا کہ یہ سب ان ہی دنوں میں اندھیرے سے نکل کر اسلام کے سایہ رحمت میں آئے ہیں۔ انہوں نے قرآن پاک کی آیت پڑھ کر بتایا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے کسی ایک آدمی کی ناحق جان لینے کو پوری دنیا کا قتل بتایا ہے، اور قرآن پاک نے صاف اعلان کیا ہے۔

وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ ○ اللہ بگاڑ کو پسند نہیں کرتا۔

(القرآن، البقرہ ۲:۲۰۵)

قرآن کو ماننے والے آتنگ وادی (دہشت گرد) نہیں ہو سکتے۔ اسلام رحمت اور امن کا مذہب ہے۔ مولوی صاحب نے کہا کہ ہم لوگ تو

بچوں سے مسلمان ہیں۔ اس لئے پرانے مسلمان صرف نام کے اور رسمی مسلمان ہیں۔ جب کسی جسم میں خون خراب ہو جائے تو زندگی کو معمول پر لانے اور صحت کو ٹھیک کرنے کے لئے نئے خون کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس دنیا کی امن وسلامتی کے لئے نئے خون کی یعنی وہی سمجھ کر قرآن مجید کے اسلام قبول کرنے والے نو مسلموں کی ضرورت ہے۔ اس لئے آپ لوگوں پر زیادہ ذمہ داری ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ نئے لوگ یہ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ عراق اور سعودی عرب میں مسلمانوں کو قتل کرنے اور ان سے لڑنے والے امریکی فوجی مسلمان ہو رہے ہیں اور ان فوجیوں کا اسلام کیسا ہوتا ہے اس کے کچھ قصے سنائے۔

میں یہ بتا رہا تھا کہ اللہ کا شکر ہے کہ میں نے اسلام میں امن وسلامتی پائی۔ میں اسلام سے پہلے گھر کے سائے سے محروم تھا۔ لوگوں کو ستانا، جنگلوں میں رہنا، لڑنا، مار دھاڑ کرنا میرا کام تھا۔ اب مسلمان ہونے کے بعد جس کے گھر میں جاتا ہوں مجھے پیار ملتا ہے۔ لوگ میرا اکرام کرتے ہیں۔ شاید میں ایسا مسلمان ہوں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے کوئی پریشانی نہیں جھیلی۔ میرے ہندو خاندان کی طرف سے میری مخالفت کے بجائے میری عزت ہوگی۔ اب وہ میری بات کو عزت سے سنتے ہیں۔ مجھ سے مشکل معاملات میں مشورہ لیتے ہیں۔ میرے اللہ نے مجھ بگڑے کو کیسے سنوار دیا۔ میں جان بھی دیدوں تو اس کا شکر ادا نہیں کرسکتا۔

اللہ کا شکر ہے، مجھے کسی قسم کی پریشانی سے دوچار نہیں ہونا پڑا، کیونکہ میری تربیت اچھے عالموں کے سپرد رہی ہے۔ اسلام لانے کے بعد میں نے جو اطمینان وسکون حاصل کیا ہے۔ اس کے بارے میں تو میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے نعمتوں کے دروازے کھول رکھے ہیں۔ میں نے تو کبھی خواب میں بھی نہیں سوچا تھا کہ میری اتنی اچھی زندگی ہو جائے گی۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ ہر مسلمان کو میری جیسی زندگی عطا فرمائے۔

الحمدللہ میں اور میری اہلیہ دونوں گھر جاتے ہیں، میری والدہ پر ان کے گھر والوں کا دباؤ ہے، ورنہ وہ اندر سے مسلمان ہوگئی ہیں۔ میں نے ایک بار ان کو کلمہ بھی پڑھوا دیا ہے۔ میرے ایک بھائی مولوی صاحب کے پاس آتے ہیں وہ مولوی صاحب سے بہت محبت کرتے ہیں، مجھے ایسا لگتا ہے کہ شاید مولوی صاحب نے ان کو کلمہ پڑھوا دیا ہے۔ اب وہ مندر بالکل نہیں جاتے، ان سے چھوٹا بھائی الحمدللہ سونی پت آیا۔ اس نے اور میرے ایک بھتیجے دونوں نے اسلام قبول کرلیا۔ ایک چلے میں گیا ہوا ہے، دوسرا کچھ روز کے بعد انشاء اللہ جماعت میں جائے گا۔ مجھے امید ہے کہ میرے بہت سے دوست بھی مسلمان ہو جائیں گے۔ وہ خود بھی اصل میں مولوی صاحب سے ملنے کے بہت اشتیاق (مشتاق) ہیں۔ مجھے جب بھی اپنے اسلام کا خیال آتا ہے، مجھے اپنے سارے رشتے دار اور دوست یاد آتے ہیں، میں دل سے ان کی ہدایت کے لئے خوب دعا کرتا ہوں۔

میں مسلمانوں کو یہ پیغام دینا چاہوں گا کہ اسلام کے اندر بہت سکون ہے۔ اور یہ بہت بڑی نعمت ہے، اور جو نماز کی پابندی کرے گا اسے وہ سکون حاصل ہوگا اور جو فارملٹی پوری کرے گا اس کے لئے کچھ نہیں ہے۔ میں یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ ہم سب مسلمان نماز کی قدر کرتے ہوئے اسے پابندی سے پڑھیں اور اسلام کی طرف لوگوں کو بلائیں، معلوم نہیں اللہ تعالیٰ کس کو ذریعہ بنا کر کامیابی اور کامرانی کا راستہ کھول دیں۔

سب سے ضروری بات یہ ہے کہ دنیا میں امن وچین اور سلامتی کے لئے دنیا کے لوگوں کو اسلام کے سائے میں آنا ضروری ہے۔ یہ کیسا اندھیر ہے کہ لوگ امن وشانتی اور چین سلامتی کے مذہب کو دہشت گردی سمجھنے لگے ہیں!؟ اس میں جہاں شیطانی چیلوں کا لوگوں کو اسلام اور جنت سے دور رکھنے کی سازش کا دخل ہے۔ وہیں مسلمانوں کے حالات بھی ان کی مدد کرتے ہیں۔ آپ علاقے کی جیلوں میں جاکر دیکھیں تو زیادہ تر قیدی مسلمان ہیں۔ حالانکہ جن سنکھیا (تعداد) ہندوؤں کی زیادہ ہے۔ جب میں ایک دو بار مظفر نگر جیل میں گیا تو وہاں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ قیدیوں میں ۶۷ فی صد مسلمان تھے۔ جب کہ ہمارے ضلع میں مسلمان شاید ۳۰ یا ۳۵ فیصد ہوں گے۔ مسلمانوں کے اس اندھیرے کردار کا پردہ بس سازشی لوگوں کے سامنے اسلام سے دور رکھنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔ اس سے دنیا امن سے محروم ہوتی جارہی ہے۔ میری درخواست ہے کہ ہر ایمان والے کو اپنا مقام سمجھنا چاہئے۔ کہ وہ ایمان والا اور مسلمان ہے، اس لئے وہ جہاں رہے اس کو یہ خیال رہنا چاہئے کہ وہ رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نبی کا امتی ہے۔ اس کو اپنے آپ کو امن وسلامتی کا پیامبر سمجھنا چاہئے۔ کم از کم وہ جہاں رہے، لوگوں کو شر سے بچائے۔ وہ دوسروں کی امن وسلامتی کی فکر کرے گا، تو اللہ اس کو دنیا وآخرت میں سلامتی عطا فرمائیں گے۔ ہم اگر اپنے اسلام کا مطلب سمجھ لیں اور لوگوں کو السلام علیکم کا مطلب سمجھا دیں کہ اسلام نے سلام کو پھیلانے کا حکم دیا ہے تو بس اسلام اور مسلمانوں کی حقیقی تصویر لوگوں کے سامنے آجائے گی۔ اس طرف بہت سوچنے کی ضرورت ہے۔ سلام کے تو معنی ہی یہ ہیں کہ تم پر سلامتی ہو، چاروں طرف تم پر سلامتی ہو، اس کو پھیلانے کا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے، پھر اس دین کو ماننے والا کیسے ظالم ہوسکتا ہے۔؟ کیسے آتنک وادی (دہشت گرد) ہوسکتا ہے۔؟ (۲)

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

(۲) مستفاد از ماہنامہ ارمغان ولی اللہ، پھلت ضلع مظفر نگر (یوپی) مارچ ۲۰۰۶ء، ص ۱۱-۱۶

Scanned by CamScanner

علاج بذریعہ صدقات

حسن الہاشمی

بروقت صدقہ دیجئے اور آسمانی آفتوں سے نجات حاصل کیجئے

ہر مذہب والے صدقہ کے نیک اثر کو تسلیم کرتے ہیں، مذہب اسلام نے بھی ہر مصیبت کو رد کرنے کے لئے صدقہ تجویز کیا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ صدقہ بہترین اعمال سے ہے، اگر چہ قضا کو کوئی چیز روک نہیں سکتی اور ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے، مگر صدقہ سے بلائیں رد ہوتی ہیں اس سے بھی انکار نہیں، دوزخ کی آگ سرد ہو جاتی ہے، صدقہ دل کا نور ہے، سخی قرب الٰہی حاصل کرتا ہے، بخیل دوزخ کی آگ سے قریب ہوتا ہے، جو لوگ صدقہ بھی دیدیتے ہیں اور عبادت بھی کرتے ہیں ان کی بڑی شان ہے، صدقہ پہلے قرابت دار اور اپنے عزیز اور مسکین کو دینا بھی افضل ہے۔

سیارگان کی نحوست دور کرنے کے لئے نقشہ درج ذیل ہے۔ جس کو عاملین نے ایسے وقت کے لئے مقرر فرمایا ہے۔

سیاروں کے نام	نام سمت	اسمائے باری تعالیٰ	روزانہ پڑھنے کی تعداد	صدقہ دینے کا دن	اشیائے صدقات
قمر	مغرب	یانور السّمٰوٰت والارض	۳۶۰	پیر	سفید اشیاء مثلاً دودھ، چینی، آٹا، سفید کپڑے میں باندھ کردیں
عطارد	مغرب	یاعلیم یا حکیم یا خبیر	۵۲۲	بدھ	سبز اشیاء مثلاً مونگ سبز، کپڑے میں باندھ کر دیں
زہرہ	مشرق	یالطیف یاحسیب یارحیم	۷۴۱	جمعہ	سفید اشیاء مثلاً چاول، چاندی، یاقوت، آٹا، چینی، سفید کپڑے میں باندھ کردیں
شمس	مشرق	یااللہ یا مالک الملک	۹۴۲	اتوار	سرخ اشیاء مثلاً سونا، تانبہ، گیہوں سرخ کپڑے میں باندھ کردیں
مریخ	جنوب	یاجلیل یا منتقم	۲۸۳	منگل	سرخ اشیاء مثلاً گڑ، تانبہ، دال مسور، مونگا، سرخ کپڑے میں باندھ کردیں
مشتری	مشرق	یاحمید یا ھادی یا وھاب	۸۷۸	جمعرات	زرد اشیاء مثلاً سونا، دال، چنا، ہلدی، زرد کپڑے میں باندھ کردیں
زحل	شمال	یااللہ یا جواد یا دائم	۵۷۳	ہفتہ	سیاہ اشیاء مثلاً لوہا، تیل، سرسوں ماش، سیاہ کپڑے میں باندھ کردیں

Scanned by CamScanner

ممبئی کی مشہور و معروف مٹھائی ساز فرم

طہورا سوئیٹس

اسپیشل مٹھائیاں

افلاطون ★ نان خطائیاں ★ ڈرائی فروٹ برفی
ملائی پیکو برفی ★ قلاقند ★ بادامی حلوہ ★ گلاب جامن
دودھی حلوہ ★ گاجر حلوہ ★ کاجو کتلی ★ ملائی زعفرانی پیڑہ

مستورات کے لئے خاص جتیمہ لڈو۔

ودیگر جملہ اقسام کی مٹھائیاں دستیاب ہیں۔

لذیذ مٹھائیوں کے لئے

طہورا سوئیٹس ®

بلاسس روڈ، ناگپاڑہ، ممبئی-۴۰۰۰۰۸ ☎ ۲۳۰۹۱۳۱۸ - ۲۳۰۸۷۷۴۳

GRAPHTECH

آخری قسط

جنات کی رہائش گاہ

از عرفان سبحانی

چمگادڑوں والے کمرے کی چھت پر آگ کا بنا ہوا جو ہنڈولہ اترا تھا یہ غالباً شاہ جنات کی سواری تھی اس کی حفاظت کے لئے دسیوں جنات اس کے ساتھ تھے۔ اس ہنڈولہ کی آمد یہ ثابت کرتی تھی کہ حویلی کے کمروں میں گھمسان کی جنگ جاری ہے اور دو عاملوں نے ان جنات کو زبردست کشمکش میں مبتلا کر رکھا ہے اور یہ مجبور ہو گئے ہیں کہ اپنے بادشاہوں اور خاص الخاص اجنہ سے مدد حاصل کریں۔ جنگ جنگ ہی ہوتی ہے اور جنگ کے مناظر جہاں ہوش اڑا دینے والے ہوتے ہیں وہیں وہ مناظر دیکھنے سے اور ریکارڈ رکھنے کے قابل بھی ہوتے ہیں۔ ہمارے دلوں میں یہ خواہش مچلتی تھی کہ ہم اس مقابلہ آرائی کو جو انسانوں اور جنوں کے درمیان ہو رہی تھی اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ لیکن ہم مجبور اور بے بس تھے اور ہم یہ بھی جانتے تھے کہ اگر ہم نے اپنے قدم حصار سے باہر نکالے تو ہماری جانیں خطرے میں پڑ جائیں گی۔ کلن کا حشر ہماری آنکھوں کے سامنے تھا۔ اس کی ناگہانی موت نے ہمیں خوف اور دہشت سے دوچار کر دیا تھا۔ اور ہم حصار کے دائرے کے اندر خود کو محصور رکھنے پر مجبور تھے۔ کلن ایک ذرا سی غلطی سے اپنی جان گنوا بیٹھا تھا۔

حویلی کے اندرونی کمروں میں کہرام مچا ہوا تھا۔ ہمیں حیرت تھی کہ صرف دو انسان اتنے سارے جنوں کا مقابلہ کیسے کر رہے ہیں۔ اور ہمیں فخر تھا کہ اللہ نے ہمیں اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ اور فخر اس بات پر بھی تھا کہ اس نے ہمیں ایمان کی دولت عطا کی اور خوشی اس بات کی تھی کہ جنات کی دنیا میں پہنچ کر جہاں ہم بے دست و پا تھے اس نے اپنے فضل سے ہماری حفاظت کے لئے دو عاملوں کو بھیج دیا جو ہماری جانوں کی حفاظت کے لئے خود کو خطروں میں ڈالے ہوئے تھے۔ ہماری بدنصیبی تھی کہ ہم مسلمان ہوتے ہوئے قرآن کی تعلیم سے محروم تھے۔ اور ہمیں آیت الکرسی بھی یاد نہیں تھی اور اب ہمیں یہ اندازہ ہو گیا تھا کہ آیات قرآنی کی طاقت کیا ہے۔ اور علوم قرآن کی کے ذریعہ ہم اس دنیا پر کس طرح فتح حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم نے جنات کی ریشہ دوانیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ ہم نے ان کی خطرناک منصوبہ بندیوں کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے۔ ہم خواب میں نہیں حقیقت میں یہ دیکھ رہے تھے کہ جنات کے پاس کتنی طاقت ہے۔ وہ انسانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے کتنے حربے استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ انسانوں کو خوف زدہ کرنے کے لئے سانپ بن جاتے ہیں، گھوڑوں اور گدھوں کا روپ اختیار کر لیتے، خطرناک قسم کے کتے اور بلی بن کر حملہ کرتے ہیں اور ہاتھی بن کر ڈرانے اور اڑانے کی بھیانک سازش کر لیتے ہیں۔ کیسی کیسی حرکتیں تھیں جو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی تھیں۔ آج یہ تمام آپ بیتی ہم کسی کو سناتے ہیں تو وہ ہمارا یقین نہیں کرتا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ اس طرح کی آپ بیتی اگر کوئی ہمیں سناتا تو ہم بھی اس کا یقین نہ کرتے اور اس کو پاگل سمجھتے۔ اور اس کا مذاق اڑاتے۔ اس آپ بیتی سے پہلے جیسے آج میں نقل کر رہا ہوں میں تو جنات کے وجود ہی کا قائل نہیں تھا۔ اور عملیات کو تو میں ایک ڈھکوسلہ سمجھتا تھا۔ میں فطرتاً بہادر بھی تھا۔ اس لئے میرا عزم یہ تھا کہ اگر کوئی جن سامنے آ گیا تو میں اس کی گردن مروڑ دوں گا۔ میں اپنے دوستوں سے اسی طرح کی باتیں کیا کرتا تھا لیکن اس شکار کے دوران جب جنات کی رہائش گاہ میں مجھ پر اور میرے دوستوں پر یہ سب کچھ گزری جس کو آج میں قلم بند کر رہا ہوں تو مجھے یہ ماننا پڑا کہ ہمارے خالق نے جنات جیسی ایک مخلوق کو بھی پیدا کیا ہے۔ جن کی قوت اور جن کے اختیارات ہم سے زیادہ ہیں اور میں اس بات کا بھی قائل ہو گیا کہ جنات پر عاملین غلبہ حاصل کر سکتے ہیں اور یہ غلبہ علم و عمل کی بنیادوں پر حاصل ہوتا ہے۔ جسمانی قوتوں کی یہاں کوئی حیثیت نہیں ہے۔ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا کہ جنات طرح طرح کے روپ اختیار کر کے ہمارے پاس آ رہے تھے لیکن حصار کے اندر آنے کی ان میں ہمت تھی اور نہ اختیار۔ دیکھنے میں تو یہ حصار کا دائرہ ہاتھ سے کھینچی ہوئی ایک لکیر ہی تو تھا لیکن یہ مضبوط اور محفوظ قلعے کے برابر تھا جہاں دشمن کی رسائی ممکن نہیں تھی۔

خطرناک آوازیں، سسکنے اور بلکنے کی آوازیں، مارو بچاؤ کی آوازیں اور نہ سمجھ میں آنے والی کلمات کی آوازیں ایک بھیانک شور و غل کی طرح ہمارے کانوں میں پڑ رہی تھی اسی لمحے ایک خطرناک ہوش اڑا دینے والا

جن جس کے گلے میں آگ کی مالائیں پڑی ہوئی تھیں اور جس کی آنکھیں دوزخ کی شعلوں کی طرح دہک رہی تھیں۔ ہماری طرف آتا ہوا نظر آیا اس کے ہاتھ میں ایک تلوار بھی تھی جو آگ کی بنی ہوئی تھی اور اس کے دوسرے ہاتھ میں ایک لوہے کی زنجیر تھی شاید اس زنجیر کو بھی آگ میں تپایا گیا تھا کیونکہ اس کو دیکھ کر ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے اس کو کسی بھٹی میں تپا کر لایا گیا ہے۔ یہ جن زنجیر کو فضاؤں میں گھماتے ہوئے اور وحشیوں کی طرح چنگھاڑتے ہوئے پورے غصے کے ساتھ ہماری طرف بڑھ رہا تھا اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے چیلے بھی خطرناک طنزیہ ہنسی کے ساتھ اُچھلتے کودتے ہماری طرف آرہے تھے۔ ہمیں اس کا اندازہ ہوگیا تھا ہمیں ختم کرنے کے لئے ان کو بطور خاص بلایا گیا ہے اور یہ شاہ جنات کے ہنڈولے کے ساتھ نازل ہوئے تھے۔ ہم حصار کی قوت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے اور ہمارا یقین مضبوط تھا لیکن اس جن کو دیکھ کر ہمارے جسموں پر کپکپی طاری ہوگئی اور ہمیں ایسا لگا کہ یہ جن ہماری ہڈی پسلی توڑنے میں کامیاب ہوجائے گا۔ اور ہم بھیانک موت سے ہمکنار ہوجائیں گے۔ ہم نے کلمہ پڑھنا شروع کیا تاکہ اگر ہم مرے بھی تو ہمارا خاتمہ ایمان پر ہو۔ چند لمحوں کے بعد وہ خطرناک جن، جس کا بھیانک ناک نقشہ آج بھی میرے جسم میں رونگٹے کھڑا کردیتا ہے ہمارے روبرو آکر کھڑا ہوگیا۔ اس نے ہم سے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے ہوکر اپنا فیل نما پیر زمین پر مارا تو اس کی پوری ٹانگ زمین میں دھنس گئی۔ اس کی ٹانگیں لوہے کی طرح سخت تھیں۔ یہ منظر دیکھ کر ہمارے ہوش اڑ گئے اور ہم سب نے اپنی آنکھیں بند کرلیں لیکن جب اس جن نے ایک قہقہہ لگایا اس کے ایک زہریلے قہقہے سے حویلی کے درودیوار کانپنے لگے۔ اس کے اس خطرناک قہقہے کی بدنما آواز سے ہم لرز گئے اور ہم نے اپنی آنکھیں پھر کھول لیں وہ زہریلی ہنسی ہنستے ہوئے بولا۔ آدم کے بیٹوں اپنی ماں حوا کو یاد کرلو۔ اب تمہارا خاتمہ ہونے والا ہے۔ یہ کہہ کر اس جن نے اپنی زنجیر کو پوری قوت کے ساتھ گھمایا۔ اس انداز سے کہ وہ زنجیر ہمارے جسموں کو گھائل کردے اور ہماری کرچیاں بکھر جائیں۔ لیکن واہ رے اللہ تیری شان اور واہ رے کلام الٰہی تیری طاقت۔! وہ زنجیر حصار کی وجہ سے اس جن سے گھومی ہی نہیں۔ وہ ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا تھا۔ اس کا چہرہ بتا رہا تھا کہ وہ اپنی قوت پوری طرح صرف کر رہا تھا اس کے چہرے پر غصہ بھی تھا اور غصہ میں انسان کی طاقت بھی دگنی ہوجاتی ہے اور جنوں کی طاقت تو کئی گنا بڑھ جاتی ہے لیکن اللہ کی قدرت اور اس کے کلام کی روحانیت کے قربان جائیے کہ وہ جن بے بس ہوگیا اور اس کے ہاتھ شل ہوگئے۔ وہ ہانپنے لگا۔ لیکن اس وقت پورے غصے کے ساتھ اس نے ہم پر حملہ کرنے کی آخری کوشش کی وہ چھلانگ لگا کر ہم تک پہنچنا چاہتا تھا لیکن وہ حصار سے باہر ہی گر گیا۔ اس کے ساتھیوں نے مدد کرکے اس کو دوبارہ کھڑا کیا۔ لیکن نہ جانے کیوں اس کا جسم کانپنے لگا اس کے منہ سے رال ٹپکنے لگی اور اس کی زبان باہر نکلی ہوئی تھی اس کی آنکھوں میں شعلے دہک رہے تھے لیکن اس کے چہرے پر شکست کے آثار نمایاں تھے اس نے ایک بار اپنا ہاتھ پھر ہماری طرف بڑھایا لیکن اس کا ہاتھ ایک طرف کو ڈھلک گیا جیسے کسی پر فالج کا حملہ ہوجاتا ہے اس نے ہمیں گھور کر دیکھا۔ اس کی آنکھوں میں غصہ بھی تھا۔ شکست کا اعتراف بھی تھا اور انسانی علوم کے سامنے اس کی بے بسی بھی ظاہر تھی۔ اس کے بعد وہ اور اس کے ساتھی الٹے پاؤں لوٹ گئے۔ وہ چمگادڑوں والے کمرے میں داخل ہوگئے اندر کے شور وغل سے بہت وحشت ہورہی تھی۔ رونے دھونے کی آوازیں بدستور آرہی تھیں۔ ہمیں کچھ بھی اندازہ نہیں تھا کہ کون غالب ہے اور کون مغلوب۔ لیکن حصار کی قوت دیکھ کر ہمیں اس بات کا احساس ضرور تھا کہ جنات بہت آسانی سے مولوی افتخار اور مولوی ذوالفقار کو شکست نہیں دے سکتے۔ اور جب تک ان دونوں کو شکست نہیں ہوجاتی اس وقت تک ہمارے ساتھیوں کا کچھ بگڑنے والا نہیں ہے۔ اس جن کے واپس ہوجانے کے بعد چمگادڑوں والے کمرے سے تین عورتیں نکل کر ہماری طرف چلیں۔ یہ عورتیں بالکل سیاہ فام تھیں۔ ان کی ناک کے نتھنیں اتنے بڑے بڑے تھے کہ ہم ان میں اپنے ہاتھ کو گھسا سکتے تھے۔ ان کے کان اس قدر بڑے اور وحشتناک تھے کہ جن کو دیکھ کر ایک عجیب طرح کا خوف اور ڈر دل میں پیدا ہوتا تھا۔ ان کے دانت ہلدی سے بھی زیادہ زرد تھے اور ان کے بال اس طرح الجھے ہوئے تھے جس طرح سُتلی الجھ جاتی ہے۔ ان کے پیر اور ہاتھوں کے پنجے کھردرے، سیاہ اور اس قدر بدنما تھے جنہیں دیکھ کر گھن ہونے لگتی تھی۔ ان کے جسموں سے بدبوئیں پھوٹ رہی تھیں۔ یہ تینوں عورتیں ہم سے ایک گز کے فاصلے پر آکر کھڑی ہوگئیں۔ اور انہوں نے ایک ایک کرکے اپنے جسموں سے اپنے کپڑے اتار دیئے۔ حیرتناک بات تھی کہ ان کے جسموں پر اتنے بال تھے کہ اتنے بال تو مردوں کے جسم پر بھی نہیں ہوتے۔ اور ان کی شرم گاہیں بالوں سے پٹی ہوئی تھیں۔ ان کی شرمگاہوں سے خون ٹپک رہا تھا۔ وہ ہمیں اس طرح گھور گھور کر دیکھ رہی تھیں کہ جیسے ہم زندہ کو چبالیں گی اور جیسے ہمیں نگل کر ہی دم لیں گی۔ ان کو دیکھ کر ہمیں بہت دہشت ہورہی تھی اور ہمارے قدموں میں ایک طرح کی

Scanned by CamScanner

ہو رہی تھی لیکن ہم مضبوطی کے ساتھ کھڑے ہوئے تھے اور ایک دوسرے سے آنکھوں ہی آنکھوں میں یہ کہہ رہے تھے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اگر ہم میں سے کوئی ذرا بھی حصار سے باہر نکلے گا تو اس کا انجام بہت برا ہو گا۔ جب ان بڑی ہوئی عورتوں نے یہ اندازہ کیا کہ ہم تو ان کی کسی بھی حرکت سے ٹس سے مس نہیں ہو رہے ہیں تو انہوں نے ایک ذلیل حرکت شروع کی انہوں نے اپنی شرم گاہوں میں اپنے ہاتھ گھسا کر انہیں چاٹنا شروع کیا۔ اس قبیح منظر کو دیکھ کر ہمکیں اُبکائی آنے لگی۔ وہ عورتیں یہ ذلیل حرکت اس لئے کر رہی تھیں کہ تاکہ ہم اس ذلیل حرکت کی تاب نہ لا کر پریشان ہو جائیں، ہمارے جی متلانے لگیں اور ہمارے جسم کا کچھ بھی حصہ دائرہ حصار سے باہر آ جائے۔ یہ ذلیل حرکت دیکھ کر ہمارے سر چکرانے لگے اور یہ اندیشہ ہو گیا کہ ہم میں سے کوئی بے سدھ ہو کر گر پڑے گا اور گرنے کا مطلب یہ ہو گا کہ حصار ٹوٹ جائے اس لئے ہم نے خود کو سنبھالا اور ایک دوسرے کو سنبھلنے کی تلقین کی۔ چند منٹ تک وہ تینوں جنی عورتیں یہ ذلیل حرکت کرتی رہیں۔ ابھی وہ اس ذلیل حرکت میں مصروف ہی تھیں کہ حویلی میں ایک زبردست دھما کہ ہوا۔ اس کے بعد ہر طرف آگ کے گولے بکھرنے لگے۔ چگادڑ والے کمرے سے طرح طرح کی مخلوقات نکل کر بے تحاشہ حویلی کے مین گیٹ کی طرف بھاگنے لگیں۔ اچانک یہ تینوں عورتیں بھی ننگ دھڑنگ حویلی کے مین گیٹ سے باہر نکل گئیں۔ چند لمحوں تک حویلی کے در و دیوار پر شعلے برستے رہے۔ ہمارے ارد گرد بھی انگاروں کی بوچھاریں ہوتی رہیں لیکن کوئی ایک انگارہ بھی حصار کے اندر نہیں آ سکا، ہم پوری طرح محفوظ رہے لیکن ہمارے دلوں کا جو حال تھا وہ بس ہم ہی جانتے تھے۔ ہم ایک ایسے خوف اور دہشت کا شکار تھے جس کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں ہے۔

یہ بات ہمارے سمجھ میں نہیں آئی کہ مختلف قسم کی مخلوقات جس میں سانپ، اژدہے، کتے، بلّیاں، ریچھ، ہاتھی اور سور موجود تھے یہ سب حویلی سے باہر کیوں چلے گئے اور تینوں جنی عورتیں بھی ہمیں ستانے کے بجائے بے تحاشہ بھاگتی ہوئی حویلی سے کیوں خارج ہو گئیں انہیں کسی نے بھاگنے کا حکم دیا۔ کیا حویلی کے کمروں میں جو جنگ چل رہی تھی وہ کسی نتیجے پر پہنچ گئی تھی، کیا کسی گروہ کو دوسرے گروہ پر غلبہ حاصل ہو گیا تھا۔ کچھ بھی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ ایک بار ہمارے ذہنوں میں یہ بات آ گئی کہ اپنی جگہ سے ہٹ کر دیکھیں کہ اب کمروں میں کیا چل رہا ہے۔ شہزادہ اور میں نے حصار سے باہر نکلنے کا ارادہ بھی کر لیا تھا لیکن ہمارے ساتھیوں نے سمجھایا کہ یہ غلطی نہ کریں کیونکہ ہمیں مغالطہ دینے کی یہ کوئی چال ہو سکتی ہے اگر ہم حصار سے باہر ہو گئے تو سمجھ لیا کہ ہماری جانیں خطرے میں پڑ جائیں گی اور ہم مکھن میاں کی طرح بے موت مارے جائیں گے۔ ہمیں اس وقت تک حصار سے باہر نہیں جانا ہے جب تک مولوی افتخار اور مولوی ذوالفقار آ کر ہمارا حصار نہ کھولیں۔ دو صورتیں ہیں اگر جنگ ختم ہو جاتی اور ہمارے ساتھیوں کو جنات پر غلبہ مل جاتا تو وہ سب باہر آ جاتے کسی کا باہر نہ آنا اس بات کی علامت ہے کہ یا تو خدانخواستہ ہمارے ساتھی شہید ہو چکے ہیں یا پھر ابھی جنگ جاری ہے۔ تم ٹھیک کہتے ہو میں نے بولنے والے کی تائید کی اور اسی لمحے حویلی کے مین گیٹ سے ایک عجیب قسم کا انسان جس کا قد ۵ گز کا رہا ہو گا اندر داخل ہوا اور اس نے خود اعتمادی کے ساتھ ہماری طرف اپنی لمبی لمبی ٹانگوں سے چل کر بڑھنا شروع کیا۔ اس کے جسم پر کانٹے اُگے ہوئے تھے۔ اس کے سر پر سینگ بھی تھے یہ سانپ کی طرح پھنکارتا ہوا ہماری طرف آ رہا تھا۔ اس کے ہاتھوں کی انگلیاں ایک ایک فٹ کی تھیں اور ایک عجیب بات یہ تھی کہ اس کے بدنما پیر الٹے تھے۔ بچپن میں چھلاوہ پیریوں کی جو داستانیں ہم دادی اور نانی کی زبان سے سنا کرتے تھے یہ شخص اسی طرح کا تھا اس کے دونوں پاؤں الٹے تھے جنہیں دیکھ کر دہشت ہوتی تھی۔ اس نے غضبناک ہو کر ہماری طرف دیکھا اور اس نے اوپر کی جانب سے اپنا ہاتھ ہماری طرف بڑھانا شروع کیا۔ ایک دفعہ کو ہمیں یہ محسوس ہوا کہ یہ ہمیں نقصان پہنچانے میں کامیاب ہو جائے گا کیونکہ یہ اوپر سے حملہ کرنے کی پلاننگ کر رہا تھا لیکن پھر ہمیں اطمینان ہو گیا کیونکہ جب حویلی میں انگارے برس رہے تھے کوئی بھی انگارہ ہمارے سروں پر آ کر نہیں گر رہا تھا۔ چنانچہ وہی ہوا وہ بار بار اوپر سے ہاتھ ہماری طرف بڑھانے کی کوشش کرتا رہا لیکن بار بار اس کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ جب بھی وہ ہاتھ بڑھانے کا ارادہ کرتا اس کے ہاتھ میں نہ جانے کیا ہو جاتا کہ وہ ایک آہ اور ایک کراہ کے ساتھ اپنا ہاتھ سمیٹ لیتا، اپنے غلط ارادوں میں ناکامی کے بعد اس نے حویلی کی ایک دیوار پر اپنا گھونسہ مارا اور وہ دیوار مسمار ہو گئی۔ اس حرکت سے ہمیں اس کی قوت کا اندازہ ہوا کہ وہ دیو ہیکل کس قدر طاقت ور تھا اگر اس کے ہاتھوں کے پنجے ہمارے سروں تک پہنچ جاتے تو ہمارا تو بھیجا ہی باہر ہو جاتا اور ہم چوں کئے بغیر ختم ہو جاتے۔ ہم سب اسی کو تکتے رہے تھے کہ اچانک ہم نے دیکھا کہ شاہ جنات کی سواری چمگادڑوں والے کمرے کی چھت سے آسمان کی طرف اڑنے لگی۔ اور اس کے ساتھ جنات کا ایک

لشکر بھی اس کے ساتھ واپس ہونے لگا۔ کچھ جانور نما لوگ حویلی کے کمروں سے نکل کر حویلی کے مین گیٹ کی طرف جانے لگے۔ ان کے چلنے کا انداز بتا رہا تھا کہ یہ بہت تھکے ہوئے ہیں۔ یہ جانور عجیب طرح کے تھے اس طرح کے جانوروں کے بارے میں نہ کبھی سنا تھا نہ اس طرح کی تصویریں کبھی ہماری نظروں سے گزری تھیں۔ ان کو واپس دیکھ کر ہمیں یہ اندازہ ہوا کہ جنات جنگ ہار گئے ہیں۔ وہ پانچ گز کا جن بھی ان کی واپسی کا منظر دیکھ کر حیرت زدہ تھا اور کبھی وہ ان کو دیکھ رہا تھا اور کبھی ہماری طرف۔ اس کے بعد اس نے ایک زوردار چیخ ماری، ایک وحشتناک چیخ اور پھر چیختا ہوا وہ بھی حویلی سے باہر چلا گیا۔

ہم شش و پنج میں تھے کہ ہوا کیا۔ اگر جنگ ختم ہوگئی تو ہمارے ساتھیوں کا کیا بنا، کیا وہ اس جنگ میں کام آگئے اور اگر وہ زندہ ہیں تو پھر باہر کیوں نہیں آرہے۔ ہمارے سوالوں کا کوئی جواب کسی طرح بھی نہیں مل رہا تھا۔ ہم ایک دوسرے کو سوالیہ نظروں سے گھور رہے تھے اور ہم میں سے ہر شخص سوال کرنے میں مشغول تھا جواب دینے کی پوزیشن میں کوئی بھی نہیں تھا۔ ابھی ہم سوالوں کی جنگل میں بھٹک رہے تھے کہ ہنڈولہ پھر آسمان سے زمین کی طرف آیا اور اس ہنڈولہ سے شہزاد کی بیوی نجمہ ہمیں اترتی ہوئی نظر آئی اس نے شہزاد کو دیکھ کر ہاتھ کے اشارے سے سلام کیا لیکن وہ دو جنوں کی حفاظت میں اندر کمرے میں چلی گئی۔ ہمارے کچھ بھی سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کہاں سے آئی ہے اور اس کو جنوں کی حفاظت میں اندر کیوں لے جایا گیا ہے۔ ہماری بے چینی اور بڑھ گئی ہمیں اختلاج سا ہونے لگا۔ اور ہم سب وحشت زدہ ہو کر ایک دوسرے سے بے چینیوں کا اظہار کر رہے تھے اور کوئی بھی کسی کو تسلی دینے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔ نجمہ کا ہاتھ ہلا کر سلام کرنے کا مطلب تو یہ تھا کہ وہ مطمئن تھی اسے کوئی خوف اور ڈر نہیں تھا۔ اگر وہ خوفزدہ ہوتی تو وہ اس طرح ہاتھ ہلا کر اپنے شوہر سے مخاطب نہ ہوتی۔ لیکن یہ نجمہ کہاں گئی تھی اور جنات اس کو کہاں سے واپس لائے تھے۔ کیا جنات کی یہ بات درست تھی کہ انہوں نے اس کو سمندر کے پار پہنچا دیا ہے لیکن ارجمند بانو عرف انجمن تو واپس آتی نظر نہیں آئی۔ جب کہ جنات نے تو اس کے بارے میں بھی کہا تھا کہ اس کو بھی سمندر پار پہنچا دیا ہے۔ نجمہ کو دیکھ کر ہم عجیب سی الجھن اور کشمکش میں مبتلا ہوگئے تھے۔ ہمارے کسی بھی الجھے ہوئے سوال کا کوئی بھی جواب نہیں تھا۔ اندر کمروں میں اب موت کی سی خاموشی تھی۔ اسی پل پٹا پٹ زمین پر کچھ گرنا شروع ہوا۔ اللہ کی پناہ! ہم ایک بار پھر گھبرا گئے۔ ہم نے دیکھا اس بار بچھوؤں کی بارش ہو رہی تھی، بچھو ہمارے قریب بھی آکر حصار سے باہر سیکڑوں کی تعداد میں برس رہے تھے اور ان کا رنگ بالکل سیاہ تھا آدھے فٹ کے بچھو زندگی میں کبھی نہیں دیکھے تھے۔ بچھو اتنی تعداد میں برس رہے تھے کہ زمین کا کوئی بھی حصہ خالی نہیں بچا تھا۔ ہر طرف بچھو ہی بچھو تھے۔ ہم نے دیکھا کہ یہ بچھو ایک دوسرے ہی کو ڈس رہے تھے ان بچھوؤں نے ہم تک پہنچنے کی بھی کوشش کئی بار کی تھی لیکن اللہ کا کرم تھا وہ حصار کے دائرہ سے باہر باہر رہے اور کوئی بھی بچھو حصار کے اندر داخل نہ ہو سکا۔ چند منٹ کے بعد ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چلی، پھر ایک ہرے رنگ کی روشنی فضاؤں میں بکھری اور اس کے بعد ایک گھنٹی کی آواز آئی۔ ہم ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کا لطف لے رہے تھے اور فضاؤں میں گھور گھور کر سبز رنگ کی روشنی کو سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے کہ یہ روشنی کہاں سے نمودار ہوئی اور اس کا سبب کیا ہے کہ اچانک سارے بچھو غائب ہوگئے۔ اور اچانک مولوی ذوالفقار اور مولوی افتخار ہمارے ساتھیوں کے ساتھ جس میں نجمہ اور ارجمند بھی شامل تھیں، ہنستے ہوئے کمرے سے باہر نکل کر ہماری طرف بڑھے، یہ سب لوگ حد سے زیادہ تھکے ہوئے محسوس ہو رہے تھے۔ مولوی ذوالفقار نے بتایا کہ طویل ترین جنگ کے بعد جنات سے یہ معاہدہ ہوگیا ہے کہ ہم صبح ہوتے ہی جنات کی اس رہائش گاہ کو چھوڑ دیں گے اور پھر کبھی اس طرف آکر رہائش اختیار نہیں کریں گے۔ مولوی افتخار نے ایک غمگین خبر یہ سنائی کہ ہمارا ایک ساتھی گلزار قریشی اس جنگ میں شہید ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ جنات نے نجمہ کو کسی جزیرے میں بھیج دیا تھا اور معاہدہ کے بعد اس کو وہ واپس لے کر آئے لیکن نجمہ اور ارجمند اب پوری طرح ٹھیک تھیں۔ مولوی افتخار نے جنات کے ساتھ جنگ کی ساری تفصیل سنائی جو خوفناک بھی تھی اور خاصی دلچسپ بھی۔ نجمہ بھابھی نے بھی بتایا کہ ان کے اوپر جزیرے میں کیا گزری۔ لیکن مولانا حسن الہاشمی کا حکم یہ ہے کہ داستان کافی طویل ہوگئی ہے اب اس داستان کو ختم کردو اس لئے آپ کا عرفان سبحانی آپ سے رخصت ہونے کی اجازت چاہتا ہے۔ اور آپ کو یہ نصیحت کرتا ہے کہ کلام الٰہی سے اپنا تعلق مضبوط رکھیں، کلام الٰہی ہی ہمیں دنیا کی آفتوں سے، جنات اور جادو جیسی چیزوں سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اگر مولوی افتخار اور مولوی ذوالفقار فرشتے بن کر ہمارے پاس نہ آتے تو ہم سب بے موت مر گئے ہوتے۔ دوستو! اب میں نے شکار سے بھی توبہ کر لی ہے کیونکہ مجھے اندازہ ہوگیا ہے کہ شکاریوں کا انجام بھی عبرتناک ہی ہوتا ہے۔ (ختم شد)

Scanned by CamScanner

طنزیہ مضمون

اذانِ بت کدہ

ابوالخیال قرشی

اگر چہ بت ہیں اماموں کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

عوام کی جہالت اور عاملین کی عیاری نے بہت ستم ڈھائے ہیں۔ اس بارے میں جب غور وفکر کرتا ہوں تو کلیجہ منہ تک آجاتا ہے۔ اور دل گھٹنوں میں آکر دھک دھک کرنے لگتا ہے اور جہاں تک عقل کا تعلق ہے تو وہ بے چاری مارے شرم کے کسی مریل بکری کی طرح منمنانے لگتی ہے۔ میں اس کو سمجھاتا ہوں اور تسلی دینے کی کوشش کرتا ہوں تو وہ مجھے اس طرح گھور کر دیکھتی ہے کہ جیسے وہ عنقریب بغاوت کردے گی اور میرے سر کی وادیوں سے نکل کر وحشت ناک صحراؤں میں بھٹک جائے گی اور پھر میں اسی طرح بے عقل کا انسان بن جاؤں گا جس طرح لاکھوں انسان بنا عقل کے دندنا رہے ہیں اور خود کو تیس مار خاں سمجھ کر گلی کوچوں میں اچھلتے پھر رہے ہیں۔ اور مذہبی بحثوں میں مبتلا ہیں۔ اف میرے باپ کے اللہ تعالیٰ! ان مسلمانوں کا کیا ہوگا جو عقل نہ ہونے کی وجہ سے دن دہاڑے بے وقوف بن رہے ہیں اور ان عاملین کا حشر کیا ہوگا جو دونوں ہاتھوں سے اللہ کے بندوں کی جیبیں بھی کاٹ رہے ہیں اور ان کے عقیدوں کو بھی لوٹ کر دن کے اُجالوں اور رات کی تاریکیوں کے مزے لوٹ رہے ہیں۔

آپ سوچیں گے کہ آخر ہوا کیا۔؟ اے میرے معصوم عن الخطا سامعین! تھوڑا سا صبر کریں میں آپ کو سب کچھ سناؤں گا اور سب کچھ بتاؤں گا۔ اور وہ آئینہ بھی دکھاؤں گا جس میں آپ کو اپنی شکل بھی صاف صاف دکھائی دے گی۔ بس گزارش یہ ہے کہ جب آپ کو اپنا چہرہ نظر آئے تو آئینے پر تاؤ کھانے کی غلطی نہ کریں اور مجھ پر بھی اپنا غصہ نہ اُتاریں کیونکہ میں تو آپ کو صرف آئینے کے روبرو کر رہا ہوں آپ کے چہرے پر جو کچھ لکھا ہوا ہے اور جو کچھ آئینہ کا مطالعہ کرکے آپ پڑھ رہے ہیں اس کے ذمہ دار آپ خود ہیں۔ قصور نہ میرا ہے اور نہ اس آئینے کا جو آپ کی حقیقتوں کی چغلی کھا رہا ہے۔ آئینہ تو ویسے بھی بے زبان ہے وہ زبان سے کچھ بھی نہیں کہے گا وہ تو آپ کی شخصیت کے جو بھی نقش ونگار ہیں خاموشی کے ساتھ اس طرح ابھارے گا جس طرح کھلی دھوپ میں آپ اپنا سایہ دیکھتے ہیں۔ یہ سایہ خود بخود ابھرتا ہے اس میں دھوپ کا قصور ہوتا ہے نہ بے چارے سورج کا کیا سمجھے؟ کیا کہا، پھر نہیں سمجھے؟ تو پھر آپ کو سمجھانا آسان نہیں ہے۔ ہمارے پیارے قارئین! اصل کو یہ ہے کہ ہم نے اپنی عقلوں کو بے لگام چھوڑ رکھا ہے، وہ کسی بھی وقت کسی کے بھی کھیت میں گھاس چرنے چلی جاتی ہے۔ اور جب سروں میں عقل نہیں ہوگی باتوں کو سمجھنا اور حقیقتوں کا ادراک کرنا ناممکن ہوتا ہے۔ خیر چھوڑیں آپ جتنا سمجھیں سمجھیں، جو سمجھ میں نہ آئے وہ ایک دن وقت آپ کو خود سمجھا دے گا۔ ہاں آپ سے ایک اور گزارش یہ ہے کہ آپ آئینہ دیکھنا نہ چھوڑیں۔ یہ آئینہ ہی وہ مخلص دوست ہے جو برملا سچ بولتا ہے اور آپ کے چہرے کی اصل حقیقت کو واضح کرتا ہے۔ اب سنئے۔ صوفی چالموڑے کے چچا صوفی الحروف کے بڑے داماد خواجہ تلوار علی میرے دوستوں میں شامل ہیں اور وہ ہر ماہ کم سے کم ایک بار مجھ سے ملاقات کرنے کو اسلامی فریضہ سمجھتے ہیں۔ خواجہ تلوار علی کا حلیہ اس قدر شاندار ہے کہ اس کو دیکھ کر بڑے بڑے صوفیا احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ میری بیگم نے تو ایک دن ان کی ایک جھلک دیکھ کر یہ فتویٰ دے دیا تھا کہ ماشاءاللہ صوفی تلوار علی تو اچھی خاصی درگاہ محسوس ہوتے ہیں۔ ان کی ایک خوبی یہ ہے کہ ان کے جسم اور ان کی روح کی مکمل ریسرچ کرنے کے بعد بھی آج تک کسی افلاطون کو یہ اندازہ نہیں ہو سکا ہے کہ کس مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ دیوبندی یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بریلوی ہیں اور بریلویوں کا گمان یہ ہے کہ یہ دیوبندی ہیں۔ شیعہ حضرات ان کو سنی سمجھ کر ان سے دور دور بھاگتے ہیں اور سنیوں کا گمان یہ ہے کہ یہ سو فی صد شیعہ ہیں۔ تبلیغی جماعت کے لوگ ان کو اپنی جماعت کا ممبر نہیں سمجھتے اور جماعت اسلامی کے لوگ انہیں نہ جانے کیا سمجھ کر ان سے محترز رہنے کی تمنا میں کرتے ہیں۔ عجیب قسم کے انسان ہیں۔ اگر کہا جائے کہ ایسے

لوگ صدیوں میں پیدا ہوتے ہیں تو غلط نہیں ہوگا۔ وہ جب آتے ہیں تو مجھے اچھا نہیں لگتا۔ میں ان کی صحبت سے ہمیشہ بور ہوتا ہوں لیکن وہ جب نہیں آتے تو مجھے ان کا انتظار سا رہتا ہے۔ بقول شاعر۔

عجیب دوگونہ عذاب است جان مجنوں را
بلائے صحبت لیلیٰ وفرقت لیلیٰ

غالباً آپ اس شعر کا مطلب نہیں سمجھے ہوں گے۔ نہ سمجھیں میں بھی آپ کو اس کا مطلب سمجھانے میں اپنا اور آپ کا وقت ضائع نہیں کروں گا میں آپ کو یہ بتانا چاہ رہا ہوں کہ ایک دن صبح ہی صبح صوفی تلوار علی میرے غریب خانہ پر آدھمکے۔ آپ یقین کریں کہ جب صبح ہی صبح کوئی دروازے کی کنڈی بجاتا ہے تو پہلے میں بانو کی طرف دیکھتا ہوں پھر دروازے کی طرف۔ اور بے چاری بانو۔ صبح ہی صبح کسی کے آنے پر اس طرح گھبرا جاتی ہے جیسے اچانک موت کے فرشتے کو دیکھ کر کسی کا دم نکل جائے۔ دراصل صبح ہی صبح آنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہماری بات بھی سنو اور ہمارے لئے ناشتے کی ذمہ داری بھی ادا کرو۔ مجھے کنڈی بجنے کی کچھ خوشی ہوئی کیونکہ اس وقت میں خود بھی اس موڈ میں تھا کہ کوئی دوست نازل ہو اور میں اس سے گپ شپ کروں۔ لیکن اپنی بیوی کا دل رکھتے ہوئے میں نے اپنے مذہبی حقوق کو بالائے طاق رکھ کر بڑے ہی دلبرانہ انداز میں کہا۔ لاحول ولاقوۃ۔ یہ کوئی آنے کا وقت ہے۔؟ کیا انہیں یہ اندازہ نہیں کہ ہم کتنے شریف لوگ ہیں اور شریفوں کے گھر کی کنڈی بجانے کا یہ وقت نہیں ہوتا۔؟ بانو تم جاکر کہہ دو کہ میں کئی دن سے گھر میں نہیں ہوں۔ مجھ سے ملنا ہو تو مجھے آس پاس کی کسی مسجد میں تلاش کریں۔

بانو بھی میری بیوی ہے۔ اور پچھلے ۲۰ برسوں سے میرے ساتھ رہ کر ایجاب وقبول کی سزائیں بھگت رہی ہے، منہ بنا کر بولی۔ جب آپ کا کوئی دوست آجاتا ہے تو کیا وہ بغیر کھائے پئے جاتا ہے۔؟ اور کیا آپ گوارہ کرلیں گے کہ ان کے حلق میں کچھ انڈیلے بغیر انہیں روانہ کردیں۔ جائیے بیٹھک کھولئے میں ناشتہ تیار کرتی ہوں۔

ہاں بیگم کسی بہت بڑے واعظ سے سنا تھا کہ دانے دانے پر لکھا ہے کھانے والے کا نام۔

جی ہاں، واعظوں کی ایسی باتیں تو آپ کو ہر دم یاد رہتی ہیں لیکن واعظ لوگ کچھ اور بھی تو کہتے ہیں ان پر کبھی عمل کرنے کی آپ کو توفیق نہیں ہوتی۔

اب صبح ہی صبح میری کیوں کلاس لے رہی ہو۔ جب کہ تم جانتی ہو کہ مجھ جیسے شوہر خدا کی بنائی ہوئی اس کائنات میں بہت کم دستیاب ہوتے ہیں۔ بے شک میں تمہیں ہر ہفتے رُلاتا ہوں لیکن تمہارے ایک ایک آنسو کی قدر بھی کرتا ہوں۔

اب جائیے اور میری جان مت جلایئے۔ بانو نے جھلا کر کہا۔ وہ باہر کھڑے ہمیں کوس رہے ہوں گے۔

بیگم، میرے دوستوں میں کوسنے کی صلاحیت ہی نہیں ہے۔ اگر دروازہ نہیں کھولوں گا تو شام تک اس طرح ہاتھ باندھ کر کھڑے رہیں گے جس طرح کوئی نمازی نماز میں مشغول رہتا ہے۔ بانو نے میری بات نہیں سنی اور وہ کچن میں چلی گئی۔ میں نے دروازہ کھولا تو دیکھا کہ خواجہ تلوار علی گھر کے دروازے پر پوری شان وشوکت کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔ چونکہ وہ ایک مدت کے بعد تشریف لائے تھے اس لئے میں نے خوشی کے ساتھ ساتھ حیرت کا بھی اظہار کیا۔ ماشاء اللہ، چشم بددور۔ آج کیسے راستہ بھول گئے۔

انہوں نے پوری گرم جوشی کے ساتھ معانقہ کیا۔ اس کے بعد ہم دونوں بیٹھک میں بیٹھ گئے۔ میں نے ان سے کہا خیریت تو ہے۔؟

فرضی صاحب خیریت نہیں ہے۔ اگر خیریت ہوتی تو میں صبح ہی صبح کیوں آپ کو پریشان کرتا۔

ہوا کیا۔؟ ''میں نے حیران ہوکر ان سے پوچھا۔''

انہوں نے بتایا کہ ان کی بیٹی عروسہ کا تعلق کسی غیر مسلم لڑکے کے ساتھ چل رہا ہے۔ اور اب اس کی ضد یہ ہے کہ وہ اسی سے شادی کرے گی۔

لیکن یہ سب کب اور کیسے ہوا۔؟

فرضی صاحب وہی مخلوط تعلیم جس کے بارے میں ایک دن آپ نے کہا تھا کہ اس مخلوط تعلیم کے غلط نتائج سامنے آرہے ہیں۔ میری بیٹی جس کالج میں پڑھ رہی تھی اسی کالج میں ونود نام کا ایک لڑکا بھی پڑھتا تھا، بس ان دونوں میں محبت ہوگئی۔ اور مشکل یہ ہے کہ وہ لڑکا اسلام قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اب آپ ہی بتاؤ کہ ہم کیا کریں۔؟

میں نے کہا۔ بہت بری خبر ہے۔ اس طرح کی خبریں سن سن کر دل تڑپ اٹھتا ہے، لیکن سبھی غفلتوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اور جب آپ جیسے متشرع لوگ بھی اس طرح کی غفلتوں کا شکار ہوجاتے ہیں اور آپ کی غفلتوں کی وجہ سے جب آپ جیسے باشرع لوگوں کی اولادیں بھی یوں بھٹکیں گی تو ہمہ شما کا کیا ہوگا وہ تو گناہوں کی دلدل میں جتنے بھی دھنس جائیں کم ہے۔

ٹھیک کہتے ہو۔ غلطی تو ہماری اپنی ہی ہے۔ لیکن اب آپ کوئی راستہ نکالیں۔ میں کئی تعویذ گنڈے والوں کے پاس بھی گیا کہ میری بیٹی کو اس لڑکے سے نفرت ہو جائے لیکن کچھ بھی کامیابی نہیں ملی۔

ایک عامل نے تو یہ بتایا ہے کہ کسی نے تمہاری لڑکی پر کچھ کرا دیا ہے اسی وجہ سے وہ بھٹک گئی ہے۔

بازاری عاملوں کے چکر میں نہ ہی پڑیں تو بہتر ہے۔ ''میں نے ان کی آنکھوں میں اپنی آنکھیں گاڑتے ہوئے کہا۔'' ہو سکتا ہے کہ آپ کی بیٹی کو اس لڑکے نے کچھ کھلا دیا ہو۔ لیکن کھلانے کی ہمت بھی تو اسی وقت ہوگی جب آپ کی بیٹی اس سے ملتی ہوگی۔ دور بیٹھ کر تو کوئی کسی کو کچھ نہیں کھلا سکتا۔ اور خواجہ صاحب میں تو اس بات کا قائل ہوں کہ جب تک ہم اپنی غلطی کو محسوس نہیں کریں گے اللہ کی مدد نہیں آئے گی وہ لوگ ناسمجھ ہوتے ہیں جو اپنے گناہوں کا ذمہ دار دوسروں کو ٹھہراتے ہیں اور ایسے لوگ عمر بھر بے اطمینانی کے جنگل میں بھٹکتے ہیں۔ اس معاملے میں صحیح بات یہ ہے کہ لڑکیوں کو ایسے کالجوں میں پڑھانا جہاں مخلوط تعلیم ہوتی ہو احتیاط کے خلاف ہے اور پھر ان پر نظر نہ رکھنا مزید بد احتیاطی کے درجہ میں آتا ہے۔

کیا آپ نے اپنی بیٹی کو موبائل بھی لے کر دے رکھا ہے۔؟

میں نے ان سے پوچھا۔

انہوں نے جواب دیا۔ ہاں، اس کی ماں کا کہنا تھا کہ اگر بیٹی کے پاس موبائل ہوگا تو ہم اس کی خیریت لے سکتے ہیں اور یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ وہ اب کہاں ہے۔

اگر دیکھا جائے تو زیادہ تر لڑکیاں ماؤں کی نادانیوں کی وجہ سے اور اولاد کی بے جا طرف داریوں کی وجہ سے بگڑ رہی ہیں۔ جب سے موبائل بازی کا دور آیا ہے عشق بازی کرنا بہت آسان ہو گیا ہے۔ اگر میں یہ کہوں تو غلط نہیں ہوگا کہ موبائل کا اصل مصرف ہی عشق ہو گیا ہے۔ جسے دیکھو وہ کسی دیوار سے چپکا ہوا ہے یا کسی کھمبے کے نیچے کھڑا موبائل سے بات کرنے میں مصروف ہے اور موبائل پر بات کرتے ہوئے اس کا ناک نقشہ صاف طور پر یہ چغلی کھاتا ہے کہ بات چیت کسی لڑکی سے ہو رہی ہے۔

فرضی صاحب کچھ بھی ہو۔ ''وہ بلکتے ہوئے بولے۔'' مجھے اس مصیبت سے نکالئے اور کسی بھی طرح میری آبرو بچایئے ورنہ میں خودکشی کرلوں گا۔

اس طرح کی باتیں کرنے سے کیا فائدہ۔!'' میں نے کسی قدر غصے سے کہا۔'' کیا آپ کو نہیں معلوم کہ خودکشی کرنا حرام ہے۔ اور فرمان رسولؐ یہ ہے کہ خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ بھی نہ پڑھو۔ خودکشی ایک طرح کا قتل ہے۔ اور قتل کرنے والا ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ اس سے بعد میں نے لہجہ بدلتے ہوئے کہا۔ خودکشی ایک طرح کی بزدلی بھی ہے یعنی خودکشی کرنے والا حالات سے راہ فرار اختیار کرتا ہے۔ اور خودکشی ایک طرح کی خودغرضی بھی ہے۔ خودکشی کرنے والا دوسروں کو مصائب میں چھوڑ کر خود بھاگ جاتا ہے جب کہ اس کو بھاگ کر سکون حاصل نہیں ہوتا۔ وہ دنیا سے جا کر اللہ کے عذاب میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ خودکشی وہ لوگ کرتے ہیں جو سو فی صد دنیادار ہوتے ہیں آپ جیسے صوفیوں میں پیدا ہونے والے لوگ بھی اگر خودکشی کرنے لگیں گے تو دنیاداروں کو مذاق اڑانے کا موقعہ ملے گا۔

تو میں کیا کروں۔؟

صبر کریں اور عقل و ہوش کے ساتھ کوئی تدبیر سوچیں۔ میں آپ کی ہر ممکن مدد کروں گا۔

ناشتہ خواجہ تلوار علی نے خوب دبا کر کیا۔ دوران ناشتہ ایسا نہیں لگتا تھا کہ انہیں کوئی غم اور کوئی پریشانی ہے۔ وہ تیز رفتاری کے ساتھ اپنے منہ میں لقمے دھکیلتے رہے۔ ان کو کھاتا دیکھ کر ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ کسی ایسے مقابلے میں آئے ہیں جہاں زیادہ کھانے پر کوئی میڈل ملنے والا ہے۔ چنانچہ انہوں نے میدان خوراک میں فل رفتاری کے ساتھ اپنے گھوڑے دوڑا دیئے تھے۔ ناشتے سے فارغ ہو کر انہوں نے بین الاقوامی قسم کی ایک ڈکار لی پھر رسمایہ فرمایا۔ یار آج تو بہت کھا لیا۔ انہوں نے اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پھر ایک ڈکار لی اور بولے۔ کھانا جب حلال کا ہوتا ہے تو اس کی لذت ہی کچھ الگ طرح کی ہوتی ہے اور فرضی صاحب آپ کی بیگم تو کھانا بنانے میں بہت ہی اسمارٹ ہیں۔ میرے کئی دوستوں کا دعویٰ ہے کہ اس جیسی کھانا بنانے والی کم سے کم اس کائنات میں کوئی پیدا نہیں ہوئی کھاتے ہوئے یہ احساس ہی نہیں ہوتا کہ ہم کتنا کھا گئے ہیں۔ ہر لقمے پر ھل من مزید کی صدائیں آتی رہتی ہیں۔ لیکن فرضی صاحب میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ آپ بہت ہی کم کھا رہے تھے، کیا آپ کو کھانا اچھا نہیں لگ رہا تھا۔؟

جان من! سوری محترم خواجہ صاحب مولوی اپنے دسترخوان پر زیادہ چوکڑی نہیں بھر سکتا۔ میری صحیح رفتار دیکھنی ہو تو کسی اور کے دسترخوان پر دیکھنا۔

سچ کہہ رہے ہو اپنے دسترخوان پر تو ہم بھی کچھ سنبھل کر چلتے ہیں۔ اور دوسروں کے دسترخوان پر تو ہم خواہ مخواہ بھی زیادہ کھا جاتے

ہیں۔ اور آپ کے دسترخوان پر تو فرضی صاحب ہرن کی طرح چوکڑی مارنے کو دل چاہتا ہے۔

ان باتوں کو چھوڑو۔'' میں نے کہا۔'' اور یہ بتاؤ کہ تمہاری دوسری بیٹی سائرہ کیسی ہے۔؟ وہ کیا پڑھ رہی ہے۔

انہوں نے کہا۔ سائرہ پڑھنے میں شروع سے کمزور تھی۔ اس نے نرکر کے پڑھائی چھوڑ دی تھی۔

اور تمہارے تینوں بیٹوں کا کیا حال ہے۔؟

میرا بڑا بیٹا جس کا نام ذوالفقار ہے بہت ہی نیک اور نماز کا پابند ہے وہ بہت کم عمری سے دعوت کے کام میں لگا ہوا ہے۔ آئے دن جماعت میں جاتا رہتا ہے۔ اس لئے میں اس کو کچھ نہیں کہتا۔ اس کی دینداری دیکھو گے تو تم بھی رشک کرو گے۔ آج کل بھی چلے میں گیا ہوا ہے، اس کے ذوق چلّہ کشی کا عالم یہ ہے کہ ایک بار اس کی ماں کی طبیعت حد سے زیادہ خراب تھی اور ڈاکٹروں نے اس کو جواب دیدیا تھا پورا خاندان جمع ہو گیا تھا اور اس کے بچنے کی کوئی امید نہیں تھی۔ ایسی حالت میں بھی اس نے اپنا سفر ملتوی نہیں کیا۔ اس کا کہنا تھا کہ یہ سب دنیاداری کی باتیں ہیں اور ان سب باتوں کا ذمہ دار اللہ تعالیٰ ہے وہ میری ماں کو ٹھیک کردے گا۔ میں دین کے راستے پر نکل رہا ہوں اس کی برکت سے بھی میری ماں ٹھیک ہو سکتی ہے۔ ماں اس کو دیکھ کر تڑپتی رہ گئی لیکن وہ اس کو اس حال میں چھوڑ کر چار مہینے کی جماعت میں چلا گیا۔

وہ جب گھر میں ہوتا ہے تو ماں کی کتنی خدمت کرتا ہے۔؟

اس کو تعلیم سے فرصت ہی کہاں ملتی ہے جو وہ اس طرح کے جھمیلوں میں پڑے، فجر کے بعد وہ خود مسجد میں فضائل اعمال پڑھ کر لوگوں کو سناتا ہے، ظہر کے بعد بھی وہ ذکر وفکر میں رہتا ہے، عصر کے بعد پھر فضائل اعمال پڑھی جاتی ہے۔ اس کے بعد محلے میں گشت ہوتا ہے، مغرب کے بعد پھر مسجد میں تعلیم ہوتی ہے اور عشاء کے بعد جماعت کے لوگوں کا روزانہ مشورہ ہوتا ہے۔ اس بے چارے کے پاس وقت ہی کہاں ہے۔؟ جو وہ دنیاداری کے چکروں میں پڑے۔

ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔ کیا ماں کی خدمت کرنا بھی دنیاداری ہے۔'' میں نے پوچھا۔''

وہ تو صحیح ہے لیکن اس کا کہنا یہ ہے کہ میں نے دعوت کے لئے اپنی زندگی کھپانے کی قسم کھالی ہے اور میں یہ قسم پوری کر کے رہوں گا۔

مجھے یاد پڑتا ہے کہ آپ نے ذوالفقار علی کو پرچون کی دکان بھی کرائی تھی۔

دوبار کرائی، لیکن ہوتا یہ تھا کہ وہ اکثر وبیشتر ذکر وتہلیل میں مشغول رہتا تھا اور اکثر ۳ دن کی جماعت میں چلا جاتا تھا۔ اس لئے دکان دونوں بار نمٹ گئی۔ مگر مجھے اس کا افسوس نہیں ہے کیونکہ دونوں بار اس کی دکان اس کے نیک کاموں کی وجہ سے انجام کو پہنچی۔ اور ذوالفقار کا کہنا یہ ہے کہ دعوت کے کام کے لئے میں ایسی ہزار دکانیں قربان کر سکتا ہوں۔ وہ کہتا ہے کہ صحابہ کرامؓ نے اپنی زندگیاں اللہ کے راستے میں قربان کردی تھیں تو کیا ہم چھوٹی موٹی دکانیں قربان نہیں کر سکتے۔ وہ میری اولاد میں سب سے بڑا ہے میں نے کئی بار ارادہ کیا کہ اس کی شادی کردوں لیکن وہ شادی کے لئے بھی تیار نہیں ہوتا۔ وہ سمجھتا ہے کہ شادی کے بعد وہ نون تیل ادرک کے چکر میں پڑ جائے گا اور دعوت کے کام میں خلل پیدا ہوگا۔

تو کیا تمام عمر کنوارہ رہے گا۔؟'' میں نے معانی خیز نظروں سے انہیں دیکھا۔''

خواجہ تلوار علی بولے، اس کا کہنا ہے کہ امت بھٹک رہی ہے۔ پہلے اسکو سیدھے راستے پر لے آئیں اس کے بعد شادی وادی کی سوچیں گے۔

عروسہ کی اس حرکت کی اس کو خبر ہے۔؟'' میں نے پوچھا۔''

ہاں خبر ہے۔ وہ کہتا ہے میں پہلے ہی کہتا تھا کہ امی اور دونوں بہنوں کو خواتین والی جماعت میں بھیجنا شروع کرو۔ ان میں سدھار آئے گا، آپ نے میری بات نہیں مانی اب اللہ کا عذاب بھگتو۔

تم اس کو نہیں سمجھاتے۔؟

کیا سمجھاؤں، وہ نیک کام میں لگا ہوا ہے میں اس کو اس کام سے روک بھی نہیں سکتا۔ وہ تو مجھے بھی کہتا رہتا ہے کہ ابا جی دو چار چلے دو۔ خالی محلئے اور نماز روزہ سے بخشش نہیں ہوگی۔

میں اس سے بات کروں گا۔'' میں نے کہا۔''

لیکن فرضی صاحب وہ آپ سے بات نہیں کرے گا۔ آپ برا نہ مانیں وہ تو آپ کو جماعت اسلامی کا آدمی سمجھتا ہے۔

تو کیا جماعت اسلامی کے لوگ مسلمان نہیں ہوتے۔'' میں نے کہا۔''

ذوالفقار علی کا کہنا یہ ہے کہ بس ہم تو جماعت کے ساتھیوں ہی کو اہمیت دیتے ہیں اور جو جماعت سے جڑا ہوا نہیں ہے اس کو اس لائق نہیں سمجھتے کہ ہم اس سے ملیں۔

ایک بار اس سے ملوائیے تو سہی، ہو سکتا ہے مجھے بھی چلّے کی توفیق ہو جائے۔

کوشش کروں گا امید تو نہیں ہے کہ وہ آپ سے ملے گا۔ کیونکہ میری ایک بار بات ہوئی تھی تو اس نے آپ کے بارے میں کہا تھا کہ وہ تو مودودی لگتے ہیں اور مودودیوں سے ملنا جلنا ٹھیک نہیں ہے۔

آپ اس سے کہنا کہ اگر کوئی مودودی چلّے میں جانے لگے تو کیا اس

کو اجازت نہیں ملے گی جب ایرے غیرے نتھو خیرے، کبوتر باز، پتنگ باز دعوت کے کام میں جڑ سکتے ہیں تو کیا مودودی اتنے گئے گزرے ہیں کہ اس کام میں نہیں جوڑے جا سکتے۔ چلو چھوڑو۔ یہ بتاؤ تمہارا دوسرا بیٹا کیا کر رہا ہے۔

انہوں نے ایک ٹھنڈی سی آہ بھر کر کہا۔ وہ بھی کسی لڑکی کی محبت میں گرفتار ہے۔ بس ہر وقت موبائل پر باتیں کرتا رہتا ہے۔ اس نے ہائی اسکول کرنے کے بعد پڑھائی چھوڑ دی تھی کہ میں تو کمپیوٹر کا کام سیکھوں گا۔ کچھ دنوں دلچسپی کے ساتھ اس نے کام سیکھا بھی۔ اب تو نہ کچھ سیکھ رہا ہے نہ کچھ اور کر رہا ہے، بس ایک ہی دھن ہے اس لڑکی سے میری شادی کراؤ۔

وہ لڑکی کون ہے۔؟

وہ لڑکی ہماری برادری کی نہیں ہے۔ ان کے اور ہمارے ماحول میں بہت فرق ہے۔ فرضی صاحب اس وقت گھر کا حال اچھا نہیں ہے۔ لوگ ہمیں دیندار سمجھتے ہیں لیکن ہمارے گھر کی صورت حال افسوسناک ہے۔ بیوی بچوں کا بے جا پارٹ لیتی ہے۔ اس لئے ایک ایک کر کے سب بچے بگڑ گئے اور ہٹ دھرم ہو گئے۔

آپ کے تیسرے بچے کا نام کیا ہے۔؟

اس کا نام اعجاز علی ہے۔ وہ نویں کلاس میں ۳ بار فیل ہو چکا ہے۔

کیا محنت نہیں کرتا۔؟

محنت تو بہت کرتا ہے لیکن پھر فیل ہو جاتا ہے۔ ایک بنگالی بابا کو دکھایا تھا انہوں نے بتایا ہے کہ کسی قریب کے رشتے دار نے کچھ ایسا کرا رکھا ہے کہ امتحان میں پاس نہ ہو.......... اور آپ نے یقین کر لیا۔؟" میں نے انہیں گھورتے ہوئے کہا۔"

یقین نہ کروں تو کیا کروں۔" انہوں نے پان کا بیڑہ منہ میں رکھتے ہوئے کہا۔" بچہ رات دن پڑھتا ہے اور پھر فیل ہو جاتا ہے۔

فیل ہونے کی وجوہات دوسری بھی ہو سکتی ہیں۔ یہ سمجھنا کہ اس لئے فیل ہو رہا ہے کہ کسی نے کچھ کرا دیا ہے بہت بڑی نادانی کی بات ہے۔ کل کو آپ سے کوئی بنگالی یہ کہتے نظر آئیں گے کہ آپ کے گھر کا ماحول اس لئے خراب ہو گیا ہے کہ کسی نے کچھ کرا رکھا ہے۔

میری بیوی سلمٰی کے بارے میں ایک عامل نے بتایا تھا کہ کسی نے ان کے پیٹ میں کوئی دوا ڈال دی ہے اس لئے آپ کا کہنا نہیں مانتیں۔

خواجہ صاحب آپ جیسے ہی پڑھے لکھے لوگ ان بازاری عاملوں کو کمک پہنچا رہے ہیں، ان کی جہالت آمیز باتوں سے جب آپ جیسے متشرع لوگ بھی متاثر ہوں گے تو ان لوگوں کا کیا قصور ہے جو الف کے نام بے نہیں جانتے اس لئے عاملوں کی لچھے دار باتوں کی زد میں آ جاتے ہیں۔ چلئے اب آپ جائیں میں شام کو آپ کے گھر پہنچوں گا اور پہلے عروسہ سے کچھ بات کروں گا پھر اس بارے میں کوئی اقدام کروں گا۔ آپ پریشان نہ ہوں میں عروسہ کو عشق و محبت کے اس جال میں سے نکالنے کی کوشش کروں گا۔

فرضی صاحب میں عمر بھر آپ کا شکر گزار رہوں گا اور ہمیشہ آپ کی قدم بوسی کرتا رہوں گا۔

خواجہ تلوار علی کے جانے کے بعد میں گھر میں لوٹا تو بانو اخبار کی تلاوت میں مصروف تھی۔ پوچھنے لگی ان کا شان نزول کیا تھا۔؟

میں نے بانو کو روداد سنا دی۔ اس نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جب صوفیوں اور مولویوں کی لڑکیاں بھی مخلوط تعلیم حاصل کریں گی اور ان کے ماں باپ ان کے ہاتھوں میں موبائل تھما دیں گے تو یہی نتائج برآمد ہوں گے۔

آپ کو یاد ہے اس دن ہم صوفی کھڑے بڑے کے گھر گئے تھے تو ان کی لڑکی موبائل پر کس طرح ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی۔ مجھے تو اس پر بھی شک ہو رہا تھا لیکن اس کی امی پر جوں تک نہیں رینگ رہی تھی۔

ہاں مجھے یاد ہے۔" میں نے کہا" اور اس کے بعد تم نے مجھے اشارہ بھی کیا تھا۔ ہم دونوں کو تشویش تھی لیکن ماں باپ کو کوئی احساس نہیں تھا۔ دراصل بیگم بات یہ ہے کہ انسان بالکل بے حس ہو چکے ہیں اور ان کی شرم اور غیرت تو کسی قبرستان میں دفن ہو گئی ہے۔ اس وقت ہم سب اس دور بے حیائی سے گزر رہے ہیں کہ قیامت کی خواہش کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ بے حیائی کے حمام میں دنیادار ہی ننگے نہیں ہیں بلکہ مولوی صوفی، مفتی الاں فلاں سب نے حسب ظرف اپنے کپڑے اتار دیئے ہیں اور ان سب کو ایک ہی رنگ میں دیکھ کر یہ شعر ذہن میں کلبلانے لگتا ہے۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز

شام کو میں ونود سے ملا اور اس سے میں نے بات کی۔ پہلے تو وہ انکار کرنے لگا لیکن جب اس کو اس بات کا اندازہ ہو گیا کہ مجھے سب کچھ معلوم ہے تو وہ آہستہ آہستہ کھل گیا اور اس نے عروسہ سے محبت کا اقرار کر لیا۔ میں نے اس سے کہا کہ ہمارے مذہب میں مسلمان لڑکی کی شادی ہندو لڑکے سے نہیں ہو سکتی۔ اگر تم عروسہ سے شادی کرنا چاہتے ہو تو تمہیں اسلام قبول کرنا پڑے گا۔ اس نے اسلام قبول کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ اس نے کہا کہ وہ اپنے ماں باپ کا اکلوتا بیٹا ہے اور وہ اپنے ماں باپ کو کوئی تکلیف نہیں پہنچانا چاہتا۔ اس نے صاف صاف کہہ دیا کہ اگر عروسہ مجھے مسلمان بنانے کی ضد کرے گی تو میں اس کو چھوڑ دوں گا اس سے ملنے کے بعد میں خواجہ تلوار علی کے گھر پہنچا اور میں نے عروسہ سے

Scanned by CamScanner

بات کی۔ مجھے یہ کیفیت دیکھ کر دکھ ہوا کہ عروسہ بے تکلف مجھ سے بات کر رہی تھی اور میں دوران گفتگو یہ سوچ رہا تھا کہ آج کل کی لڑکیاں کس قدر بے شرم ہوگئی ہیں۔ میں نے عروسہ کو سمجھایا کہ محبت اپنی جگہ لیکن تم یہ بات یاد رکھو کہ اگر تم اس لڑکے سے شادی کروگی تو تمہارے ماں باپ کی عزت کا جنازہ نکل جائے گا، ان کی بدنامی ہوگی اور ان کے ساتھ ساتھ اسلام کی اور مسلمانوں کی بھی رسوائی ہوگی۔ کیا تم اپنے ماں باپ کی خاطر امت مسلمہ کی خاطر اور مذہب اسلام کی خاطر کوئی قربانی نہیں دے سکتیں۔ جب تم یہ کہہ رہی ہو کہ تم دونوں ایک دوسرے سے والہانہ پیار کرتے ہو اور ایک دوسرے کی خاطر بڑی سے بڑی قربانی دینے کو تیار ہو تو پھر ونود تمہاری خاطر اپنا مذہب بدلنے سے کیوں انکار کر رہا ہے۔ اور جب وہ اپنے ماں باپ کی خاطر تمہیں چھوڑنے کو تیار ہے تو تم اپنے ماں باپ کی خاطر اس کو کیوں نہیں چھوڑ سکتیں۔ اسی طرح کی کئی دلیلیں جب میں نے عروسہ کے سامنے رکھیں تو وہ پسیج گئی۔ اور اس نے ونود کو نظر انداز کرنے کا فیصلہ کرلیا لیکن دکھ کی بات یہ تھی کہ خواجہ تلوار علی کے گھر میں عروسہ کی بدنامی کا احساس صرف خواجہ تلوار علی اور ان کی اہلیہ کو تھا۔ باقی اہل خانہ اپنی اپنی کھال میں مست تھے۔ ذوالفقار علی تو چار مہینے کی جماعت میں گیا ہوا تھا۔ ان کا منجھلا بیٹا صبح ہی سے لاپتہ تھا۔ جس کے بارے میں معلوم ہوا تھا کہ وہ بھی کسی لڑکی سے عشق فرما رہا ہے۔ چھوٹا بیٹا گھر میں موجود تھا لیکن گھنٹوں سے ٹی وی سے چپکا ہوا تھا۔ میں نے خواجہ صاحب سے کہا۔

خواجہ جی تمہارے اس بیٹے کی بار بار فیل ہونے کی وجہ یہ ٹی وی ہے۔ خدا کے لئے اس کو سمجھاؤ۔ جو بچے اس انداز سے ٹی وی کو چپکے رہتے ہیں تو وہ کیسے امتحان میں پاس ہو سکتے ہیں۔ میں نے انہیں سمجھایا کہ عروسہ کی شادی کا جلد از جلد بندوبست کرو اور بہت اچھے رشتے کی انتظار میں اس کی عمر خراب مت کر دینا اور ہاں ابھی تو اس نے ونود کو چھوڑنے کا وعدہ کرلیا ہے لیکن اگر آپ نے اس کی شادی میں دیر لگائی تو یہ پھر بھٹک سکتی ہے۔

اللہ کا فضل تھا کہ خواجہ تلوار علی کا مسئلہ بہت آسانی سے حل ہوگیا تھا اور عروسہ تھوڑی دیر سمجھانے سے ہی سمجھ گئی تھی۔ اس سے مجھے اس بات کا اندازہ ہوگیا تھا کہ آج کل کے بچوں میں سمجھنے کی صلاحیت ہے لیکن ماں باپ میں انہیں سمجھانے کی کوشش نہیں کرتے۔ اگر بچوں کی تربیت شروع سے تو کی جائے تو بچے گمراہ ہونے سے محفوظ رہیں لیکن ماں باپ بچوں کو بے لگام چھوڑ دیتے ہیں تو پھر بچے بھٹک جاتے ہیں۔ آج کل کمسن بچوں کو موبائل لے کر دینا خطرے کی گھنٹی ہے لیکن یہ گھنٹیاں ماں باپ اپنے بچوں کے گلے میں خود ہی باندھ رہے ہیں۔ جب کہ ماں باپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ان کا اصل سرمایہ ان کے بچے ہیں اگر یہ سرمایہ ضائع ہو جائے تو پھر ماں باپ کے دامن میں پچھتاوا رہ جاتا ہے ... پتہ تھا انہیں بیوی بانو پر شک ... لگا ہوا ہے ... بچوں کی تربیت ان انداز سے کر رہی ہے ... میں خود حیران ہو جاتا ہوں۔ بانو کا حال یہ ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ دوستانہ انداز رکھتی ہے لیکن دوسرے تیسرے دن کسی نہ کسی بچے کے طمانچہ بھی رسید کرتی رہتی ہے۔ وہ اچھی بات پر بچوں کو پچکارتی ہے اور غلط بات پر ان کے رخسار پر طمانچہ بھی رسید کرتی ہے۔ میری موجودگی میں بچے اگر زور سے بولتے ہیں تو وہ ان کو اس طرح گھور کر دیکھتی ہے کہ بچے سہم کر رہ جاتے ہیں اس نے بارہا بچوں کو یہ سمجھایا ہے کہ باپ کی موجودگی میں، استاد کی موجودگی میں، اور اپنے بڑوں کی موجودگی میں اونچی آواز کے ساتھ بولنا بدتہذیبی ہے اور یہ بدتہذیبی جہالت اور تنگ دلی کو جنم لیتی ہے اس نے اپنے بچوں کو بارہا یہ سمجھایا ہے کہ جو بچے اپنے بڑوں کے سامنے بلند آواز سے بات کرتے ہیں وہ بدتمیز ہوتے ہیں اور اپنے مذہب سے بھی نابلد ہوتے ہیں۔ اس طرح کی نصیحتوں کا اثر یہ ہے کہ میرے بچے میرے گھر میں آنے کے بعد پرسکون ہو جاتے ہیں۔ نہ دنگا کرتے ہیں، نہ ان کی آواز سنائی دیتی ہے۔ لیکن خواجہ تلوار علی کے گھر کا حال اچھا نہیں تھا۔ ان کی اولاد اپنی من مانیوں میں مبتلا تھی۔ جوان کے لئے سوہان روح بنا ہوا تھا۔ لیکن اس میں بچوں سے زیادہ وہ قصوروار تھے انہوں نے اپنے ہر بچے کو بے لگام چھوڑ رکھا تھا اس لئے ان کا ہر بچہ ان کی نافرمانی کرنے پر مجبور تھا۔ میں نے خواجہ تلوار علی سے کہا۔

محترم ہم دنیا کے سامنے خود کو دیندار ثابت کرتے ہیں لیکن ہمارے گھروں کا حال بہت خراب ہے اگر کوئی ہمارے گھر میں جھانک کر دیکھے تو اس کو مایوسی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں لگے گا۔ آئینہ ہماری شخصیت کے اصل خدوخال کو واضح کرتا ہے لیکن ہم کسی آئینے کے روبرو کھڑے ہونے سے کتراتے ہیں۔

مسلمانوں کا کردار، ان کی شکل وصورت، ان کا انداز گفتگو، ان کی چال ڈھال، ان کا رہن سہن، ان کا ظاہر و باطن اور ان کا اخلاق وکردار سب کچھ بدل چکا ہے۔ جو دینداری کے دعوے کرتے ہیں وہ بھی بالکل کورے ہیں اور ان کے دامن میں دلنشیں باتوں کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ ایک حقیقت پسند مسلمان آج آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر یہ شعر پڑھنے پر مجبور ہے۔

آئینہ تک مری صورت کا شناسا نہ رہا
وقت نے مجھ سے مجھے چھین لیا ہے یارو

(یار زندہ صحبت باقی)

☆☆☆☆☆☆☆

انسان اور شیطان کی کشمکش

اسلم راہی

قسط نمبر: ۱۰۴

سمسون کی اس گفتگو پر اموں نے خفگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا اے اموں! ایسی گفتگو کر کے تم معاملے کو بگاڑنے اور تعلقات کو کشیدہ کرنے لگے ہو تو میں سمجھتا ہوں اس طرح تم تو ہمیں تیس کتانی جوڑے مہیا کرنے سے بچنا چاہتے ہو۔ اگر تمہارے یہ ارادے ہیں تو پھر اے سمسون! تمہاری طرف سے یہ انتہائی بے جا اور ناانصافی کا معاملہ ہوگا۔"

سمسون بولا "اے اموں! یہ تمہارا ظن اور گمان ہے۔ میں تیس کتانی جوڑوں کے وعدے پر قائم ہوں اور اس سے پھروں گا نہیں۔ تم نے میری پہیلی کا درست جواب دیدیا ہے۔ اب تم سب جاؤ اور چند ہی یوم تک اپنی شرط کے مطابق میں تم لوگوں کو تیس کتانی جوڑے مہیا کروں گا۔"

سمسون کا یہ جواب پا کر اموں مطمئن ہو گیا، پھر وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ وہاں سے چلا گیا اموں اور اس کے ساتھیوں کے جانے کے بعد سمسون دیوان خانہ سے نکل کر اپنی بیوی کے پاس آیا جو اس وقت اپنے ماں باپ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی۔ سمسون کو غصے کی حالت میں دیکھ کر دومہ کانپ سی گئی تھی اور اس کا رنگ ہلدی ہو کر رہ گیا۔ سمسون اس کے قریب آیا اور سنگین لہجے میں اس نے اسے مخاطب کر کے کہا۔

"اے دومہ! تو نے کیوں میرے ساتھ دھوکا کیا۔ تو نے کیوں اور کس بنا پر میری پہیلی کا جواب اموں اور اس کے ساتھیوں سے کہہ دیا۔؟ وہ پہیلی کوئی عام پہیلی نہ تھی جو پہلے سے لوگوں کے اندر رائج ہو اور ان کی پہیلی کا جواب میں جانتا تھا یا تم، قسم مجھے اپنے خداوند کی یہ اموں اور اس کے ساتھی اگر ساری عمر بھی اس پہیلی پر سوچتے رہتے تو اس کا جواب نہ پا سکتے اس لئے کہ یہ پہیلی تو میرے تجربہ اور میرے مشاہدہ پر مبنی ہے۔ اے دومہ اس پہیلی کا جواب تمہارے علاوہ میں نے کسی اور سے نہیں کہا اور مجھے قسم خداوند لم یزل کی تمہارے علاوہ اور کوئی نہیں جس نے اس پہیلی کا جواب اموں اور اس کے ساتھیوں سے کہا۔ اے دومہ! کیا تم مجھے اس بے اعتباری اور دھوکا دہی کی وجہ بتاؤ گی۔؟

سمسون کی ان باتوں کا دومہ نے کوئی جواب نہ دیا اور اس کی گردن خجالت اور شرمندگی سے جھک گئی جو اس کے مجرم ہونے کا مکمل اظہار تھا اس کی یہ حالت دیکھتے ہوئے سمسون کا غصہ اور غضب پہلے کی نسبت اور زیادہ بھڑک اٹھا پھر اس نے کھولتے لہجے اور کاٹ کھانے والے انداز میں دومہ کو مخاطب کر کے کہا۔

"اے دومہ! تو ایک مکار و فریبی دھوکے باز کمینی اور گھٹیا رذیل عورت ہے۔ تو نے مجھے دھوکا دیا ہے اور میں تجھے اس دھوکے کی سزا ضرور دوں گا۔"

دومہ کے کچھ کہنے سے پہلے ہی اس کے باپ سلمیا نے سمسون کو مخاطب کر کے انتہائی غصے کی حالت میں کہا۔ "اے سمسون! یہاں سے دفع ہو جاؤ جو الفاظ تم نے میری بیٹی سے متعلق کہے ہیں وہ میرے لئے نہ صرف ناگوار اور ناقابل برداشت ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ تیرے جیسا گھٹیا اور کمینہ انسان میری بیٹی کے قابل ہی نہیں ہے پس تو یہاں سے دور ہو اور آئندہ میرے اور میری بیٹی کے سامنے آنے کی کوشش نہ کرنا۔"

سمسون نے سلمیا کی ان سخت اور ناگوار باتوں کا کوئی جواب نہ دیا اور سلمیا کے گھر سے چلا گیا۔

□□□□□□□□□

یوناف اور قرطیسہ تمنت نام کی بستی کے مغربی حصے میں نمودار ہوئے۔ اسی لمحے ابلیکا نے اس کی گردن پر لمس دیا اور ابھی ابلیکا اس سے کچھ کہنے ہی والی تھی کہ یوناف نے پہلے ہی اسے مخاطب کر کے پوچھا۔ "اے ابلیکا! اب جب کہ میں فلسطین کی اس بستی تمنت میں ہوں تو تم مجھے عزازیل اور اس کے ساتھیوں کی تفصیل کہو کہ وہ کس طرح نیکی کے اس نمائندے سمسون کے خلاف حرکت میں آتے ہیں۔"

[1] توریت میں اس کا نام سمسون ہی لکھا ہے۔

ابلیکا بولی۔ ”اے یوناف! عزازیل اور اس کے ساتھی یہاں پہنچ تو چکے ہیں لیکن ابھی سمعون ایک اور مصیبت اور دکھ میں مبتلا ہو گیا ہے۔“

یوناف نے چونک کر پوچھا۔ ”کیسا دکھ اور تکلیف۔“

اس کے جواب میں ابلیکا نے یوناف کو سمعون کی دومہ کے ساتھ شادی، اموں اور اس کے ساتھیوں کے ساتھ پہیلی کی شرط اور پھر وہ پہیلی ہار کر سلمیا کے گھر سے بے عزت کر کے نکالے جانے کے حالات تفصیل سے کہہ دیئے تھے۔

اس پر یوناف کچھ دیر سوچتا رہا پھر بولا۔ ”اے ابلیکا! میں سمجھتا ہوں کہ اس موقع پر عزازیل اور اس کے ساتھیوں نے ابھی تک سمعون کے خلاف کوئی کارروائی ہی نہیں کی تو میں اور تم نے ارض فلسطین میں آ کر غلطی کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اب جب کہ عزازیل اور اس کے ساتھی دو حصوں میں بٹے ہوئے ہیں میں بڑی آسانی کے ساتھ روفاش کو ٹھکانے لگا سکتا ہوں۔ عزازیل اپنے ساتھیوں کے علاوہ عارب، بیوسا اور نبیطہ کے ساتھ ارض فلسطین میں ہے جب کہ روفاش کے پاس غربی افریقہ میں اس وقت قب اور خوفہ ہی ہیں، لہٰذا میں روفاش کا خاتمہ کرنے کے بعد ارض فلسطین میں آ کر عزازیل اور اس کے ساتھیوں سے سمعون کا دفاع کر سکتا ہوں۔

اے ابلیکا! اب تم ایک کام کرنا، تم غربی افریقہ میں قب اور خوفہ پر نگاہ رکھنا اور وہ جب ایک دوسرے سے علیحدہ ہوں تو پھر دیکھنا میں کیسے روفاش پر حملہ آور ہو کر اس کا خاتمہ اور انجام خراب کرتا ہوں اور روفاش کا خاتمہ کرنے کے بعد میں دوبارہ سمعون کی مدد کے لئے ارض فلسطین میں آ داخل ہوں گا۔“

یوناف کے خاموش ہونے پر ابلیکا نے پوچھا۔ ”اے یوناف! سارا لائحہ عمل درست ہے اور میں اس سے مکمل طور پر اتفاق بھی کرتی ہوں لیکن اب اس وقت سمعون کا کیا کرنا چاہئے۔ جب کہ وہ سخت ضرورت مند ہے۔

یوناف نے پوچھا۔ ”اے ابلیکا! کیا ضرورت مند سے تمہارا مطلب یہ ہے کہ سمعون اپنی پہیلی والی شرط ہار گیا ہے اور فی الوقت اسے تیس کتانی جوڑوں کی سخت ضرورت ہے۔؟“

ابلیکا نے اس بار گنگناتی ہوئی آواز میں کہا۔ ”ہاں میرا یہی مطلب ہے اور سمعون کو یہ سامان فراہم کرنے کے لئے میرے پاس ایک عمدہ اور بہترین حل ہے۔“

یوناف نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔ ”تمہارے پاس اس کا کیا حل ہے۔ ابلیکا! بتاؤ تا کہ اسی کے مطابق سمعون کی مدد کی جا سکے۔“

ابلیکا پھر بولی۔ ”اے یوناف! یہاں سے قریب ہی اسقلون نام کا ایک بہت بڑا قصبہ ہے۔ اس اسقلون کا شمالی حصہ کوہستانی ہے اور ان کوہستانوں کے ایک غار کے اندر راہزنوں کا مسکن ہے۔ اور لوگوں کو لوٹ لوٹ کر اس غار کے اندر بہت کچھ جمع کر دیا ہے وہ سب رہزن ہر وقت اس غار میں نہیں رہتے بلکہ ان کے کچھ ساتھی غار کی حفاظت کے لئے وہاں رہتے ہیں اور ان کی اکثریت تجارتی کاروانوں یا قافلوں کو لوٹنے کے لئے باہر ہی رہتی ہے۔ پس اے یوناف! میں اس غار کی طرف رہنمائی کروں گی سمعون اس غار پر حملہ آور ہو اور تم اس کی مدد کرو تو سمعون اپنی شرط کے مطابق تیس جوانوں کو تیس کتانی جوڑے مہیا کر سکتا ہے۔“

یوناف نے فوراً کہا۔ ”اے ابلیکا! میں اس کے لئے آمادہ ہوں۔ اب اس وقت تم مجھ سے یہ کہو کہ سمعون کہاں ہے۔؟“

ابلیکا بولی۔ ”اے یوناف! سمعون اس وقت اس بستی کے شمالی حصہ میں اپنی شرط ہارنے کے بعد اپنے سسر اور بیوی سے ناراض ہو کر اپنی بستی صرعہ کی طرف جا رہا ہے۔“

اس پر یوناف نے فیصلہ کن انداز میں کہا۔ ”اے ابلیکا! میں اس سے وہیں ملتا ہوں اور میں اس سے مل کر معاملہ طے کرتا ہوں۔“

پھر یوناف نے اپنے قریب کھڑی حسین قرطیسہ کی طرف دیکھا اور پوچھا۔ ”اے قرطیسہ! تم نے ابلیکا کے ساتھ میری گفتگو سنی؟ تمہارا اس سے متعلق کیا خیال ہے۔؟“

قرطیسہ نے اپنی کھنکتی آواز میں اور رنگ و حسن بکھیرتی ادا سے کہا۔ اے یوناف! سمعون سے متعلق میں آپ اور ابلیکا کے فیصلوں سے مکمل طور پر اتفاق کرتی ہوں لیکن یہاں تک روفاش کو ختم کرنے کا سوال ہے اس سے متعلق میں آپ سے بعد میں گفتگو کروں گی۔ اس لئے کہ روفاش کا خاتمہ کوئی آسان کام نہیں ہے۔ یہ ایک دشوار اور دقت طلب معاملہ ہے۔ اور اس میں پڑنے والا خود بھی روفاش سے نقصان اٹھا سکتا ہے۔“

قرطیسہ کی ان باتوں کے جواب میں یوناف نے اس سے پوچھا۔ ”اے قرطیسہ پہلے یہ کہو! تم روفاش کے خاتمے پر خفا اور دکھی تو نہ ہو گی۔“

قرطیسہ نے فوراً یوناف کے شانے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ ”ہرگز نہیں، میں تو خود چاہتی ہوں کہ روفاش کا خاتمہ ہو یہ میری بھی خواہش ہے اور روفاش کے خاتمے پر تو مجھے اپنے ایک بدترین دشمن سے نجات مل

Scanned by CamScanner

جائے گی۔"

